اسباق
اصلاحِ معاشرہ

منجانب

عارف الرحمٰن

P.O Box - 6216
LAHORE - PAKISTAN

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 1 تا 10

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر1

- اچھاانسان وہی ہے جس کی سوچ تعصب سے بالاتر ہو۔
- نیک عمل خود بخود انسان کو قابل تعریف بنا دیتا ہے۔
- بُرا نہ ہونا بھی نیکی ہے۔
- اپنے آپ کو خوبصورت بنانے کے ساتھ خوب سیرت بھی بناؤ۔
- نیک انسان کی خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کو حتی الامکان رسوا نہیں کرتا۔
- عزت واحترام راست بازی کے صلہ میں حاصل ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر2

- اچھائی کی توقع ہمیشہ اچھوں ہی سے کی جاتی ہے۔
- اللہ تعالیٰ کا پیارا وہ ہے جو کسی کو تکلیف نہ دے۔
- سب سے بہتر خوشبو انسان کی نیک سیرتی کی ہے۔
- انسانی بہتری کے لیے کام کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔
- جب اچھے لوگ بے عملی اختیار کر کے اپنی انفرادی اچھائی پر قانع اور اجتماعی برائیوں پر ساکت ہو جائیں تو مجموعی طور پر پوری سوسائٹی کی شامت آجاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر3

- پوشیدہ گناہوں کا کفارہ پوشیدہ نیکیاں ہیں۔
- اچھے لوگ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔
- اگر قدر شناس نہ ملیں تو بھی اپنی نیکی کو بند نہ کرو۔
- سورج کی طرح اپنی شخصیت بناؤ جو کرنیں بکھیرتا ہے۔
- جس آسانی سے اچھائی سے برائی کے راستے پر چلا جا سکتا ہے اسی آسانی سے برائی کو چھوڑ کر اچھائی کے راستے پر قدم بڑھائے جا سکتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر4

- دین دار شخص پرسکون رہتا ہے۔
- حسن بغیر نیکی کے ایسا پھول ہے جس میں خوشبو نہ ہو۔
- اچھا وہی ہے جو اچھے کام کرتا ہے۔
- محبت ان سے رکھو جو نیکی کر کے فراموش کر دیتے ہیں۔
- نیکی اور بدی کوئی چھپی ہوئی چیز نہیں کہ انہیں کہیں سے ڈھونڈ کر نکالنے کی ضرورت ہو، وہ انسان کی جانی پہچانی چیزیں ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر5

- صرف نیک ہی نہ بنو بلکہ نیکی بھی کیا کرو۔
- شرافت سے بڑی کوئی طاقت نہیں۔
- اسلام کا پیغام ہے خود نیک بنو کہ اولاد بھی نیک اٹھے۔
- نیکی کی ہوائیں تیز چل رہی ہوں تو شیطان اڑ جاتے ہیں۔
- جب اچھے لوگ کم ہوں تو ان کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔
- نیک انسان نیکی کے کام کرنے سے پہلے ہی اس میں لذت پاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر6

- ایسی نیکی کرو جس سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فیض پہنچے۔
- ہر انسان کی قیمت اس کی خوبیاں ہیں۔
- نیک کام کرتے وقت کسی مذہب یا فرقے کا خیال نہ کرو۔
- جو شخص طاقت کے دنوں میں نیکی نہیں کرتا وہ بڑھاپے میں سختی اٹھاتا ہے۔
- انسان کے لیے اتنا جاننا کافی ہے کہ اس دنیا میں نیکی سے راحت ملتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر7

- اچھے لوگوں کی اچھائیاں اپنا لو نہ کہ میرے انسانوں کی برائیاں۔
- نیک عمل وہ ہے جو لوگوں کی تعریف کی توقع سے بے نیاز ہو کر کیا جائے۔
- دوزخ سے نجات چاہتے ہو تو خلق اللہ کی خدمت کرنے کو اپنا شعار بناؤ۔
- دنیا میں نیک کام کر کے مر جانا آبِ حیات پینے سے زیادہ بہتر ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر8

- جب نیکی تمہیں مسرور کرے اور برائی افسردہ کرے تو تم مومن ہو۔
- دوسروں کا بھلا کرتے ہوئے تم یہ یقین رکھو کہ تم اپنا ہی بھلا کر رہے ہو۔
- نیک آدمی خوشبو کی طرح ہوتا ہے اس لیے اس کا ذکر ہر جگہ ہوتا ہے۔
- جب انسان نیک ہو جاتا ہے تو اس کا ہر عمل بھی بذات خود ایک نیکی بن جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر9

- دنیا میں صرف دو مذہب ہیں، نیک اور بد۔
- اس بھائی چارگی میں کوئی خوبی نہیں جس میں ایک دوسرے کی مدد نہیں کی جاتی۔
- ہر روز کم از کم ایک اچھا کام ایسا کرو جو کسی کے دکھی چہرے پر تبسم بکھیر دے۔
- جو شخص اپنی زندگی کو نیک کاموں میں بسر کرتا ہے وہ پھلدار درخت کی مانند ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر10

- مطمئن اور خوش رہنا چاہتے ہو تو راستی اور دیانت داری اختیار کرو۔
- جس طرح ایک چھوٹے سے دیئے کی روشنی بہت دور تک پھیلتی ہے اسی طرح اس دنیا میں بھلائی دور تک چمکتی ہے۔
- تمہاری زندگی کا وہ دن رائیگاں گیا جس دن ڈوبتے ہوئے سورج نے تمہیں کوئی نیک کام کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔
- گمراہیاں راستی کی راہ دکھانے سے ہی رک سکتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 11 تا 20

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی اور اچھائی — سبق نمبر 11

- حقوق العباد کی نفی کرنے والا ظالم ہے۔
- اصلی کارِ خیر یہ ہے کہ معاوضے کی تمنا کے بغیر دوسروں کی مدد کی جائے۔
- تاریکی کو کوسنے کی بجائے یہ بہتر ہے کہ ایک ننھا سا دیا ہی روشن کر دیا جائے۔
- جو شخص جتنا اچھا ہوتا ہے اس کے دشمن اور حاسد اتنے ہی ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 12

- کوئی آدمی پہلے سے کسی چیز کا ماہر نہیں ہوتا، محنت سے مہارت آجاتی ہے۔
- بے کار مت بیٹھو اس سے زندگی کی مشکلات بڑھتی ہیں۔
- بے کاری انسان کی صلاحیتوں کو زنگ آلود کر دیتی ہے۔
- جتنی محنت کرو گے اتنا صلہ پاؤ گے۔
- جس نے اپنی دیانت داری ہار دی اس کے پاس ہارنے کے لیے مزید کچھ نہیں بچتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 13

- دیانت دار آدمی کتنا ہی غریب کیوں نہ ہو اس کے باوجود وہ انسانوں کے درمیان ایک سلطان کا درجہ رکھتا ہے۔
- کام کرنے سے بوریت، بری عادات اور غربت جیسی برائیوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
- مصروف انسان کے پاس آنسو بہانے کے لیے وقت نہیں ہوتا۔
- کچھ حاصل کرنے کے لیے ہمہ وقت مصروفیت ضروری ہے۔
- کام میں کھیل تماشے سے زیادہ دل لگی ہوتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 14

- محنت تقدیر کا دایاں ہاتھ ہے۔
- جب تک تم کوشش نہ کرو تم نہیں جانتے کہ تم کیا کچھ کر سکتے ہو۔
- کام کرنے کے سلسلے میں یہ اصول اپنانا چاہیے کہ آج کرنے کی بجائے ابھی کر ڈالو۔
- بچوں کی تعلیم شروع کرتے وقت انہیں پہلا سبق دیانتداری کا دو۔
- قومی سطح پر بد دیانتی دور کرنے کا آسان نسخہ یہ ہے کہ قانون کو بے جھجک استعمال کیا جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 15

- اگر کوئی کام شروع کر دیا جائے تو مشکل نہیں رہتا اور کام خود بخود طریقہ کار سکھا دیتا ہے۔
- کرنے والے ہمیشہ اپنا کام آج کے دن کرتے ہیں اور نہ کرنے والے ہمیشہ اپنا کام کل کے دن پر ڈال دیتے ہیں۔
- اگر کچھ بننا چاہتے ہو تو ایک لمحہ بھی ضائع نہ کرو۔
- امانت اور دیانت کے لیے روپے کی نہیں مضبوط قوت ارادی کی ضرورت ہوتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 16

- کسی شخص نے جو چیز محنت کے ذریعہ حاصل کی ہے آپ اس کو خواہش کے ذریعہ حاصل نہیں کر سکتے۔
- وہ آدمی ہرگز غفلت کا شکار نہیں جو علم اور تدبیر کے ساتھ کوشش کرتا ہے۔
- ذہانت ایک ایسا نادر پودا ہے جو محنت کے بغیر نہیں اگتا۔
- جس عہدے اور خدمت کی تم میں قابلیت نہ ہو اسے ہرگز قبول نہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 17

- آپ خوش ہیں یا ناخوش۔ تکلیف سے بچنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ آپ مصروف رہیں۔
- محنت اور کامیابی لازم و ملزوم ہیں، جہاں محنت نہیں وہاں کامیابی کا وجود بھی عنقا سمجھو۔
- محنتی کے سامنے پہاڑ ٹکڑا اور سست کے سامنے ٹکڑ پہاڑ ہیں۔
- سب سے بڑی حق تلفی یہ ہے کہ مستحق لوگوں کو چھوڑ کر کسی غیر مستحق کی حاجت پوری کی جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 18

- مفلس وہ نہیں جس کے پاس کچھ نہیں بلکہ وہ ہے جو محنت نہیں کرتا یا کر نہیں سکتا۔
- محنت سے انسان کے جوہر کھلتے ہیں اور وہ مشکل سے مشکل کام کو آسانی اور خوبی سے انجام دے لیتا ہے۔
- کامیابی کا دارومدار آپ کی محنت پر ہے۔
- کاروبار میں سب سے بڑا اشتہار دیانت داری ہے۔
- دیانت دار شخص کی سب عزت کرتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 19

- محنتی اور ذہین آدمی کے لیے بہت کم باتیں ناممکن ہوتی ہیں۔
- محنت وہ سنہری سکہ ہے جس کے ذریعے سے ہمیں ہر شے جو ہمارے لیے ضروری ہے حاصل ہو سکتی ہے۔
- محنت ہی وہ کنجی ہے جو دولت کے دروازے کھولتی ہے۔
- سچائی و دیانت پر ڈٹ جاؤ اور آزمائش میں پورے اترو۔
- خدا کے ساتھ شرک کرنے کے بعد سب سے بڑا گناہ انسان سے مکر و فریب کرنا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق نمبر 20

- جو ایماندار ہے وہ کامیاب ہے۔
- دیانت دار آدمی کی رائے کڑوی ہوتی ہے۔
- خوش قسمتی کیا ہے، محنت کی اولاد ہے۔
- اگر کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہو تو مسلسل محنت کرتے رہو۔
- محنت وہ بنیاد ہے جس پر انسانی سماج قائم ہے۔
- وہی لوگ پاتے ہیں عزت زیادہ
  جو کرتے ہیں دنیا میں محنت زیادہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 21 تا 30

اِصلاحِ معاشرہ — نصب العین — سبق نمبر 21

- جو شخص کسی نصب العین کو مدنظر رکھ کر کوشش کرتا ہے اس کی محنت بارآور ہوتی ہے۔
- بے مقصد زندگی ایک ایسی کشتی ہے جس کے پتوار نہ ہوں۔
- جو شخص محض اپنے لئے زندہ ہے اس کا مقصد زندگی بہت گھٹیا ہے۔
- وہ آدمی جس کا کوئی نصب العین نہیں وہ ایک ایسا مسافر ہے جس کی کوئی منزل نہ ہو۔
- مقصد سے شدید لگن محنت کا شدید جذبہ پیدا کر دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — وقت کی قدر — سبق نمبر 22

- وقت کا ضیاع سب سے بڑی اور سب سے مہنگی فضول خرچی ہے۔
- سب سے بڑے چور وہ ہیں جو آپ کا وقت ضائع کرتے ہیں۔
- عقلمند انسان وہ ہے جو اپنے وقت کا صحیح استعمال کرے۔
- پابندی وقت بہت بڑی بات ہے۔
- وقت ضائع کرتے وقت یہ یاد رکھنا چاہئے کہ وقت بھی آپ کو ضائع کر رہا ہے۔
- جو شخص وقت کی قدر نہیں کرتا، وہ کوئی بھی اقتدار حاصل نہیں کر سکتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — وعدہ — سبق نمبر 23

- کبھی کوئی ایسا وعدہ نہ کرو جسے پورا نہ کر سکو۔
- بڑے کام کرو بڑے وعدے نہ کرو۔
- انسان کو صاف گو اور حق گو ہونا چاہئے۔ جھوٹے وعدوں سے اپنا دامن صاف رکھنا چاہئے۔
- وعدہ بھی ایک قرض ہے اگر قرض ادا کرنا ضروری ہے تو وعدہ پورا کرنا بھی ضروری ہے۔
- اگر تم آسمانوں میں مشہور ہونا چاہتے ہو تو وعدہ کا ایفا کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کامیابی و کامرانی — سبق نمبر 24

- زندگی میں کامیابی کا راز یہ ہے کہ ہمیشہ پندرہ منٹ پیشتر اپنے کام پر موجود رہا جائے۔
- مظبوط قوت ارادی رکھنے والے لوگ ناکامی کا منہ کم ہی دیکھتے ہیں۔
- عالم علم کے سہارے سے اور جاہل سازش کے سہارے سے کامیابی حاصل کرتا ہے۔
- جس شخص کے پاس صحت، قابلیت، دیانت، محنت، استقلال اور ہمت عالی ہو اس کی ترقی یقینی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کامیابی و کامرانی — سبق نمبر 25

- آج کا کام کل پر نہ چھوڑو، زندگی کبھی کامیاب نہ بن سکے گی۔
- شکست نہ کھانے والا ارادہ، پریشان نہ ہونے والا خیال اور ختم نہ ہونے والی جدوجہد۔ یہ کامیابی کے ضامن ہیں۔
- اگر سرپرستوں کی امداد ہی ترقی کا ذریعہ ہوتی تو کبھی کسی امیر کا بیٹا نالائق نہ ہوتا اور غریب کا بیٹا لائق نہ ہوتا۔
- انسان کامیاب ہونے کیلئے پیدا کیا گیا۔ مگر اپنی غفلت سے وہ اپنے آپ کو ناکام بنا لیتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کامیابی و کامرانی — سبق نمبر 26

- کامیابی کا انحصار قسمت پر کم اور عقل و محنت پر زیادہ ہے۔
- اس دور جدوجہد میں تین چیزیں کسی نوجوان مرد یا عورت کے بہتر مستقبل کی ضامن ہو سکتی ہیں۔ اچھے طور طریقے، اچھا انداز گفتگو اور مطالعہ کی عادت۔
- اپنی زندگی کو اپنے انداز کے مطابق بسر کرنے کے قابل ہو جانا ہی کامیابی ہے۔
- کامیاب انسان بننے کیلئے احساس ذمہ داری ضروری ہے۔
- کامیابی کا راز اپنے کام سے محبت میں پوشیدہ ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کامیابی و کامرانی — سبق نمبر 27

- بڑی کامیابی قوت ارادی، مسلسل محنت اور پر اعتمادی سے حاصل ہوتی ہے۔
- زندگی میں کامیابی عزم اور ارادے کی بدولت حاصل ہوتی ہے نہ کہ فقط خیالات سے۔
- نیک نیتی سے کوشش کرو اس سے تمہاری زندگی خوشحال ہو جائے گی۔
- مسلسل جدوجہد کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔
- محنت کے بغیر کامیابی حاصل کرنے کی تمنا رکھنا ایسا ہے کہ کاشت کئے بغیر ہی فصل کاٹنے اور سمیٹنے کی دھن میں رہنا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر 28

- ایمان کے بعد افضل ترین نیکی خلق کو آرام دینا ہے۔
- جب انسانیت کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے تو دکھ، افلاس اور ظلم و جبر کا دور دورہ ہو جاتا ہے۔
- انسان کی شرافت اور قابلیت اس کے لباس سے نہیں اس کے کردار اور فعل و گفتار سے ہوتی ہے۔
- خدا کے ساتھ محبت کا دعویٰ اس وقت تک غلط ہے جب تک آپ انسانوں کے ساتھ محبت کو اہم نہیں سمجھتے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر 29

- انسانیت کے بغیر انسان کا وجود قائم نہیں رہتا۔
- اگر تمہیں دوسروں کی تکلیف کا احساس نہیں ہے تو تم اس قابل نہیں کہ تمہیں انسان کہا جائے۔
- ہر شخص کا فرض ہے کہ اپنی ذاتی صلاحیتوں کا رخ انسانیت کی بہبود کی جانب پھیر دے۔
- انسانی ہمدردی خدا کی دین ہے۔
- نہ تو تم وحشی بنو نہ دیوتا بلکہ انسان بنو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر 30

- مقام حاصل کرنا ہے تو نسل انسانی کے سچے خیر خواہ بنو۔
- بے کار ہے وہ انسان جس میں انسانیت نہ ہو۔
- انسان کی زندگی کا مقصد انسانیت کی خدمت کرنا ہونا چاہئے۔
- انسانیت کی خدمت کیلئے کوئی بھی طریقہ کار اپنایا جا سکتا ہے۔
- جس شخص میں انسانیت نہیں اس کا کوئی مذہب نہیں۔
- بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کے دل کے اندر اتر کر ان کے دکھ کا اندازہ کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 31 تا 40

اصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر31

- کسی قوم کی دولت سونا چاندی نہیں بلکہ قابل انسان ہوتے ہیں۔
- جینے کی خواہش ہے تو اچھے انسان بن کر جیو۔
- جس انسان میں انسانیت نہیں وہ صرف جانور ہے۔
- وہ شخص بڑا ہی خوش نصیب ہے جو مرنے سے پیشتر نوع انسانی کے حالات بہتر کرنے میں کوئی کردار ادا کر جائے۔
- انسانیت کی بہتری کیلئے کچھ کئے بغیر ہی زندگی کا دور گزار جانا شرمندگی کی بات ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر32

- انسانیت کی مدد نہ کرنے والا انسان کہلانے کا مستحق نہیں۔
- دوسروں کے غم سے بے خبر رہنے والا آدمی نہیں ہوسکتا۔
- انسانیت کی خدمت کرنا اور وہ بھی بے لوث انسانیت کی معراج ہے۔
- عوام میں نیک نامی حاصل کرنے کیلئے دولت سے زیادہ انسانیت کی ضرورت ہوتی ہے۔
- جو شخص انسانوں کے حقوق ادا کرسکتا ہے وہ خدا کے حقوق ادا کرنے کا بھی اہل ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر33

- موقع اور وقت پر احسان وسلوک کرنا ہی انسانیت ہے۔
- کچھ لوگوں میں انسانیت اور دوستی نام تک کو نہیں ہوتی۔
- اگر تم انسان ہو تو دلوں کو فتح کرنے کا فن سیکھو۔
- سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے انسانوں کی سب سے زیادہ خدمت کی۔
- جو اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ انسانیت کی خدمت میں ہی فلاح ہے، کامیابی اس کے دروازے پر دستک دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — انسان، انسانیت — سبق نمبر34

- مخلوق کے ساتھ محبت کرنا یہ ہے کہ تم ان کی خیر خواہی کرو۔
- مذہب انسانیت کا دوسرا نام ہے۔
- شریف انسان کی تعریف یہی کافی ہے کہ وہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا۔
- انسان ہو کر ایسے کام نہ کرو جن سے انسانیت کا دامن داغدار ہو جائے۔
- انسان فطرتاً نیک ہے، غلط تربیت اور نا مساعد حالات اسے برا بنا دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق، خلوص — سبق نمبر35

- اخلاق وہ قوت ہے جس سے بدترین دشمن بھی زیر ہو سکتا ہے۔
- اگر تم اپنا کردار عظیم بنانا چاہتے ہو تو پہلے اپنے اخلاق کو عظیم بناؤ۔
- خلوص کی اپنی اہمیت ہے اگرچہ انسان کو پیدا ہی بھائی چارے اور رواداری کیلئے کیا گیا ہے۔
- اپنا اخلاق ہر صورت میں بلند رکھو۔ ہر مذہب یہی سکھاتا ہے۔
- اخلاق کی دولت حاصل کرنے والا انسان کبھی مفلس نہیں ہوتا۔
- مخلص شخص کو ٹھکرانا خوش نصیبی ٹھکرانے کے مترادف ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق، خلوص — سبق نمبر36

- خوش اخلاقی زندگی کی جنگ میں سب سے بڑا ہتھیار ہے۔
- خوش اخلاقی پر کچھ خرچ نہیں ہوتا لیکن اس کا منافع بہت زیادہ ہے۔ خلوص اور سچائی کی بنیاد پر قائم کئے گئے تعلقات پیار و محبت کا باعث بنتے ہیں۔
- حسن اخلاق سے زندگی راحت و آرام سے بسر ہوتی ہے۔ اس کو سب شعائر پر مقدم رکھو۔
- اپنے اخلاق سنوارو کیونکہ دوست اخلاق سے بنتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق، خلوص — سبق نمبر37

- بہترین لوگ وہ ہیں جو اچھے اخلاق کے مالک ہیں۔
- ہر دانا اور اچھا شخص مخلص ہوتا ہے۔
- ایک دوسرے سے پرخلوص انداز سے ملنے جلنے سے ہی محبت پیدا ہوتی ہے۔
- دنیا کی تمام خبیث روحوں میں خبیث ترین روح اس شخص کی ہے جس میں خلوص نہ ہو۔
- جو شخص بد خلق ہو جاتا ہے اس کے غم بڑھ جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — خوش مزاج، بدمزاج — سبق نمبر38

- خوش مزاج آدمی ٹوٹے ہوئے دل کی دوا ہے۔
- خوش مزاج شخص وہ ہے جو دوسروں کو خوش مزاجی عطا کرے۔
- جو شخص خوش مزاج نہیں اس کو دکان نہیں کھولنی چاہئے۔
- خوش خلقی ایک ایسا پھول ہے جس کی خوشبو سے سب لوگ کھنچے چلے آتے ہیں۔
- خوش مزاجی سے امن وسلامتی حاصل ہوتی ہے اور خوش مزاج آدمی دوسروں کے دل میں جگہ پاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — خوش مزاج، بدمزاج — سبق نمبر39

- خوش گفتار و خوش مزاج شخص سب کا دوست ہوتا ہے۔
- جو بدمزاج ہے وہ کبھی سکون کی حالت میں نہیں ہوتا۔
- بشاش انسان تمام دن کام کرسکتا ہے اور تھکان محسوس نہیں کرتا لیکن مردہ دل انسان ذرا کام کر کے اکتا جاتا ہے۔
- بدمزاج اپنوں میں بھی اجنبی ہوتا ہے اور خوش مزاج کو اجنبی بھی اپنا سمجھتے ہیں۔
- خوش مزاج آدمی امن اور سلامتی سے رہتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — خوش مزاج، بدمزاج — سبق نمبر40

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کہ کیا میں تمہیں وہ آدمی نہ بتاؤں جس کو آگ پر حرام کیا گیا اور جس پر آگ حرام ہے۔ وہ نرم کلام، نرم مزاج، نرم خو اور نرم طبعیت آدمی ہے۔
- بدمزاج آدمی ہمیشہ ٹھوکریں کھاتا اور محتاج رہتا ہے۔
- خوش مزاج بننے کیلئے ضروری ہے کہ خوشگوار ماحول میں پرورش پائی ہو۔
- خوش اخلاقی ایک ایسی خوشبو ہے جو میلوں سے محسوس کی جاسکتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 41 تا 50

اِصلاحِ معاشرہ — علم، تعلیم — سبق نمبر41

- آپ کے پاس جتنا زیادہ علم ہوگا قسمت بھی اتنی اچھی ہوگی۔
- علم حاصل کرنے سے سوچ کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔
- علم ایسی خوشبو ہے جو انسان کے ذہن کو ہمیشہ معطر رکھتی ہے۔
- جو لوگ تم سے زیادہ علم رکھتے ہیں ان سے علم حاصل کرو اور جو کم علم ہیں ان کو اپنا علم سکھاؤ۔
- علم یہ ہے کہ جو اچھی بات سنو لکھ لو، جو لکھوا سے یاد کر لو، جو یاد کرو وہ دوستوں تک پہنچانے کی کوشش کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم، تعلیم — سبق نمبر42

- تعلیم کا مقصد مثالی انسان کی تکمیل ہے۔
- وہ علم بے کار ہے جو انسان کو کام کرنا تو سکھائے لیکن زندگی گزارنے کا سلیقہ نہ سکھائے۔
- علم سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں اور جہالت سے بڑھ کر کوئی غربت نہیں۔
- علم ایک ایسا پودا ہے جسے دماغ کی سرزمین میں لگانے سے عقل کے پھول لگتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم، تعلیم — سبق نمبر43

- علم وہ ہے جس سے تمہیں راہ حق کا پتہ چلے۔
- جن لوگوں نے نہ علم حاصل کیا نہ کوئی خوبی حاصل کی وہ صرف نام ہی کے آدمی ہیں بلکہ وہ دراصل زمین پر بوجھ ہیں۔
- علم حاصل کرنے سے اگر اچھائی اور برائی کی تمیز پیدا نہ ہو تو وہ علم لاحاصل ہے۔
- جس طرح چاند کے بغیر رات ویران ہوتی ہے اسی طرح علم کے بغیر ذہن ویران و بیکار رہتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم، تعلیم — سبق نمبر44

- گھروں میں دولت سے چراغاں ہوتا ہے اور دماغوں میں علم سے۔
- تعلیم کے ذریعے انسان کی شخصیت نکھرتی ہے اور کردار کی تشکیل ہوتی ہے۔
- علم ایک ایسی روشنی ہے جو بھٹکے ہوئے انسانوں کو صحیح راستے پر لے آتی ہے۔
- علم سے آدمی کی وحشت اور دیوانگی دور ہو جاتی ہے۔
- ہمارا رویہ یہ ہونا چاہئے کہ ہمارے سیکھنے کے شوق کی کبھی تسکین نہ ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم، تعلیم — سبق نمبر45

- دنیا میں سب سے بڑی بدبختی جہالت اور علم سے محرومی ہے۔
- علم سے بیزاری جہالت کو جنم دیتی ہے۔
- جس نے علم حاصل نہ کیا وہ یتیم ہے۔
- اگر کوئی چیز مقدار میں زیادہ ہو جائے تو اس کی قیمت گھٹ جاتی ہے لیکن اگر علم زیادہ ہو جائے تو اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔
- لگن سے علم حاصل کرو۔ لگن کی کمی سے علم کھو جاتا ہے۔
- جہاں تک ہو سکے علم حاصل کرو کہ یہی کامرانی کا پیش خیمہ ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر46

- بچے کی جیسی تربیت کی جائے وہ ویسا بن جاتا ہے۔
- ماں باپ کا طرز زندگی سب سے موثر ذریعہ تعلیم ہے۔
- اپنی اولاد کو ایمانداری کا پہلا درس دینا ہی ان کی تعلیم و تربیت کا آغاز ہے۔
- بچے تنقید کی بجائے تقلید سے زیادہ سیکھتے ہیں۔
- جو والدین اپنے بچے کی تربیت کو قدرت پر چھوڑ دیتے ہیں وہ انسانیت کے مجرم ہیں کیونکہ وہ اپنی ذمہ داری سے پہلوتہی کرتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر47

- کوئی والد اپنے بیٹے کو اچھے اخلاق سے بہتر عطیہ نہیں دے سکتا۔
- والدین کی نیکیاں اور برائیاں بچوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔
- بچوں کی صحیح تعلیم و تربیت سب سے اچھی سرمایہ کاری ہے۔
- اخلاقی تربیت سے محروم بچے میں نیک بننے کے امکانات بہت کم رہ جاتے ہیں۔
- یتیم وہ نہیں جو والدین کے سائے سے محروم ہو گیا بلکہ یتیم درحقیقت وہ ہے جو اخلاقی نگرانی سے محروم رہا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر48

- اپنے بچوں کو راست بازی کا فن سکھاؤ یہ ایک خوبی ان کیلئے خوشیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔
- بچے کی تعلیم کا سب سے پہلا سبق یہ ہے کہ اسے ضدی اور خودغرض نہ بنائیں۔
- بچے کیلئے کھیل کود اتنی ہی ضروری شے ہے جتنی ایک پودے کیلئے سورج کی روشنی۔
- بچے وہ پھول ہیں جو عدم توجہ سے مرجھا جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر49

- باپ کا کوئی عطیہ بیٹے کیلئے اس سے بڑھ کر نہیں کہ اس کی تعلیم و تربیت اچھی کرے۔
- ایک باپ کی کامیابی کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ بچے اس کے آنے سے خوش ہوتے ہیں یا جانے سے۔
- بچے سے ایسا سلوک کریں کہ وہ بھی ایک انسان ہے یا انسان بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
- غیر ذمہ دار بیٹی غیر ذمہ دار بیوی ثابت ہوتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر50

- جس کو بچپن میں انسانیت نہ سکھاؤ گے بڑے ہو کر اس میں بھلائی نہ ہوگی۔
- بچے کو بات بات پر ٹوکو گے تو اس کیلئے بہترین پناہ گاہ کام میں ہاتھ نہ ڈالنا ہوگی اور آخرکار وہ نکما اور غیر ذمہ دار کہلائے گا۔
- سب سے بہتر وراثت جو آئندہ نسلوں کیلئے چھوڑی جا سکتی ہے وہ اچھا چال چلن، بلند کردار ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 51 تا 60

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر 51

- اپنے بچوں کو نیکی کی راہ دکھاؤ وہ اس پر چل کر خوش رہیں گے ورنہ اگر وہ نیک نہ بنے تو دولت کے انبار بھی انہیں خوشی نہ دے سکیں گے۔
- انسان نے جیسا بننا ہوتا ہے بچپن میں اس کی بنیاد پڑ جاتی ہے۔
- تربیت تعلیم کے بغیر بھی ایک قیمت رکھتی ہے۔
- نیک اولاد وہ سرمایہ ہے جو ہمیشہ ہی کام آتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تربیت — سبق نمبر 52

- اولاد کا کردار ماں باپ کی تربیت کا اشتہار ہوتا ہے۔
- نیک جوان اولاد خدا کا سب سے بڑا عطیہ ہے۔
- ماں بچے میں وہ انسانیت پیدا کر سکتی ہے جو کوئی پادری، پروہت اور پیشوا پیدا نہیں کر سکتا۔
- باپ کا کردار سو سکول ماسٹروں سے بڑا کردار ہوتا ہے۔
- بعض اوقات بچے کے بگڑنے کی وجہ ناقص یا گھٹیا مدرسہ ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خطرناک غلطیاں — سبق نمبر 53

- اس خیال میں مست رہنا کہ میں ہمیشہ تندرست خوبصورت اور توانا ہی رہوں گا۔
- اس نیت سے عیب کرنا کہ صرف دو چار مرتبہ کر کے چھوڑ دوں گا۔
- اپنا راز کسی دوسرے کو بتا کر اس کے پوشیدہ رکھنے کی درخواست کرنا۔
- ہر ایک انسان کے متعلق ظاہری صورت دیکھ کر رائے قائم کرنا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خطرناک غلطیاں — سبق نمبر 54

- کسی کام کو ادھورا چھوڑ کر دوسرے وقت پر مکمل کرنے کی امید رکھنا۔
- اپنی آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا اور کسی خدائی عطیہ کی امید رکھنا۔
- آزمائے ہوئے کو دوبارہ آزمانا اور ہر شیریں زبان کو دوست سمجھ لینا۔
- ہر ایک سے بدی کرنا اور خود آرام میں رہنے کی توقع رکھنا۔
- اپنے آپ کو سب سے زیادہ عقلمند اور لائق تصور کرنا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ضمیر — سبق نمبر 55

- ضمیر حق اور راستی کا دوسرا نام ہے۔
- زندگی ہر شخص کو عزیز ہے لیکن باضمیر انسان کے لیے عزت زندگی سے بھی عزیز ہے۔
- نیک آدمی کو ضمیر کی آواز زیادہ پریشان کرتی ہے۔
- جب کسی فرد کو احساس ہوتا ہے کہ اس کا کوئی فعل معاشرے کے افراد کی نظروں میں مذموم سمجھا جائے گا تو وہ اسے کرنے سے ہچکچاتا ہے۔ یہی ضمیر کی آواز ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ضمیر — سبق نمبر 56

- جسے اپنا ضمیر نہیں روکتا اسے کوئی نصیحت کرنے والا بھی نہیں روک سکتا۔
- ضمیر بے داغ ہو تو انسان کو کسی سے بھی خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔
- حقیقی خوشی اس وقت ہوتی ہے جب انسان کا ضمیر مطمئن ہو۔
- آپ جب رات کو سونے کے لیے لیٹیں تو آپ کا ضمیر صاف، روشن اور مطمئن ہونا چاہیے۔
- خیر و شر کا احساس ہی ضمیر ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ضمیر — سبق نمبر 57

- زندگی کا سب سے بڑا نقصان موت نہیں بلکہ سب سے بڑا نقصان زندہ انسان میں ضمیر کی موت کا واقع ہو جانا ہے۔
- جب ضمیر ملامت کرنا بند کر دے تو سمجھ لو کہ انسانیت کا جنازہ اٹھ گیا ہے۔
- ہر شخص اپنے ضمیر کو جوابدہ ہے سوائے بے حس شخص کے۔
- ضمیر کی آواز کبھی مدھم نہیں ہونے دینی چاہیے۔
- ضمیر کی عدالت دنیا کی سب سے بڑی عدالت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کردار — سبق نمبر 58

- کسی قسم کے حالات میں بھی انسان کو اپنا اچھا کردار نہیں بدلنا چاہیے۔
- اپنے کردار کو اتنا بلند کر لو کہ چھوٹی چھوٹی تکلیفیں تمہیں متاثر نہ کر سکیں۔
- اچھا کردار ہی کامیاب زندگی کا سنگ بنیاد ہے۔
- اپنے آپ کو پہچاننے کے لیے عام آئینوں کا سہارا مت لو بلکہ کردار کے آئینے میں خود کو پرکھو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کردار — سبق نمبر 59

- کردار صاف ستھرا ہونے کے ساتھ ساتھ چمکدار بھی ہونا چاہیے۔
- کردار بلند ہو تو انسان نامساعد حالات میں بھی سربلند رہتا ہے، ناامید ہو کر شکست قبول نہیں کرتا۔
- اچھا چال چلن فخر و انبساط کی کیفیت پیدا کرتا ہے۔
- جب تم بڑوں میں بیٹھو تو ان سے کچھ سیکھو اور جب تم چھوٹوں میں بیٹھو تو ان کو کچھ سکھلاؤ۔
- نیک کام کرتے وقت مذہب و ملت کا خیال نہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — حق بات، سچ — سبق نمبر 60

- جھوٹ تمام گناہوں کی ماں اور سچ سب برائیوں کا علاج ہے۔
- یاد رکھو فتح طاقت کی نہیں بلکہ صداقت کی ہوتی ہے۔
- سچا آدمی مل جائے تو اس کو غنیمت سمجھو۔
- سچے لوگوں کے چہروں پر بہار کی سی تازگی اور جھوٹوں کے منہ پر خزاں کی سی پژمردگی چھائی ہوتی ہے۔
- جب دل میں سچائی ہو تو کردار بلند ہو جاتا ہے، کردار کے بلند ہونے سے آدمی عظیم ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 61 تا 70

اِصلاحِ معاشرہ — حق بات، سچ — سبق نمبر61

- ہمیشہ سچ بولو تا کہ تمہیں قسم کھانے کی ضرورت نہ پڑے۔
- سچائی کامیابی کا سبب اور جھوٹ رسوائی کا موجب ہے۔
- دل کا سکون صرف اور صرف سچائی سے ملتا ہے۔
- سچا شخص اگر کسی مصلحت کے تحت جھوٹ بھی بولے تو لوگ اس کو سچ سمجھیں گے اور جھوٹا اگر سچ بھی بولے تو لوگ اس کو جھوٹ سمجھیں گے۔
- سچائی ایک بہت بڑی قوت ہے جو غالب آکر رہتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — افکار و اعمال — سبق نمبر62

- دلوں کو فتح کرنے کے لیے تلواروں کی نہیں بلکہ عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔
- جو شخص اپنی زندگی میں کوئی بھی کارنامہ انجام نہیں دیتا وہ اس دنیا میں نہ آنے کے مترادف ہے۔
- تعجب ہے اس شخص پر جو خود تو یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کو پسند کریں مگر اعمال ایسے کرتا ہے کہ لوگ اس سے نفرت کریں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — افکار و اعمال — سبق نمبر63

- جو کچھ آپ نے کرنا ہے وہ خیالی پلاؤ پکانے سے نہیں بلکہ عملی قدم اٹھانے سے ہوگا۔
- آدمی اپنے اعمال اور افعال ہی کی وجہ سے مشہور یا بدنام ہوتا ہے۔
- بہترین عمل دوسروں کو دینا ہے نہ کہ دوسروں سے لینا۔
- سب سے اچھا اور عملی شکر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے دوسروں کو بھی دو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر64

- کسی کو تکلیف نہ دو اس لیے کہ یہی سب سے بڑا گناہ ہے۔
- وہ انسان جو کوئی جرم (گناہ) کرتا ہے وہ اپنی روح کو داغدار کر لیتا ہے۔
- بدبخت ہے وہ شخص جو خود تو مر جائے مگر اس کا گناہ نہ مرے یعنی وہ ایسا برا کام شروع کر جائے جو اس کے مرنے پر بھی جاری رہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر65

- اچھا بننا مشکل اور برا بننا آسان ہوتا ہے۔
- تمام گناہ بھلائی سے لاعلمی کی وجہ سے ہیں۔
- برا آدمی برائی کے سوا تمہیں کیا دے سکتا ہے۔
- اگر لوگ مذہب کے ہوتے ہوئے بھی اتنے برے ہیں تو اگر مذہب نہ ہوتا تو پھر کیسے ہوتے۔
- لوگ برائیوں کا رونا روتے ہیں لیکن ان برائیوں پر قابو پانے کی جدوجہد نہیں کرتے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر66

- بدترین شخص وہ ہے جو توبہ کی امید پر گناہ کرے۔
- آدمی کے غلط رہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ اپنے غلط عمل کا بھی کوئی نہ کوئی جواز تلاش کر لیتا ہے۔
- کتنا برا ہے وہ انسان جو اس بات کی پرواہ ہی نہ کرے کہ لوگ اسے برا کہتے ہیں۔
- جس کے اخلاق خراب ہوتے ہیں لوگ اس کی موت کی خوشی مناتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر67

- گناہ ناسور ہے اگر ترک نہ کرو تو برابر بڑھتا رہتا ہے۔
- برے اعمال کا اعتراف اچھے کاموں کی ابتداء ہے۔
- برا آدمی کسی کے ساتھ نیک سلوک نہیں کرنا چاہتا بلکہ وہ ہر ایک کو اپنے جیسا خیال کرتا ہے۔
- بدی کرنے والا اگر اپنے کیے پر پشیمان نہیں ہوتا تو اسے یاد رہے کہ وہ بدی کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا۔
- لوگ برائی سے نہیں بلکہ برائی کے نتائج بد سے بچنا چاہتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر68

- انسان گناہ کر کے مومن رہ سکتا ہے بشرطیکہ گناہ کو گناہ سمجھے اور اس پر نادم ہو۔
- سب سے زیادہ مفلس اور تہی دست وہ ہے جس کے پاس اعمال صالح نہ ہوں۔
- اگر برائیوں کا انسداد کرنا چاہتے ہو تو خود کوئی ایسا کام نہ کرو جس کا شمار برائی کے زمرہ میں ہوتا ہو۔
- بدی کا راستہ روکو بھلائی کو راستہ مل جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر69

- لوگ بیماری کے ڈر سے غذا چھوڑ دیتے ہیں لیکن عذاب جہنم کے خوف سے گناہ نہیں چھوڑتے۔
- اس شخص سے بچو جو اپنی برائیاں لوگوں میں فخر سے بیان کرے۔
- نیک دل لوگ گائے کی مانند ہیں جو گھاس کھا کر بھی دودھ دیتی ہے اور برا سانپ کی مانند جو دودھ پلانے پر بھی ڈس لیتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر70

- جو گناہ کا مرتکب ہوا سے انسان سمجھو۔ جو گناہ کر کے اترائے اسے شیطان سمجھو۔
- گھٹیا باتیں مت سوچا کرو اپنے دل و دماغ کو صاف اور واضح رکھو ورنہ تمہارے اندر کا عظیم انسان مر جائے گا۔
- کتنے نادان ہیں وہ لوگ جو اس خیال سے گناہ کرتے ہیں کہ بڑھاپے میں تلافی کریں گے۔ بھلا ٹیڑھے درخت کو کون سیدھا کر سکتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 71 تا 80

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر71

- جو برا سوچتا ہے وہی برا کرتا ہے۔
- برائی کی فتح کے لیے صرف ایک چیز کی ضرورت ہوتی ہے کہ نیک لوگ کچھ نہ کریں۔
- کوئی ایسا کام چھپ کر بھی نہ کرو جس کے ظاہر ہونے سے شرمندگی حاصل ہو۔
- دوسروں کے شر سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنے شر سے دوسروں کو محفوظ رکھے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر72

- گناہ کو چھوٹا سمجھنا، اس پر ڈھیٹ ہونا، اس پر خوش ہونا، گناہ سے بھی زیادہ خطرناک چیزیں ہیں۔
- اس بات کی کوشش کرو کہ افعال بد کا تمہارے دل میں خیال تک نہ گزرے۔
- نفاق، غرور، خودستائی، غصہ، ضد اور جہالت، یہ صفتیں ان انسانوں کی ہیں جو شیطانی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔
- برائی یہ بھی ہے کہ تم برائی کو برائی نہ سمجھو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — برائی، گناہ — سبق نمبر73

- بدی کرنے والے سے میل جول رکھنا بدی پر راضی ہونا ہے۔
- کس قدر عجیب ہے یہ بات کہ آدمی کام دوزخیوں جیسے کرے اور تمنا جنت کی کرے۔
- حرام روزگار اگرچہ تمہارے گھروں اور جیبوں کو بھر دے گا لیکن تمہارے دلوں سے ایمان خالی کر دے گا۔
- جس شخص کے دل میں برائی سے کراہیت جنم لے وہی اصل انسان ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق نمبر74

- آپ کا انداز گفتگو آپ کی سب سے اہم پہچان ہے۔
- بعض لوگ حسین نہیں ہوتے لیکن اپنی میٹھی زبان سے دوسروں کا دل موہ لیتے ہیں۔
- کوئی شیشہ انسان کی اتنی حقیقی تصویر پیش نہیں کرسکتا جتنی اس کی بات چیت۔
- اپنی زبان سے صرف ایسی بات نکالو جو یا تو تمہیں یا پھر دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق نمبر75

- عقلمند بولنے سے پہلے اور بیوقوف بولنے کے بعد سوچتا ہے۔
- جس شخص نے اپنی زبان اور اپنے نفس کو قابو میں رکھا گویا اس نے سینکڑوں دلوں کو اپنے بس میں کرلیا۔
- زبان کو استعمال کرنے کے معاملہ میں جتنے محتاط رہو گے اتنے ہی کم مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔
- جس کی زبان درست ہوگئی اس کے سب اعمال درست ہوگئے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق نمبر76

- جب آپ کے پاس کہنے کو کچھ نہ ہو تو کچھ نہ کہو۔
- اچھی گفتگو اچھی ذہانت کی مظہر ہے۔
- بہترین گفتگو وہ ہے جو مختصر اور مدلل ہو۔
- قوموں کی ایک مصیبت یہ بھی ہے کہ ان میں ایسے افراد جنہیں کچھ کہنا چاہیے چپ رہتے ہیں اور جنہیں خاموش رہنا چاہیے وہ بولتے ہی رہتے ہیں۔
- زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے زیادہ خطرناک ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زندگی — سبق نمبر77

- زندگی کو یہ سمجھ کر بسر کریں کہ اس میں کچھ حصہ دوسروں کا بھی ہے۔ زندگی کے چند لمحے دوسروں کی بھلائی کے لیے وقف کر دینا بڑی نیکی ہے۔
- زندگی بغیر محنت کے مصیبت اور بغیر عقل کے حیوانیت ہے۔
- زندگی ایسی گزارنی چاہیے کہ ڈائری لکھتے وقت کچھ چھپانے کی ضرورت نہ پڑے۔
- زندگی قوم کے لیے وقف کردو ہمیشہ زندہ رہو گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زندگی — سبق نمبر78

- زندگی اتنی چھوٹی بھی نہیں ہوتی کہ انسان کو اچھے کام کرنے کا موقع نہ مل سکے۔
- زندگی خدا نے دی ہی صرف اس مقصد کے لیے ہے کہ اچھے اور تعمیری کام کیے جائیں۔
- جدوجہد و ہمت میں کامیاب زندگی کا راز مضمر ہے۔
- زندگی ایسی گزارو جس میں خلوص، محبت اور احساس کی فراوانی ہو تاکہ گزرے ہوئے لمحوں کا نقش تمہارے ذہن پر اچھا تاثر چھوڑے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زندگی — سبق نمبر79

- جو لوگ زندگی کو ایک مقدس فریضہ سمجھ کر بسر کرتے ہیں وہ کبھی ناکام نہیں ہوتے۔
- زندگی جب تک نیک کاموں کا ذریعہ نہ ہو شائستہ نہیں کہی جاسکتی۔
- کامیاب زندگی کے لیے شرط یہ ہے کہ آپ خوش مزاج اور پرعزم ہوں اور ہمیشہ زندگی کے روشن پہلو پر نظر رکھیں۔
- بے کار ہے وہ زندگی جو اعمال حسنہ کی پونجی سے محروم ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زندگی — سبق نمبر80

- اچھی زندگی کا مقصد انسانی مسرتوں میں اضافہ ہے۔
- اس انداز سے جینے کا تہیہ کرو کہ جس نے تمہیں ستایا وہ نادم ہو جائے اور اسے خود احساس ہو کہ اس نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے۔
- زندگی کی خوشحالی ہمارے خیالوں کی خوبی پر منحصر ہے۔
- اپنی زندگی بھلائی کے لیے وقف کردو۔
- اچھی زندگی کا مطلب مسلسل محنت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 81 تا 90

اِصلاحِ معاشرہ — کاروبار — سبق نمبر 81

- اچھا کاروبار وہی ہے جو گاہکوں کی بجائے دوست پیدا کرے۔
- خرید و فروخت میں قسم سے باز رہو۔
- حساب کتاب رکھو مگر سخت گیر نہ بن جاؤ۔
- وہ شے بیچنے کی کوشش نہ کرو جسے لوگ خریدنے کی خواہش نہ کریں۔
- کاروبار میں سب سے بڑا اشتہار دیانت داری ہے۔
- جھوٹ بولنے سے رزق میں تنگی آتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھوٹ، کذب — سبق نمبر 82

- آدمی کو جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ سنی سنائی بات بغیر تحقیق کے آگے بیان کر دے۔
- خود فریبی میں مبتلا شخص کو ہر لحہ جھوٹ کا سہارا لینا پڑتا ہے۔
- جھوٹے انسان کو دوہرے نقصان سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ لوگ اس کی باتوں پر یقین نہیں کرتے اور وہ لوگوں پر یقین نہیں کرتا۔
- جھوٹ کا سر اکہیں نہ کہیں جا کر پکڑا ہی جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھوٹ، کذب — سبق نمبر 83

- بہت قسمیں کھانے والا بہت جھوٹ بولتا ہے۔
- جھوٹا شخص ساری انسانیت کا مجرم ہوتا ہے۔
- سب سے پاکیزہ کمائی ان تاجروں کی ہے جو لین دین میں جھوٹ نہیں بولتے۔
- چور اور جواری توبہ کر لیتے ہیں لیکن کوئی جھوٹا سچ نہیں بول سکتا۔
- جھوٹا شخص سب سے زیادہ اپنے آپ کو نقصان پہنچاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھوٹ، کذب — سبق نمبر 84

- غصہ عقل کو کھا جاتا ہے، جھوٹ رزق کو کھاتا ہے۔
- جھوٹ بولنے والے کا سچ بھی جھوٹ ہوتا ہے۔
- جھوٹ ایک لعنت ہے اور اس سے بچنا ضروری ہے۔
- جھوٹ مت بولو اس سے تمہارا وقار گھٹ جائے گا۔
- یہ کہنا کہ لوگ ایسا کہتے ہیں، آدھا جھوٹ ہے۔
- ایک جھوٹ بولنے سے اجتناب کا مطلب سو بار جھوٹ بولنے سے نجات۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 85

- احمق کی عقل اس کی زبان کے پیچھے اور دانا کی زبان اس کی عقل کے پیچھے ہوتی ہے۔
- یا آدمیوں کی طرح سوچ کر بولو یا چوپایوں کی طرح چپ بیٹھے رہو۔
- کوڑے کی مار انسان کے جسم پر پڑتی ہے لیکن زبان کی مار روح کو توڑ پا دیتی ہے۔
- بغیر سوچے سمجھے جواب کبھی نہیں دینا چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 86

- ایسی باتیں منہ سے نہیں نکالنی چاہئیں جن کی وجہ سے بعد میں پچھتانا پڑے۔
- جو شخص اپنی عظمت کا ڈھول بجاتا ہے وہ ڈھول کی طرح اندر سے خالی ہوتا ہے۔
- بدکلامی کے بعد پچھتاوا ہوتا ہے۔
- سخت کلامی آگ کا وہ شعلہ ہے جو ہمیشہ کے لیے داغ چھوڑ جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 87

- سکون سے رہنا چاہتے ہو تو زبان کو زحمت کلام کم سے کم دو۔
- بے قابو زبان ڈنک بن جاتی ہے کبھی کسی کے لیے اور کبھی اپنے لیے۔
- دو باتیں خلاف عقل ہیں۔ بولنے کے وقت چپ رہنا اور چپ رہنے کے وقت بولنا۔
- زبان وہ درندہ ہے کہ چھوڑ دو تو کاٹ لے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 88

- ایک خوبی ایسی ہے کہ اگر کسی شخص میں موجود ہو تو اس کے تمام عیب چھپ جاتے ہیں، وہ خوبی ہے زبان پر قابو۔
- زیادہ باتونی شخص پڑھنے کی طرف کم توجہ دیتا ہے۔
- زبان کو استعمال کرنے کے معاملہ میں جتنے محتاط ہو گے اتنے ہی کم مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔
- بولنے اور بات کرنے میں کیا فرق ہے؟ بیوقوف بولتا ہے عقلمند بات کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 89

- طویل گفتگو دیوانگی اور مختصر گفتگو حکمت کی دلیل ہے۔
- باتونی خلوص اور محبت سے عاری ہوتا ہے۔ اس کے پیش نظر اپنا ذاتی مفاد رہتا ہے۔
- بدزبان تعلیم یافتہ شخص کی صحبت سے خوش اخلاق جاہل کی صحبت بدرجہا بہتر ہے۔
- تلوار کا زخم تو مندمل ہو سکتا ہے مگر زبان کے لگے ہوئے چرکے ناسور بن کر رستے رہتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر 90

- زبان اپنی مٹھاس سے دشمن کو دوست اور اپنی تلخی سے دوست کو دشمن بنا دیتی ہے۔
- زبان گوشت کا کمزور لوتھڑا ہے لیکن مار دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
- وہ شخص جس کی زبان کٹی ہو اور کسی کونے میں بہرا گونگا پڑا ہو اس شخص سے اچھا ہے جس کی زبان اس کے قابو میں نہ ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 91 تا 100

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر91

- لوگوں میں سے وہ شخص زیادہ برا ہے جس کی بدگوئی سے بچنے کے لیے لوگ اسے ملنا چھوڑ دیں۔
- مصیبت آدمی کے کلام کے ساتھ وابستہ ہے۔
- گلے اور شکوے کرنے سے جہاں تک ممکن ہو پرہیز کرو۔
- تلخ لہجہ تلوار کا اثر رکھتا ہے۔
- باتونی انسان عملی انسان نہیں ہوتا۔
- زیادہ بولنے سے انسان کی عقل مفلوج ہوجاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چرب زبان زبان درازی — سبق نمبر92

- کچھ لوگ کم سوچتے ہیں اور زیادہ بولتے ہیں۔
- کم عقل زیادہ بولنے کے بعد گھاٹے میں چلے جاتے ہیں اور پھر پچھتاتے ہیں۔
- اگر آپ کے پاس کافی علم ہے تو ضرور بولیں اور عقل کا تقاضا یہ بھی ہے کہ دوسروں کی بات سننے کی عادت بھی اپنائیں۔
- اپنی زبان سے اپنی خوبیاں بیان مت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بحث، دلائل — سبق نمبر93

- جہاں تک ہو سکے کسی سے بحث نہ کرو۔
- ایک غیر ضروری بحث کسی بھی عزیز ترین دوست رشتہ دار کو جدا کر سکتی ہے۔
- اپنے سے مختلف خیالات رکھنے والے کو خوشگوار انداز کے ساتھ دلائل سے قائل کرو نہ کہ زور اور شور سے۔
- مخالف کو بھی نرمی سے سمجھاؤ۔ قلب کی فطرت ہی ایسی ہے کہ وہ محبت سے رام ہو سکتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بحث، دلائل — سبق نمبر94

- نااتفاقی اور تکرار میں سب سے پہلے سچائی کا گلا گھونٹا جاتا ہے۔
- اگر لوگوں کو ہم خیال بنانا چاہتے ہو تو اپنے خیالات کو لطیف انداز میں پیش کرو۔
- تبادلہ خیال علم حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔
- جنٹلمین وہ آدمی ہوتا ہے جو دوسروں سے اس خوبصورتی سے اختلاف کرتا ہے کہ وہ اس کی بات کا برا نہیں مانتے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بحث، دلائل — سبق نمبر95

- لاجواب کرنا اچھا ہے اور قائل کرنا اس سے بھی اچھا۔
- سمجھدار لوگ بحث نہیں کرتے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ سوائے آپس میں رنج پیدا ہونے کے اس سے مفید نتیجہ برآمد نہیں ہوا کرتا۔
- زوردار الفاظ اور تلخ کلامی کمزور استدلال کی دلیل ہے۔
- سمجھدار آدمی اپنی بیوی کے ساتھ بحث میں کامیابی حاصل نہیں کرتے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بحث، دلائل — سبق نمبر96

- دانا لوگ احمقوں سے کبھی تکرار نہیں کرتے۔
- چاہے تم سڑک پر جا رہے ہو یا بحث کر رہے ہو جہاں سرخ بتی نظر آئے رک جاؤ۔
- کسی سے فضول بحث کرنے کی بجائے بہتر ہے کہ دوسروں کے معقول دلائل کو غور سے سنا جائے۔
- دنیا کی دو چیزوں سے پرہیز کرو۔ ایک تو کسی جاہل سے دشمنی کرنا اور دوسرے کسی ان پڑھ سے بحث کرنا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شک — سبق نمبر97

- جو شخص ہر چیز کو بے یقینی کی نظر سے دیکھتا ہے وہ موقع ملنے پر ہیرے کو بھی پتھر سمجھ کر پھینک دیتا ہے۔
- جو بدفطرت ہوتے ہیں شک ان کا اوڑھنا بچھونا ہوتا ہے۔
- جس دروازے سے شک اندر آتا ہے محبت و اعتماد اس دروازے سے باہر نکل جاتے ہیں۔
- بدگمانی کو اپنے اوپر غالب مت آنے دو ورنہ تمہیں دنیا میں کوئی دوست اور ہمدرد نہ مل سکے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غصہ — سبق نمبر98

- وہ شخص سچ مچ عقل مند ہے جو غصہ کی حالت میں بھی بری بات منہ سے نہیں نکالتا۔
- جس کی طبیعت میں غصہ زیادہ ہو وہ اکثر غم اور مصیبت میں مبتلا رہتا ہے۔
- غصہ ہمیشہ حماقت سے شروع ہو کر ندامت پر ختم ہوتا ہے۔
- کسی کے غصے میں کہے ہوئے الفاظ مت بھولو۔
- ایماندار غصہ بھی جلد ہوا کرتا ہے اور راضی بھی جلد ہوا کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نفرت — سبق نمبر99

- وہ شخص کیوں کر آپ سے پیار کر سکتا ہے جس کو آپ پیار نہیں کرتے کیونکہ دونوں انسان ہیں۔
- کینہ رکھنے سے اپنے ہی دل کے زخم ہرے رہتے ہیں۔
- بغض و کینہ اس طرح پیدا ہو جاتا ہے جس طرح محبت ہو جاتی ہے۔
- سب سے زیادہ کینہ اس شخص کے دل میں ہوتا ہے جو بہت جھگڑے، بکھیڑے اور مباحثے کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھگڑا — سبق نمبر100

- جھگڑے میں کودنا آسان ہے لیکن نکلنا بہت مشکل۔
- یہ جھگڑے ہی ہیں جن کے باعث ہم اپنی عبادات ضائع کر دیتے ہیں۔
- انسان کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ وہ اپنی آدھی زندگی تنازعات میں گزار دے۔
- جھگڑے بھی بچوں کی طرح ہوتے ہیں ان کو پالتے رہو تو یہ بڑے ہو جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 101 تا 110

اِصلاحِ معاشرہ — جھگڑا — سبق نمبر 101

- ہمیشہ جھگڑے کے پہلو سے گریز کرنا چاہیے۔
- کسی سے اس طرح جھگڑا نہ کرو کہ مصالحت کی گنجائش ہی نہ رہے۔
- جو بات مسائل پیدا کر رہی ہو اسے ختم کر دینے میں ہی بہتری ہے۔
- جس گھر میں بھائی چارہ نہیں اور افراتفری رہتی ہے وہ گھر آج نہیں تو کل برباد ہو جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھگڑا — سبق نمبر 102

- جھگڑے اکثر غلط فہمی سے شروع ہوتے ہیں۔
- جو شخص اپنا بکرا حاصل کرنے کے لیے مقدمہ بازی کرتا ہے وہ اپنی گائے کھو دیتا ہے۔
- جھگڑا بہت زیادہ بڑھ جائے تو پھر یاد تک نہیں رہتا کہ معاملہ کیا تھا۔
- آدمی کی عزت اس میں ہے کہ جھگڑے سے باز رہے لیکن بے عقل چیمپئر چھاڑ جاری رکھتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھگڑا — سبق نمبر 103

- جھگڑے اور مقدمہ بازی سے دور ہی رہنا چاہیے۔
- جھگڑے کو پیشتر اس کے کہ تیز ہو جائے، چھوڑ دو۔
- معمولی بات پر الجھ پڑنا کتوں اور بلیوں کی نشانی ہے۔
- لڑاکا کے چار کان یعنی لڑنے والی عورت ہر طرف اپنی نگاہ اور ہر بات پر دھیان رکھتی ہے تاکہ لڑنے کے لیے کوئی نہ کوئی بہانہ مل جائے۔
- پرانے حساب نئے جھگڑے پیدا کرتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قسمت، تقدیر — سبق نمبر 104

- وہ جو دوسروں پر انحصار کرتے ہیں ان کی تقدیر پھوٹ جاتی ہے۔
- قسمت کی دیوی باہمت لوگوں پر ہی مہربان ہوتی ہے۔
- قسمت کردار سے بنتی ہے۔
- محنت کی چابی سے ہی قسمت کا تالا کھلتا ہے۔
- جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ تقدیر ہی سب کچھ ہے زندگی میں ہمیشہ ناکام رہتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قسمت، تقدیر — سبق نمبر 105

- بدقسمتی ایک بہتان ہے جو ناسمجھوں کی طرف سے لگایا جاتا ہے۔
- دوسروں کے غموں کو خوشیوں میں تبدیل کر دینا ہی اصل خوش قسمتی ہے۔
- بے ادبی کرنے سے بدنصیبی آتی ہے۔
- اچھی تدبیر قسمت کا رخ بدل دیتی ہے۔
- تقدیر پر یقین رکھو اور تدبیر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑو۔
- اپنی عادتیں تبدیل کر لو۔ قسمت خود بخود بدل جائے گی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ملازم — سبق نمبر 106

- اگر تم اچھے نوکر کی تلاش میں ہو تو پہلے اچھا مالک بننے کا فن سیکھو۔
- ستائے ہوئے ملازم کو جب بھی موقع ملتا ہے وہ اپنا حساب صاف کر لیتا ہے۔
- اچھا ملازم وہ ہوتا ہے جس کا معاوضہ بھی اچھا ہوتا ہے۔
- سرکاری ملازم بننے کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ خود کو رشوت خور بھی ضرور بنا لیا جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ملازم — سبق نمبر 107

- اگر ملازم کا خیال نہیں رکھو گے تو وہ اپنا خیال خود رکھنے لگے گا۔
- دوسروں سے جو کام لینا چاہتے ہو تو اس طرح لو کہ وہ خوش ہو کر کام کرے۔
- نوکر سے دوستانہ اور مشفقانہ انداز تو ضرور ہونا چاہیے لیکن بے تکلفانہ نہیں ہونا چاہیے۔
- اپنے ملازم سے راز کہنا اسے مالک بنانے کے مترادف ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 108

- تین آدمی قابل رحم ہیں۔ نمبر 1۔ وہ نیک دل جو کسی بد کے تابع ہو۔ نمبر 2۔ وہ صاحب عقل جس کا آقا جاہل ہو۔ نمبر 3۔ وہ سخی جو کسی کا دست نگر ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے بے شمار عقائد ہوں مگر وہ پھر بھی مذہب پر عمل نہ کرے۔
- قابل رحم ہے وہ شخص جو اچھی باتوں، اچھے لوگوں اور اچھی راہوں سے چڑتا ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 109

- قابل رحم ہے وہ قوم جو بے شمار فرقوں اور برادریوں میں بٹ جائے اور ہر چھوٹے سے چھوٹا فرقہ اور برادری اپنے آپ کو ایک پوری قوم سمجھنے لگے۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کا دانشور اومڑی ہو جس کا فلاسفر شعبدہ باز ہو اور جس کا آرٹ نقالی ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جو ذات برادری کی تقسیم کو مذہب کی طرح مقدس سمجھتی ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 110

- قابل رحم ہے وہ قوم جو محتاجوں کی سی زندگی بسر کر رہی ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس میں غریب سسک سسک کر جیتے ہوں اور تڑپ تڑپ کر مرتے ہوں۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جہاں غنڈہ گردی بہادری کا پیمانہ بن گئی ہو۔
- قابل رحم ہے وہ شخص جس کے مشورہ دینے والے جاہل ہوں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 111 تا 120

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 111

- قابل رحم ہے وہ قوم جو غنڈے کو ہیرو بنائے۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس قوم کو قوم بنانے کی کوشش ہی نہ کی گئی ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے افراد کا زندہ رہنا بہت مشکل ہو گیا ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے گنتی کے کچھ افراد کے سوا باقی سب افراد کی زندگی ایک دکھ بھری داستان ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 112

- قابل رحم ہے وہ قوم جہاں انسانیت بستر مرگ پر اور قانون وانصاف عالم نزاع میں ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا اصول چل رہا ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جہاں مخلوق تو مٹے جا رہی ہو لیکن عادلانہ نظام کی کوئی امید پیدا نہ ہو رہی ہو۔
- عدل کے بغیر ملک ویران اور اجاڑ ہو جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قابل رحم — سبق نمبر 113

- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے حکمران اپنے عوام کو پسماندہ رکھنے کی سازش کر چکے ہوں۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے مسائل کا حل ڈھونڈنے والے ابھی پیدا ہی نہ ہوئے ہوں۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس کے بے شمار افراد اپنی قوم کی ترقی کے بجائے اپنی موت کی دعائیں مانگنے پر مجبور ہو چکے ہوں۔
- جس معاشرہ میں عدل نہیں ہوگا اس میں کبھی استحکام نہیں آ سکتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ہمدردی — سبق نمبر 114

- ہمدردی سے ہی ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔
- ہمدردی ایک ایسی طلائی چابی ہے جو دوسروں کے دلوں میں چاہت کے دروازے کھول دیتی ہے۔
- دنیا میں سب سے زیادہ ہمدرد اس شخص کے ہوتے ہیں جو خود دوسروں سے ہمدردی کا برتاؤ کرتا ہے۔
- انسان کی اس سے بڑی بدبختی اور کیا ہے کہ اسے کسی کے ساتھ نیکی کرنے کا موقع ملے اور وہ نہ کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ہمدردی — سبق نمبر 115

- لوگوں سے اس طرح میل جول رکھو کہ اگر مر جاؤ تو لوگ تمہارے لیے روئیں اور زندہ رہو تو تم سے ملنا چاہیں۔
- زندگی کی جدوجہد میں جتنے زیادہ لوگوں کی ہمدردی اور مدد مل سکے تو جیت حاصل کرنے کے مواقع اتنے ہی بڑھ جاتے ہیں۔
- ہم اس دنیا میں ایک دوسرے کے مسائل کم کرنے کے لیے پیدا ہوئے ہیں۔
- ہمارے زندہ رہنے کا فائدہ ہی کیا ہے اگر ہم ایک دوسرے کے حالات کی تلخی کم نہ کر سکیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سخاوت — سبق نمبر 116

- سخاوت دشمنوں کے دلوں میں محبت پیدا کرتی ہے اور بخیل خود اپنی اولاد کو دشمن بنا دیتا ہے۔
- بخیل خواہ دولت مند ہو رسوا ہوگا اور سخی چاہے غریب ہو عزت دار ہوگا۔
- جو دروازہ غریبوں کیلئے نہیں کھلتا وہ ڈاکٹر کیلئے کھلتا ہے۔
- سخی کو سخاوت کرتے وقت جو خوشی ہوتی ہے اس کا اندازہ بخیل کبھی بھی نہیں کر سکتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سخاوت — سبق نمبر 117

- سخاوت وہ صفت ہے جو سخی کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑا انعام ہے۔
- اہل سخاء سے سوال کی ضرورت پیش نہیں آتی وہ حاجت مندوں کی از خود مدد کرتے ہیں۔
- بغیر سوال کے عطا کر دینا جوانمردی ہے۔
- یہ بھی سخاوت وبخشش میں شامل ہے کہ لوگوں پر ظلم نہ کیا جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 118

- اپنے وفادار دوست کے وفادار دوست بن جاؤ اور اس کی دوستی کا حق ادا کرو۔
- جہاں صداقت اور خلوص نظر آئے وہاں دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ ورنہ تنہائی بہتر ہے۔
- دوست کے دشمن اور دشمن کے دوست سے ہرگز دوستی نہیں کرنی چاہیے۔
- احسان کر کے بھول جانے والا ہی دوستی کے قابل ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 119

- جس شخص کے دوست بدکردار ہوں اس کو سانپوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- دوستی آپ کو یہ اختیار نہیں دیتی کہ آپ اپنے دوستوں کو برے لفظوں سے یاد کریں۔
- اس شخص سے دوستی کرو جو نیکی کر کے بھول جائے اور جو حق اس پر ہو وہ ادا کرے۔
- ایک زمانے کی پرکھ کے بعد ہی دوست دوست بنتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 120

- سچی محبت ایک نایاب شے ہے لیکن سچی دوستی اس سے بھی نایاب ہے۔
- یقین جانو کہ جس شخص کے گہرے تعلقات رکھنے والے دوست اچھے ہیں وہ خود بھی ضرور اچھا ہوگا۔
- دوست کی کبھی تضحیک نہیں کرنی چاہیے یہاں تک کہ ہنسی مذاق میں بھی نہیں۔
- صرف دوستی ہی وہ پھول ہے جس میں کانٹے نہیں ہوتے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 121 تا 130

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 121

- دوست وہ ہے جس کے پاس بیٹھ کر آپ کو حقیقی خوشی ہو اور آپ لطف اندوز ہوں۔
- جس طرح نئی چیزیں ہی بہترین خیال کی جاتی ہیں اسی طرح پرانے دوست ہی بہترین دوست ہوتے ہیں۔
- جس کو ایک مدت میں دوست بنائیں مناسب نہیں کہ اس کو ایک لمحہ میں رنجیدہ کر دیں۔
- ہر ایک شیریں زبان کو دوست سمجھ لینا غلطی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 122

- اپنے دوستوں کے انتخاب میں بہت ہوشیاری سے کام لو کیونکہ دوست زندگی کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔
- دوست کے غم کو اپنا غم اور دوست کی خوشی کو اپنی خوشی جاننا چاہیے۔
- جس سے دوستی کرو اس کی برائیاں نہ ہی سنو اور نہ ہی کسی اور سے کہو۔
- دوست کو آسانی سے کھویا جا سکتا ہے پایا نہیں جا سکتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 123

- ناقابل اعتماد دوستوں سے تنہائی بہتر ہے۔
- اچھا دوست کھو دینا خود کو کھو دینا ہے۔
- آپ کی ترقی میں جو امداد ایک سچا دوست دے سکتا ہے وہ کوئی اور نہیں دے سکتا۔
- اگر تمہارے دوست ایسے ہیں جو تمہاری غلط تعریف کی بجائے تمہیں تمہاری غلطیوں سے آگاہ کرتے ہیں تو تم عقلمند ہو کہ تم نے اچھے دوستوں کا انتخاب کیا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 124

- مخلص دوست اللہ تعالیٰ کی بہترین نعمت ہیں۔
- دوست وہی ہے جس پر یقین ہو۔
- اوباش یاروں والا بربادی کا منتظر رہے۔
- جو اپنے فرض کا دوست نہیں وہ کسی کا دوست نہیں ہو سکتا۔
- دوستوں کے ساتھ اتنا اخلاص رکھو کہ معمولی اختلاف پر زوال پذیر نہ ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق نمبر 125

- عقلمند کی دوستی اختیار کرو اس میں فائدے بہت ہیں۔
- انسان خود اچھا ہو تو اسے دوست بھی اچھے ملتے ہیں۔
- دوستی جتنی پرانی ہو اتنی ہی عمدہ اور مضبوط ہوتی ہے۔
- جس نے سچا دوست پا لیا اس نے بہشت کی نعمتوں میں سے ایک نعمت پا لی۔
- عقلمندوں کے نزدیک اپنوں سے وفا نہ کرنے والا دوستی کے قابل نہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق نمبر 126

- ممکن نہیں کہ آدمی جیسی صحبت میں بیٹھے ویسا ہی نہ بنے۔
- بدنیت لوگوں سے بچو کہ ان کی صحبت سے سوائے رنج کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔
- اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرو آپ کے افعال میں بھی ان کے افعال کا رنگ پیدا ہوگا۔
- کسی بے جان دیوتا کے آگے سو سال عبادت کرنے سے بہتر ہے کہ چند لمحے کسی حقیقی انسان کی صحبت میں گزار لو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق نمبر 127

- کسی بھی صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اور یہ اثر ہمیشہ غیر محسوس طریقہ سے سرایت کر کے رگ و پے میں اتر جاتا ہے۔
- نیک آدمی کی صحبت دل کو تر و تازہ کر دیتی ہے۔
- جو فاسقوں کے ساتھ نشست و برخاست رکھتا ہے وہ گناہ کرنے میں دلیر ہو جاتا ہے۔
- زیادہ سے زیادہ عالموں کی مجلس میں بیٹھو اور داناؤں کی باتیں غور سے سنو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق نمبر 128

- جو شخص بروں کی صحبت میں بیٹھتا ہے کبھی سکھ نہیں پاتا۔
- انسان کے لیے اچھی صحبت سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔
- دانا افراد کی صحبت امراض عقلی کے لیے حد درجہ مفید ہے۔
- جو شخص احمق کی صحبت میں رہے وہ بھی احمق بن جاتا ہے۔
- جس میں ذرا سی بھی بدعت ہو اس کے ساتھ بیٹھنے سے بچو کہ اس کی شامت تمہاری طرف لوٹے گی۔ ایک مدت کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق نمبر 129

- جو عالموں کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے وہ پرہیز گار بن جاتا ہے۔
- اچھی خوبیوں والے لوگوں کے ساتھ تعلق رکھو۔
- بروں کی صحبت اچھوں سے بدگمان کر دیتی ہے۔
- جو بدوں کی صحبت میں بیٹھے اگرچہ ان کی عادات اختیار نہ کرے برا ہی کہلائے گا۔
- جو کوئی دوسروں کا ادب نہیں کرتا، کوئی دوسرا بھی اس کا ادب نہیں کرتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — راز — سبق نمبر 130

- جو اپنا راز پوشیدہ رکھتا ہے وہ اپنی ساری دولت گویا اپنے قبضے میں رکھتا ہے۔
- جس راز کا چھپانا ضروری ہو اسے سچے دوست کے سامنے بھی نہ کہو کیونکہ اس کے بھی دوست ہوں گے اور وہ تمہارا راز انہیں بتا دے گا۔
- جب رازوں کے محافظ زیادہ ہو جائیں تو راز جلدی فاش ہو جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 131 تا 140

اِصلاحِ معاشرہ — عادات — سبق نمبر 131

- بری عادات کی طاقت کا اندازہ تب ہوتا ہے جب انہیں چھوڑنے کی کوشش کی جاتی ہے۔
- عادت انسان کے ماتحت نہیں ہوتی بلکہ انسان عادت کے ماتحت ہوتا ہے۔
- پہلے پہل عادتیں مکڑی کے جالوں کی طرح ہوتی ہیں پھر زنجیر بن جاتی ہیں۔
- ایک بری عادت اپنانے سے مزید بری عادتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عادات — سبق نمبر 132

- خراب عادتیں بھی اسی طرح بڑھتی اور پھولتی ہیں جیسے چشموں سے ندی اور ندی سے دریا۔
- عادت پر اگر کنٹرول نہ کیا جائے تو یہ جلد ضرورت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔
- عادت کی زنجیریں دیکھنے میں معمولی نظر آتی ہیں لیکن رفتہ رفتہ مضبوط ہو جاتی ہیں کہ تمام زندگی توڑے نہیں ٹوٹتیں۔
- بدعادات کا اپنانا آسان، نباہنا مشکل اور چھوڑنا ناممکن ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سُستی — سبق نمبر 133

- سستی ایسی دھیمی چال چلتی ہے کہ مفلسی جلد ہی اسے پکڑ لیتی ہے۔
- آج نہیں کل، یہ کاہلی اور ٹال مٹول سے کام لینے والوں کا نعرہ ہے۔
- جس طرح غیر مستعمل لوہا زنگ آلود اور ٹھہرا ہوا پانی گدلا ہو جاتا ہے اسی طرح کاہلی اور بے کاری دل کے تمام حوصلے پست کر دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سُستی — سبق نمبر 134

- نکمے پن، کاہلی اور بے عملی کو سرگرمی، دوڑ دھوپ اور مستعدی کی طاقتوں کی مدد سے اپنی زندگی سے مار بھگاؤ۔
- دس میں سے نو حصہ برائیاں اور تکالیف صرف سستی سے پیدا ہوتی ہیں۔
- کچھ لوگ کچھ کرنا نہیں چاہتے اور اس عادت کے باعث کچھ بن بھی نہیں پاتے۔
- سستی اور کاہلی کی زندگی قبل از وقت موت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سُستی — سبق نمبر 135

- ٹال مٹول کرنے والے وقت کے سب سے بڑے چور ہوتے ہیں۔
- کام چوری کی عادت ڈالنا خود پر ظلم کرنے کے مترادف ہے۔
- جو سستی کا شکار ہو جاتا ہے وہ انتہا درجے کا حاسد بھی بن جاتا ہے۔
- محنت میں عظمت ہے جبکہ کاہلی اپنے چاہنے والوں کو صرف محتاجی اور ذلت کا تحفہ پیش کرتی ہے۔
- زندگی بغیر محنت کے مصیبت اور بغیر عقل کے حیوانیت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غلطی — سبق نمبر 136

- غلطی کو غلطی جان کر بھی اس کی اصلاح نہ کرنے والا ایک اور غلطی کرتا ہے۔
- غلطیوں کو تسلیم کرنا کمزوری کی علامت نہیں ہوا کرتا۔ کیا ہم سب ہی غلطیاں نہیں کرتے؟
- جب بھی اپنی غلطی کا احساس ہو تو فوری طور پر اصلاح احوال کر لینی چاہیے کیونکہ انسان غلطیوں ہی سے سیکھتا ہے۔
- غلطی مان لینے سے آدمی کا ذہنی بوجھ کم ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غلطی — سبق نمبر 137

- اگر تم اپنی گزشتہ غلطیوں سے سبق حاصل نہیں کرتے تو تم بہتر زندگی نہیں گزار سکتے۔
- اگر تم اپنی غلطی کو تسلیم کر لو گے تو کبھی کسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو گے۔
- جو یہ نہ مانے کہ اس سے غلطی ہو گئی ہے وہ ایک غلطی کے بعد دوسری غلطی کرتا ہے۔
- اگر تم سیکھنا چاہو تو ہر غلطی تمہیں سبق دے سکتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نصیحت — سبق نمبر 138

- جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ سمجھ لے کہ اس کا دل ایمان سے خالی ہے۔
- تنہائی میں نصیحت کرنا شرافت ہے اور باعث اصلاح ہے جبکہ سب کے سامنے نصیحت رسوائی ہے۔
- ملامت کے لہجے میں نصیحت مت کرو۔
- دوسروں کے حال پر غور کرنے سے نصیحت حاصل ہوتی ہے۔
- اچھی باتوں کو قبول نہ کرنا بدنصیبی کی علامت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نصیحت — سبق نمبر 139

- جب برے اخلاق کے خلاف کوئی نصیحت کرتا ہے تو اس کا شکر گزار ہونا چاہیے۔
- نصیحتیں تو بہت سے لوگ سنتے ہیں لیکن ان سے فائدہ ذہین لوگ ہی اٹھا سکتے ہیں۔
- اولاد کو ان کی غلطی پر اس طرح نہ ٹوکو کہ انہیں ضد پیدا ہو جائے۔
- خوش نصیب ہے وہ جو دوسروں سے نصیحت پکڑے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عظیم — سبق نمبر 140

- دنیا کے عظیم لوگوں میں ایک قدر مشترک پائی جاتی ہے کہ وہ وقت ضائع نہیں کرتے۔
- ہر عظیم انسان اس متعصب اور تنگ نظر دنیا میں نیا خیال، نئی سوچ اور نیا انداز فکر لے کر آتا ہے۔
- کچھ لوگ پیدا ہی عظیم ہوتے ہیں اور کچھ اپنی جدوجہد اور کارناموں کی بدولت عظمت حاصل کر لیتے ہیں۔
- یہ قربانیاں ہوتی ہیں جو آدمی کو بڑا آدمی بناتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 141 تا 150

اِصلاحِ معاشرہ — عظیم — سبق نمبر 141

- جس طرح بڑی بڑی صداقتیں نہایت سادہ ہوتی ہیں اسی طرح بڑے بڑے آدمی بھی نہایت سادہ ہوتے ہیں۔
- درخت تمام گرمی خود برداشت کر لیتا ہے اور دوسروں کو سایہ فراہم کرتا ہے۔
- بڑا وہ ہے جو مصیبتوں میں گھر جانے کے باوجود سچائی کو نہ چھوڑے۔
- انسان خود عظیم نہیں ہوتا بلکہ اس کا کردار اسے عظیم بناتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عظیم — سبق نمبر 142

- عظیم انسان کی تعریف یہ ہے کہ وہ پہلے خود دوسروں کے لیے مثال بنتا ہے پھر دوسروں کو تقلید کی دعوت دیتا ہے
- انسان کی عظمت اس میں ہے کہ غرور نہ کرے اور باوجود بڑا ہونے کے اپنے آپ کو بڑا خیال نہ کرے۔
- خدا کی نظر میں وہ عظیم ہے جس کا کردار بلند ہے۔
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو بندہ درگزر سے کام لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عزت میں اضافہ فرماتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قوم — سبق نمبر 143

- قومیں درسگاہوں میں پروان چڑھتی ہیں اور اگر تباہ ہوتی ہیں تو وہیں تباہ ہوتی ہیں۔
- جب تک ہر شخص اپنے فریضہ کو ادا کرنے کا عزم نہ کرے قوم ترقی نہیں کر سکتی۔
- مہذب قومیں کبھی انسانیت اور اخلاق کے لبادے کو تار تار کر کے حیوانیت میں تبدیل نہیں ہوا کرتیں۔
- قومی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ بددیانتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قوم — سبق نمبر 144

- جس قوم میں غدار پیدا ہونے لگیں اس قوم کے مضبوط قلعے بھی مٹی کے گھروندے ثابت ہوتے ہیں۔
- یہ مت پوچھو کہ تمہارا وطن تمہارے لیے کیا کرے گا بلکہ یہ بتاؤ کہ تم اپنے وطن کے لیے کیا کرو گے۔
- اس قوم کی برائی کبھی ختم نہیں ہو سکتی جس کے رہنما بددیانت ہو جائیں۔
- جاہل قومیں آسانی سے ڈکٹیٹرشپ کے تابع ہو جاتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قوم — سبق نمبر 145

- جس قوم کی انسانی قدریں جتنی بلند ہوں گی وہ قوم اتنی ہی عظیم ہوگی۔
- جس قوم کے ادیب اور رہنما جتنے حساس اور باعمل ہوں گے وہ قوم اتنی ہی جلد غفلت سے اٹھ کر تازہ دم ہو کر قوموں کی دوڑ میں کوئی اچھا مقام حاصل کر لے گی۔
- جس قوم کا اچھا سوچنے والے کم ہوں انہیں تو ہر صورت موت آنے سے پہلے بہت کچھ کر گزرنا چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قوم — سبق نمبر 146

- اقوام کی قسمت اس کے افراد کے کردار پر مبنی ہوتی ہے۔
- کسی قوم میں باہمی احترام کے اٹھ جانے سے بڑا قحط اور کیا ہو سکتا ہے۔
- اقوام جن کی رہنمائی چھوٹے دماغوں، چھوٹے دلوں سے ہوتی ہے انہیں اپنے آپ کو صدموں آفتوں اور خاتمہ کے لیے تیار رکھنا چاہیے۔
- قوموں کے اچھے دن ان کے اچھے اعمال سے آتے ہیں۔
- جاہل قوم کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قوم — سبق نمبر 147

- ہر قوم کو ویسی ہی حکومت نصیب ہوتی ہے جس کی وہ مستحق ہوتی ہے۔
- جو قوم وقت کی قدر نہیں کرتی اور اس میں نظم و نسق کا فقدان ہو اس قوم کا ترقی کرنا مشکل ہے۔
- جب کوئی قوم مستقبل اور اپنی صلاحیتوں کی طرف سے مایوس ہو جائے، اپنے آپ پر اسے اعتماد نہ رہے تو وہ ذلت کی گہرائیوں میں گر جاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 ا
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سیاست — سبق نمبر 148

- حکومت کی خرابی تمام خرابیوں کی جڑ ہے۔
- معاشرے کی الجھنیں اور برائیاں انسانوں کی بری فطرت کے باعث پیدا نہیں ہوتیں بلکہ بری حکومتیں انہیں پیدا کرتی ہیں۔
- جہاں معیار دولت ہو وہاں عوام پر انصاف سے حکومت نہیں کی جا سکتی اور نہ ہی عوام خوشحال اور آسودہ ہو سکتے ہیں۔
- حکومت و اقتدار غلط طریقے سے استعمال ہو تو خدا کی لعنت ہے اور صحیح طریقے سے استعمال ہو تو اس کی بہت بڑی نعمت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سیاست — سبق نمبر 149

- اگر کسی قوم کو پرکھنا ہے تو اس قوم کے سیاستدانوں کے کردار کو پرکھو۔
- بددیانت لیڈر اپنی قوم کے حق میں جلاد سے بدتر ثابت ہوتا ہے۔
- جو حکومتیں اپنی ساری توانائی خود اپنے استحکام پر صرف کر دیتی ہیں اور عوام کو مستحکم نہیں کرتیں، عدم استحکام کا شکار ہو جایا کرتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سیاست — سبق نمبر 150

- بھیڑیا صفت لیڈر قوم پرستی کے نام پر اپنے مفادات کی خاطر قوم کی ہلاکت سے قطعی نہیں ہچکچاتا۔
- اگر سربراہ شیروں جیسا ہو تو بھیڑوں جیسی رعایا کو بھی فتح و کامرانی تک لے جاتا ہے لیکن اگر سربراہ بھیڑوں جیسا ہو تو وہ شیروں جیسی قوم کو بھی بھیڑ بنا دیتا ہے۔
- بہترین سیاست خدمت ہے۔
- اصول کے بغیر سیاست گناہ کبیرہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 151 تا 160

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر151 — سیاست

- تمہارے اچھے حاکم وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں اور برے وہ ہیں جنہیں تم برا سمجھو، تم ان پر لعنت بھیجو اور وہ تم پر۔
- مملکت کی باگ ڈور نیک، قابل اور انصاف پسند تربیت یافتہ دانشوروں کے ہاتھوں میں ہونی چاہیے۔
- جو شخص بھی اپنے وطن اور قوم کے لیے سوچتا ہے اسے حکومت کو تنقیدی نگاہ سے دیکھنے اور پرکھنے کا پورا حق حاصل ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر152 — ظلم، ظالم

- ظلم کی رات خواہ کتنی ہی لمبی کیوں نہ ہو سویرا ضرور ہوتا ہے۔
- حق کا پرستار کبھی ذلیل نہیں ہوتا چاہے سارا زمانہ اس کے خلاف ہو جائے۔ باطل کا پیروکار کبھی عزت نہیں پاتا چاہے چاند اس کی پیشانی پر نکل آئے۔
- جو چیز ظلم اور بے انصاف طریقے سے حاصل ہو وہ زہر کی مانند ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر153 — ظلم، ظالم

- انسانیت کے خلاف اٹھنے والے قدم کو ظلم کہا جاتا ہے۔
- جس کے گناہ بڑھ جاتے ہیں اس کا دل سخت ہو جاتا ہے اور جس کا دل سخت ہو جاتا ہے وہ دنیا کی برائیوں میں ڈوب جاتا ہے۔
- اپنی لمحہ بھر کی خوشی کے لیے دوسروں کے لبوں کی مسکراہٹ مت چھینو۔
- ظالم کے سامنے کوئی حجت نہیں چلتی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر154 — ظلم، ظالم

- اپنی خوشی کے لیے دوسروں کی خوشی کو خاک میں نہ ملاؤ۔
- جانوروں سے بھی پیار کرو اور ان پر ظلم مت کرو۔
- بعض بے حس لوگ اپنی خوشیوں کے لیے دوسروں کے ارمانوں کا خون کر دیتے ہیں۔
- ظلم وہی لوگ کرتے ہیں جو قدرت، قوت ثروت، امارت اور ریاست حاصل کرنے کے بعد خدا اور اس کے قانون کو بھلا دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر155 — ظلم، ظالم

- ظالم کی موت پر ملول ہونا بھی ظلم میں شامل ہے۔
- قیامت کے دن بدترین حالت اس شخص کی ہوگی جس نے اپنی دنیا بنانے کی خاطر دوسروں کی دنیا برباد کر ڈالی۔
- ایسے امیروں اور بادشاہوں سے جو ظالم اور فاسق ہوں میل جول نہ رکھو۔ ان کو سلام نہ کرو بلکہ ان کی طرف دیکھو تک نہیں۔
- ظالم مظلوم کی دنیا بگاڑتا ہے اور اپنی آخرت۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر156 — ظلم، ظالم

- ظلم پھر ظلم ہے بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے۔
- اپنا جائز حق لینے میں کبھی کوتاہی نہ کرو اور دوسروں کے حق غصب نہ کرو۔
- بدمعاش اور شریر آدمیوں کی حوصلہ افزائی کرنا درحقیقت بدخواہی ہے اور آئندہ نسلوں کے واسطے کانٹے بونا ہے۔
- انسان کی سب سے بڑی ذلت یہ ہے کہ وہ باطل کو طاقتور دیکھ کر اس کا ہاتھ بندھا غلام بن جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر157 — ظلم، ظالم

- ظالم آزاد ہیں اور مظلوم سے یہ مطالبہ کرنے کی خواہش ہے کہ وہ آنسو بہانے کے حق سے دستبردار ہو جائے۔
- جب وسائل والے لوگ نڈر ہو کر سماجی زیادتیاں کرنے لگتے ہیں تو بے چین لوگوں کی تعداد بڑھنے لگتی ہے۔
- مکاری ہمیشہ کے لیے غلبہ حاصل نہیں کر سکتی۔
- ظالم مکار ہوتا ہے، ذہین نہیں ہوتا۔
- جہاں ظلم ہو وہ ملک انسانوں کے رہنے کے قابل نہیں ہوتا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر158 — غرور

- اگر مٹانا چاہتے ہو تو تکبر کو مٹاؤ۔
- متکبروں کے پاس جا کر اپنی انسانیت کا خون مت کرو۔
- متکبر انسان ایک ایک کر کے سب سے نفرت کرتا جاتا ہے۔
- ''تکبر'' خوش پوشی اور اچھی حالت رکھنے کا نام نہیں بلکہ لوگوں کو حقیر جاننے کا نام ہے۔
- انسان پاگل نہ ہو تو غرور کے علاوہ اس کی ہر بیماری کا علاج ممکن ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر159 — غرور

- غصہ تھوڑی دیر کی اور غرور ہمیشہ کی دیوانگی ہے۔
- مغرور شخص کا کوئی دوست نہیں ہوتا۔
- کسی آدمی کو جب اس کی بساط سے زیادہ دنیا مل جاتی ہے تو لوگوں کے ساتھ اس کا برتاؤ برا ہو جاتا ہے۔
- دولت کے نشے میں مدہوش مغرور آدمی سب سے زیادہ دکھ غریبوں کو دیتا ہے۔
- نیکیوں پر مغرور ہونا ان کو برباد کر دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر160 — غرور

- دنیا میں وہی لوگ سربلند رہتے ہیں جو تکبر اور غرور کے تاج کو دور پھینک دیتے ہیں۔
- جب کسی کے زوال کے دن آتے ہیں تو غرور کا شکار ہو جاتا ہے۔
- جس میں عقل کی کمی ہوتی ہے وہی زیادہ تکبر کرتا ہے۔
- تکبر اور شرافت کا کوئی میل نہیں۔
- تکبر نے شیطان کو ذلیل کیا اور ہمیشہ کے لیے لعنتی ہوا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 161 تا 170

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر161 — غم، مصائب

- غموں کی مثال بچوں کی مانند ہے۔ یہ پرورش سے بڑے ہو جاتے ہیں۔
- کوئی شخص بھی دوسرے شخص کی مسرت یا غم کا صحیح اندازہ نہیں لگا سکتا۔
- غم کا بہترین علاج مصروفیت ہے۔
- اپنی مشکلات کو کم کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ تم دوسروں کی مشکلات کو کم کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر162 — غم، مصائب

- جو غم ماضی بن چکا، جو غم گزر چکا اس پر رنجیدہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایک نئے غم کو دعوت دے رہے ہیں۔
- غم اپنی شدت پر پہنچ کر مٹ جاتا ہے۔
- غم تمام بیماریوں کی جڑ ہے۔
- اگر آپ کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو غم بھی نہ دو۔
- مشکلات و مصائب سے دل شکستہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ دنیا میں کوئی شام ایسی نہیں ہوتی جس کی صبح نہ ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر163 — غم، مصائب

- اپنی زندگی کو دکھوں کی زنجیر میں مت جکڑو۔
- جس طرح لوہا زنگ خوردہ ہو کر بیکار ہو جاتا ہے اسی طرح غم و افکار سے دل و دماغ ماؤف ہو جاتے ہیں۔
- ذاتی پریشانی دور کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے کو کسی تعمیری اور ضروری کام میں مصروف رکھو۔
- مصیبت کا آگے بڑھ کر استقبال نہ کرو اگر وہ خود ہی آپ تک پہنچ جائے تو پھر ہمت کے ساتھ اس کا مقابلہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر164 — انتقام

- انتقام وحشیانہ انصاف کا دوسرا نام ہے۔
- انتقام کی آگ میں جلنے والا خود کو مسلسل جلاتا رہتا ہے۔
- انتقام کی آگ سے بچو، یہ وہ بدترین آگ ہے جو نسلوں کو ناپید کر دیتی ہے۔
- جو شخص انتقام کے طریقوں پر غور کرتا رہتا ہے اس کے زخم ہمیشہ تازہ رہتے ہیں۔
- غنڈہ گردی کو بہادری سمجھ لینے سے بڑی جہالت کوئی نہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر165 — کتابیں

- جس گھر میں کتابیں نہیں وہ اس جسم کی مانند ہے جس میں روح نہیں۔
- اچھی کتاب وہ ہوتی ہے جو حال اور مستقبل کے لیے بہترین دوست ثابت ہو۔
- نیکی کا سرچشمہ علم ہے اور برائی کا سرچشمہ جہالت ہے۔
- دوستوں کی طرح کتابوں کا انتخاب بھی پوری احتیاط اور توجہ سے کرنا چاہیے اور ہمیشہ اچھی کتابیں پڑھنی چاہئیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر166 — حسد

- حسد انسان کو یوں کھا جاتا ہے جیسے لوہے کو زنگ۔
- حسد ایک زہر ہے جس کا کوئی تریاق نہیں۔
- حسد یہ نہیں کہ کوئی چیز میرے پاس کیوں نہیں بلکہ حسد یہ ہے کہ کوئی چیز کسی دوسرے کے پاس کیوں ہے۔
- ہر حاسد بنیادی طور پر سست اور محنت سے جی چرانے والا آدمی ہوتا ہے۔
- اگر دل کا اطمینان چاہتے ہو تو حسد کی آگ میں جلنے سے پرہیز کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر167 — دولت

- بے کار ہے وہ دولت جو نیک کاموں میں خرچ نہ ہو۔
- دولت محنت سے حاصل ہوتی ہے، کفایت شعاری سے قائم رہتی ہے اور کوشش و استقلال سے بڑھتی ہے۔
- جو شخص قناعت اختیار کر لیتا ہے اسے کبھی کسی چیز کی پرواہ نہیں ہوتی اور اس پر کبھی دکھ کا سایہ نہیں پڑتا۔
- دنیا میں سب سے اچھا سوال یہ ہے کہ میں اس میں کیا نیکی کر سکتا ہوں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر168 — تحمل

- تحمل انسانی فطرت کی سب سے بڑی خوبی ہے۔
- ہم سب خطا کے پتلے ہیں اس لیے آیئے دوسرے شخص کی حماقت کو بھول جائیں۔
- خوددار انسان سچا، دیانت دار، اچھائی کا پیرو کار اور محنتی ہوتا ہے۔
- ہر کام کرنے سے پہلے سوچ لو اور وہ کام کرو جسے کرنے کے بعد پچھتانا نہ پڑے۔
- جو کام تم خود کر سکتے ہو، اس کے لیے دوسروں سے درخواست مت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر169 — خوبیاں

- کم گو، کم خور اور بے آزار ہمیشہ سلامت، خوش اور مصیبتوں سے محفوظ رہتا ہے۔
- عقلمند سوچ کر بولتا ہے اور بیوقوف بول کر سوچتا ہے۔
- کمزوروں کو کچھ دے نہیں سکتے تو ان کے ساتھ رحم و مہربانی ہی سے پیش آؤ۔
- عادت پر غالب آنا کمال فضیلت ہے۔
- عزت و احترام راست بازی کے صلہ میں حاصل ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر170 — نیکی کرو

- انسان کے لیے اتنا ہی جاننا بس کافی ہے کہ اس دنیا میں نیکی سے راحت ملتی ہے۔ اس لیے نیکی جو بھی کر سکتے ہو کرو۔
- جن ذرائع سے بھی کر سکتے ہو، کرو۔
- جس طرح بھی کر سکتے ہو، کرو۔
- جس کے ساتھ بھی کر سکتے ہو، کرو۔
- جب تک کر سکتے ہو، کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر SP-1 تا SP-8

اِصلاحِ معاشرہ — فحاشی — سبق نمبر SP-1

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "جولوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے گروہ میں فحاشی کی اشاعت ہو ان کیلئے دنیا میں بھی دردناک عذاب ہے اور آخرت میں بھی " (النور19)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گالی گلوچ — سبق نمبر SP-2

- مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس سے جنگ کرنا کفر ہے۔
- مسلمان کو گالی دینا شرع کے خلاف ہے اور اس سے لڑائی کرنا اسلام سے انکار کرنا ہے۔ (مشکوٰۃ)
- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! چار باتیں ایسی ہیں جس میں پائی جائیں وہ منافق ہے۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے ۔ وعدہ کرے تو پورا نہ کرے ۔ جھگڑے تو گالی دے اور معاہدہ کرے تو خلاف ورزی کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گالی گلوچ — سبق نمبر SP-3

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہوں میں سے ایک ہے اور اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ کوئی آدمی کسی کے ماں باپ کو گالی دے اور پھر وہ جواب میں اس کے ماں باپ کو گالی دے۔ تو گویا اس نے خود ہی اپنے ماں باپ کو گالی دی۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ تو اس پر کوئی ظلم کرتا ہے اور نہ ہی اسے گالیاں دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گالی گلوچ — سبق نمبر SP-4

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزوں اور زکوٰۃ کے ساتھ آئے گا اور اس کے ساتھ اس کے نامہ اعمال میں یہ بھی ہوگا کہ اس نے کسی کو گالی دی، کسی پر تہمت لگائی، کسی کا مال کھایا، کسی کا خون بہایا، کسی کو مارا۔ وہ سارے لوگ جو اسکا نشانہ بنے ان میں اسکی نیکیاں تقسیم کردی جائیں گی اور جب نیکیاں ختم ہوگئیں اور لوگوں کے حقوق باقی رہ گئے تو ان کی غلطیاں اس پر ڈال دی جائیں گی اور پھر اسے آگ میں ڈال دیا جائیگا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بدزبانی — سبق نمبر SP-5

- وہ آدمی ہرگز شریف کہلانے کا مستحق نہیں ہوسکتا جس کی زبان گندے اور ناپاک الفاظ سے ملوث وآلودہ ہو
- تمہاری زبان پر دو دروازے دانت اور ہونٹ اسلئے لگائے ہیں کہ تم بیہودہ باتوں سے زبان کو بند رکھو۔
- نبی کریم ﷺ نے فرمایا! خدا کے نزدیک بدترین آدمی قیامت کے دن وہ ہوگا جس کی بدزبانی اور فحش کلامی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بدزبانی — سبق نمبر SP-6

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قیامت کے دن مومن کے اعمال کے ترازو میں کوئی چیز خوش خلقی سے زیادہ وزنی نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ، بدگو، بدزبان کو بہت برا سمجھتا ہے۔
- شریف انسان کی پہلی شرافت شریفانہ گفتگو ہے۔ بات چیت میں سختی یا بدزبانی سے کام لینا ہرگز ہرگز شرافت نہیں۔
- زبان کی لغزش، پاؤں کی لغزش سے بہت زیادہ خطرناک ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بیہودگی۔ بدزبانی — سبق نمبر SP-7

- زبان کی حفاظت کرو۔ بیہودہ باتیں نہ کرو۔ بے ہودہ گو اور متکبر نہ بنو۔
- خوش کلامی اختیار کرو اور خندہ پیشانی سے پیش آؤ تو تم لوگوں کی نظروں میں اس شخص سے بھی زیادہ پسندیدہ ہو جاؤ گے جو ہر وقت ان کو انعام واکرام سے نوازتا ہے۔
- بدخلقی، بے صبری اور اکتاہٹ سے بچو کہ ان خصلتوں کے ساتھ تمہارے ساتھ کوئی چلنے کو آمادہ نہ ہوگا اور لوگ تم سے پہلوتہی کریں گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بیہودہ مذاق — سبق نمبر SP-8

- دوست کی کبھی تضحیک نہیں کرنی چاہئے، یہاں تک کہ ہنسی مذاق میں بھی نہیں۔
- بے ہودہ گوئی ترک کرو، دانا بن جاؤ گے۔
- ٹھہر ٹھہر کر سلیقے اور وقار کے ساتھ گفتگو کرو، جلدی اور تیزی نہ کرو، نہ ہر وقت ہنسی مذاق کرو، اس سے آدمی کی وقعت جاتی رہتی ہے۔
- اے مذاق اڑانے والو جلد تمہیں اپنا جواب بھی نظر آ جائے گا۔ یعنی اسی طرح تمہارا بھی مذاق اڑایا جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر SP-9 تا SP-16

اِصلاحِ معاشرہ — بیہودہ مذاق — سبق نمبر SP-9

- اپنے سے بڑے کے ساتھ مذاق نہ کرو۔
- آپس میں مذاق وٹھٹھہ نہ کیا کرو کہ اس طرح ہنسی ہنسی میں دلوں میں کدورت بیٹھ جاتی ہے اور برے افعال کی بنیادیں قلوب میں استوار ہو جاتی ہیں۔
- کبھی کسی بری بات سے زبان گندی نہ کرو۔ دوسروں کی برائی نہ کرو۔ دوسروں کی نقلیں نہ اتارو۔ کسی کی ہنسی نہ اڑاؤ۔ فقرے نہ کسو۔ کسی پر طنز نہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — فرمانبردار اولاد — سبق نمبر SP-10

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں والدین کے آداب:۔

- ان کو نام سے مت پکارو بلکہ ابا جان، اماں جان کہہ کر پکارو۔
- ان سے پہلے نہ بیٹھو۔۔۔ ان سے آگے نہ چلو۔
- چہرے کی بشاشت اور خندہ پیشانی سے بات کرو۔
- ناراض ہوئے بغیر ان کی بات کو قبول کرو۔
- ان سے نرمی سے بات کرو۔ اگر بھوک لگے تو کھانا کھلاؤ۔
- اگر کپڑے نہ ہوں تو کپڑے پہناؤ۔
- کھانے پینے میں ان سے سبقت نہ لے جاؤ۔
- ان کے لئے رحمت اور مغفرت کی دعا کرو۔
- ان کی خطاؤں کو درگزر کرو اور ان کو نرمی سے سمجھاؤ۔
- ان کی عزت اور ان کا احترام کرو۔
- ان کے سامنے تکبر سے پیش نہ آؤ اور نہ اونچی آواز میں بات کرو۔
- ایسے کام کرو جو ان کی خوشی کا سبب ہوں۔
- ان کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کر کے ان کی دعائیں لو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گستاخ نافرمان اولاد — سبق نمبر SP-11

- گناہ عظیم:۔ والدین کی نافرمانی، ایذا رسانی سخت گناہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے بڑے گناہوں کے بارے جب دریافت کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ!

1- خدا کے ساتھ شرک کرنا۔
2- ماں باپ کی نافرمانی و ایذا رسانی۔
3- کسی بندے کو ناحق قتل کرنا۔
4- جھوٹی گواہی دینا۔
5- انسان اپنی بیوی کی فرمانبرداری کرے اور ماں کی نافرمانی کرے، دوست کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے اور باپ کے ساتھ برا سلوک کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گستاخ نافرمان اولاد — سبق نمبر SP-12

- رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! تین آدمی ایسے ہیں جن کے نہ فرض کو اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں گے اور نہ نفل کو، والدین کا نافرمان، احسان جتلانے والا اور تقدیر کا منکر۔
- ماں باپ کے نافرمان پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کر دی ہے۔ والدین کی نافرمانی، قلت روزی اور ذلت و رسوائی کا سبب ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بچوں کی تربیت — سبق نمبر SP-16

بچے کی تربیت کا آغاز ماں کی گود سے شروع ہوتا ہے۔ اچھی مائیں بچے کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی تربیت کرتی ہیں۔ بچے میں نیکی کا جذبہ کم عمری میں پیدا ہو جائے تو بڑا ہو کر وہ انسانوں سے محبت کرنے لگتا ہے اور ہر اچھے برے کی تمیز کرنے لگتا ہے۔ بچوں کی تربیت کے لیے مندرجہ ذیل باتوں پر غور کریں۔

1۔ بچوں میں صاف ستھری سوچ اور نیکی کا جذبہ پیدا کریں۔ 2۔ گھر کا ماحول خوشگوار بنائیں۔ 3۔ بچوں کو بڑوں کی عزت اور چھوٹوں سے شفقت کا درس دیں۔ 4۔ بچوں میں انسانوں سے لگاؤ پیدا کرنے کے لیے ان کے دل میں باہمی محبت پیدا کریں۔ 5۔ بچوں کو گھر کے کام کاج مل جل کر کرنے کی ترغیب دیں۔ 6۔ بچوں کو سچ بولنے، والدین اور دوسرے بزرگوں کا احترام کرنے کی تربیت دیں۔ 7۔ بچوں کے اندر دوسروں کی مدد کا جذبہ ابھاریں۔ 8۔ بچوں کو آہستہ اور نرم روی سے بولنے کی عادت ڈالیں۔ 9۔ بڑے لوگوں کی زندگی کے رہنما اصول بتا کر بچوں کی زندگی سنوارنے کی کوشش کریں۔ ان باتوں پر عمل کر کے بچہ ایک امن پسند اور مفید شہری بن سکتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گستاخ نافرمان اولاد — سبق نمبر SP-13

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر گناہ کو اللہ تعالیٰ چاہیں تو معاف فرما دیں گے مگر والدین کی نافرمانی کو معاف نہیں فرماتے بلکہ اس کی سزا مرنے سے پہلے دنیا میں بھی ملتی ہے (مشکوٰۃ)
- افضل عمل: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ سب سے افضل عمل کون سا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا پھر والدین کی فرمانبرداری کرنا، پھر اللہ کی راہ میں جہاد۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گستاخ نافرمان اولاد — سبق نمبر SP-14

- رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! "جنت میں نہ تو وہ شخص داخل ہوگا جو کسی کے ساتھ بھلائی کر کے اس پر احسان جتلائے، نہ وہ شخص جو ماں باپ کی نافرمانی کرے اور نہ وہ شخص جو شراب نوشی کرے اور بغیر توبہ کے مر جائے" (نسائی داری)
- جو لوگ والدین کی خدمت سے کنارہ کشی کرتے ہیں وہ بہت ہی بد بخت ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گستاخ نافرمان اولاد — سبق نمبر SP-15

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

والدین کی لعنت ان کی اولاد کی جڑ کاٹ دیتی ہے جب وہ نافرمانی کرے۔ جس نے والدین کو راضی کیا سو اس نے اپنے رب کو راضی کیا اور جس نے اپنے والدین کو ناراض کیا پس اس نے اپنے رب کو ناراض کیا۔ جس نے اپنے والدین یا ان میں سے ایک کو پایا اور ان کی فرمانبرداری نہ کی تو وہ جہنم میں داخل ہوگا اور اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر S-3 S-5 S-6 S-7 S-8 S-9 S-11

اِصلاحِ معاشرہ — رزق حلال — سبق نمبر S-3

''جوخون اور گوشت حرام رزق پر پرورش پائے گا وہ جنت میں نہ جائے گا'' (آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم)

نوٹ: اپنے پیاروں کو ہمیشہ محنت اور ایمانداری سے کمایا ہوا رزق حلال کھلائیں تا کہ ان پر جنت کے دروازے بند نہ ہو جائیں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عہد نامہ۔شکرانہ — سبق نمبر S-5

اللہ تعالیٰ نے ہمیں زندگی دی اور لاکھوں نعمتوں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے پینے کو بے شمار قسم کی اشیا دیں۔ آرام، آسائش، آرائش اور تفریح کے ان گنت سامان مہیا کیے تا کہ ہم زندگی سے پورا لطف اٹھا سکیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بڑا اور کوئی حکم نہیں اس لیے ہمیں اللہ تعالیٰ کے احکام کا مکمل علم حاصل کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے عین مطابق زندگی گزارنی چاہیے اور کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہو۔ اور ہمیں ہر لمحے اللہ تعالیٰ کے احسانات کا شکر بجا لاتے رہنا چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کام چوری — سبق نمبر S-6

اگر آپ ڈیوٹی ٹائم میں زیادہ کام کر سکتے ہیں مگر نہیں کرتے، کام سست رفتاری سے کرتے ہیں یا حیلے بہانوں سے وقت ضائع کرتے ہیں تو پھر یہ کام چوری ہے اور آپ کا کمایا ہوا روپیہ حرام ہے۔

نوٹ: یاد رکھیں کہ حرام رزق کھانے سے گھر میں برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رشوت ستانی — سبق نمبر S-7

بدعنوانی۔ دغابازی۔ کام چوری

جو شخص رشوت، بدعنوانی، دغابازی اور کام چوری وغیرہ سے حرام کا روپیہ کماتا ہے وہ بدبخت یہ گناہ کر کے اپنے ہی ماں باپ، بہن بھائیوں، بیوی بچوں اور یاروں دوستوں پر ظلم کرتا ہے۔ کیونکہ قانون قدرت ہے کہ حرام کا روپیہ زہر بن جاتا ہے اور ہر وہ شخص جس پر حرام کا زہریلا روپیہ خرچ ہوتا ہے اس کا ضمیر مر جاتا ہے۔ اس کی شرم و حیا ختم ہو جاتی ہے، اس میں برائیاں اور بیماریاں پھوٹ پڑتی ہیں۔ وہ بدی کا سرچشمہ بن جاتا ہے، اس میں نیک کام کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے اور یوں جنت کے دروازے بھی اس پر بند ہو جاتے ہیں۔

اپیل:۔ ہمیشہ محنت اور ایمانداری سے کمایا ہوا روپیہ ہی اپنے پیاروں پر خرچ کریں۔ (شکریہ)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بری صحبت سے بچیں — سبق نمبر S-8

بری صحبت زہر سے زیادہ مہلک ہوتی ہے جس کا انجام ذلت، رسوائی اور بربادی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ اسی طرح نیک صحبت سینکڑوں برائیوں سے حفاظت کا ذریعہ بنتی ہے۔

انسان کو جس طرح نیکی کی ضرورت ہوتی ہے اس سے کہیں زیادہ نیک صحبت کی ضرورت ہوتی ہے اور جس طرح بدی سے بچنا ضروری ہے اس سے کہیں زیادہ بروں کی صحبت سے بچنا ضروری ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قاتل اور خونی لوگوں کا حشر — سبق نمبر S-9

معراج کے سفر میں آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گروہ کو دیکھا کہ فرشتے انہیں چھریوں سے بکروں کی طرح ذبح کر رہے ہیں اور ان کے حلقوم سے سیاہ رنگ کا نہایت بدبو دار خون نکل رہا ہے، یہ لوگ ذبح کرنے سے مر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت سے پھر زندہ ہو جاتے ہیں، پھر ذبح کیے جاتے ہیں، ان کی یہ دردناک کیفیت دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے بتایا ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ وہ قاتل اور خونی لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں بے گناہ اور ناحق خون کیے تھے، اس کی سزا میں ایسے لوگ ہمیشہ اسی طرح ذبح ہوتے رہیں گے۔''

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — امام مسجد — خطیب حضرات سے اپیل — سبق نمبر S-11

آپ سے گزارش ہے کہ آپ لوگوں کو محنت اور ایمانداری سے کمائے گئے رزق حلال کے فوائد اور حرام خوری، کام چوری سے کمائے گئے حرام رزق کے دنیا و آخرت میں نقصانات کے بارے میں تفصیل سے آگاہ فرمائیں تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندے بن کر ہی زندگی بسر کریں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر S-12 S-13 S-14 S-15 S-16 S-17 S-19

اِصلاحِ معاشرہ — اپنے خاندان کے دشمن — سبق نمبر S-12

جو لوگ رشوت، بدعنوانی، دغابازی اور کام چوری وغیرہ سے حرام کماتے، کھاتے اور کھلاتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنتی اور جہنمی قرار دیا ہے۔

یہ لوگ ہمیشہ بدی ہی پھیلاتے ہیں اور کبھی کسی سے مخلص نہیں ہوسکتے۔ یہاں تک کہ یہ بدبخت لوگ اپنے ماں باپ، بہن بھائیوں، بیوی بچوں اور یاروں دوستوں کے بھی بدترین دشمن ہوتے ہیں جن کو حرام کھلا کر اور بدی کی راہ پر ڈال کر اپنے ساتھ جہنم کا ایندھن بنا دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گھر کے سربراہ کے نام — سبق نمبر S-13

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم میں سے ہر شخص نگران اور ذمہ دار ہے اور ہر شخص سے اس کے ماتحت افراد کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی۔ ملک کے حکمران سے اس کے باشندگان ملک کے بارے میں پوچھا جائے گا اور ہر گھر کے سربراہ سے اس کے گھر کے افراد کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی، یعنی اس نے ان کی اصلاح، تربیت اور بہتر زندگی کے لیے کیا کچھ کیا تھا، انہیں بری راہوں پر چلنے سے روکا تھا یا نہیں اور ایک صالح زندگی گزارنے کے لیے ان کی مدد کی تھی یا نہیں۔

اپیل:۔ آپ اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا اپنا فریضہ ضرور سرانجام دیں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خواتین، بچے اور بوڑھے متوجہ ہوں — سبق نمبر S-14

کیا آپ کو محنت اور ایمانداری سے کمایا ہوا رزق حلال کھلایا جا رہا ہے؟

اگر نہیں

تو پھر یاد رکھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے

''جو خون اور گوشت حرام رزق پر پرورش پائے گا وہ جنت میں نہ جائے گا''

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رزق حلال اور نکاح — سبق نمبر S-15

جو رزق حلال نہ کھلا سکے اس سے نکاح نہیں کرنا چاہیے کیونکہ حرام رزق کھانا ایسا گناہ ہے کہ کوئی بھی نیکی اس کا تدارک نہیں ہوتی۔ جو بھی شخص (مرد یا عورت) حرام رزق کھاتا ہے اس کے جسم کے تمام اعضاء گناہ میں پڑ جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — حرام رزق کے نقصانات — سبق نمبر S-16

حرام رزق بھی ایک زہر ہے جس کو کھانے سے ضمیر مردہ ہو جاتے ہیں اور یوں بچوں، بڑوں اور بوڑھوں میں ہر قسم کی برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ صرف محنت اور ایمانداری سے ہی روزگار کمائیں۔ حرام رزق کا زہر کھانے اور کھلانے سے توبہ کریں اور یوں خود کو اور اپنے پیاروں کو برائیوں اور بیماریوں کے عذاب سے بچائیں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ضمیر کی موت — سبق نمبر S-19

زندگی کا سب سے بڑا نقصان موت نہیں ہے بلکہ سب سے بڑا نقصان زندہ انسان میں ضمیر کی موت کا واقع ہو جانا ہے۔

جب ضمیر ملامت کرنا بند کر دے تو سمجھ لو کہ انسانیت کا جنازہ اٹھ گیا ہے۔ جسے اپنا ضمیر بدی سے نہیں روکتا اسے کوئی نصیحت کرنے والا بھی نہیں روک سکتا۔

نوٹ: رشوت، بدعنوانی، دغابازی اور کام چوری وغیرہ سے کمائے گئے حرام کے روپیہ پر پلنے سے ضمیر کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عہد نامہ برائے محنت اور ایمانداری — سبق نمبر S-17

آپ عہد کریں کہ آئندہ آپ اپنے کام کی جگہ (Place of work) پر ہر کام نہایت محنت اور ایمانداری سے ہی کریں گے اور اپنے گھر کا خرچ سو فیصد رزق حلال سے ہی چلائیں گے۔

اگر ماضی میں آپ سے دانستگی یا نادانستگی سے کوئی غلطی سرزد ہوگئی ہو تو آپ اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی مانگیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور بھی وعدہ کریں کہ آپ آئندہ کام کی جگہ (Place of work) پر ہر کام نہایت محنت اور ایمانداری سے کر کے ہی رزق حلال کمائیں گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر

S-18-20 | S-21-22 | S-23 | S-25 | S-26 | S-33 | S-34

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-18-20 — محنت ایمانداری

کرتے رہو محنت بن کر رہو ایماندار
دنیا میں نہیں کوئی بات اس سے شاندار

☆.....☆.....☆.....☆.....

گر چاہتے ہو عزت اور وقار
لوگو بن جاؤ محنتی اور ایماندار

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-21-22 — محنت ایمانداری

وہ ہے سب کو پسند سب کا دلدار
جو ہے محنتی اور ایماندار

.....☆.....☆.....☆.....

ہر بدی کو مٹانا ہے
پاکستان کو جنت بنانا ہے

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-23 — نیکی پھیلائیں بدی مٹائیں

(امر بالمعروف ونہی عن المنکر)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ''قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے (تمہیں چاہیے کہ) تم ضرور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو ورنہ وہ وقت دور نہیں کہ جب اللہ تعالیٰ تم پر عذاب نازل کردے۔ اس وقت تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو گے مگر تمہاری دعا نہیں سنی جائے گی۔''

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-25 — کامیابی کے اصول

ایمانداری اور وعدے کی پاسداری
محنت، جفاکشی اور دیانتداری
کامیابی کے یہی اصول ہیں
پوری دنیا میں مسلمہ اور مقبول ہیں

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-26 — ایک نیکی یومیہ

خود کو پریشانیوں سے بچانے اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے حصول کی خاطر ہر روز کم از کم ایک نیکی یا اچھائی کا کام ضرور کیا کریں اور ممکن ہو تو اس کو روزانہ اپنی ڈائری میں درج بھی کرلیا کریں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-33 — غصہ پر قابو

انسان کا گھر میں اور باہر بے لگام غصہ کا اظہار کرنا اس کے لیے عزت میں کمی، بیماریاں، پریشانیاں، مصیبتیں، تباہی اور بربادی ہی لاتا ہے۔

بے جا خون کا کھولنا، بھر لنا، آگ بگولا ہونا، جھگڑا کرنا، عداوت رکھنا، مخالفت کرنا، دشمنی، بدمزاجی ناراضگی اور ترش روئی سے بچنے کے لیے سوچوں میں تبدیلی، تحمل، برداشت، درگزر کرنے اور معاف کردینے کا جذبہ لانا ضروری ہے۔

جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:
''اور غصہ کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کی خطاؤں کو معاف کرنے والے اور نیک لوگ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں۔'' (آل عمران: 134)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-34 — ترقی پسند، روشن خیال لبرل انسان.....؟؟

عریانی، فحاشی اور بے حیائی کے دلدادہ، جوا، شراب و شباب کے رسیاء عیاش لوگ خود کو ترقی پسند، روشن خیال اور لبرل انسان کا لقب دیتے ہیں۔

طوائفوں اور ان کے دلالوں کی لچر تہذیب کے یہ پرستار لوگ، اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بتلائی ہوئی تہذیب کو دقیانوسی قرار دیتے ہیں اور مسلم معاشرے کو ایک لچر تہذیب میں بدل دینے کی بھرپور کوشش میں مصروف ہیں۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:
''جو لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے گروہ میں بے حیائی کی اشاعت ہو ان کیلئے دنیا میں بھی دردناک عذاب ہے اور آخرت میں بھی'' (النور 19)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر S-35 تا S-44

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی ہدایت کرنا — سبق نمبر S-35

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
کسی دوسرے شخص کو نیک کام پر آمادہ کرنا بہت ثواب کا کام ہے۔ اگر ایک شخص کی کوشش سے کوئی دوسرا شخص نیک کام پر تیار ہو جائے تو اس نیک کام کا جتنا ثواب کرنے والے کو ملے گا اتنا ہی ثواب اس شخص کو بھی ملے گا جس نے اس نیک کام میں اس کی رہنمائی کی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غلطی کو معاف کرنا — سبق نمبر S-36

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
کون شخص دنیا میں ایسا ہے جس سے کوئی نہ کوئی غلطی سرزد نہ ہوئی ہو اور ہر شخص یہ بھی چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی غلطی کو معاف فرما دیں۔ لہذا اگر کسی دوسرے سے کوئی غلطی ہو جائے تو یہ سوچنا چاہئے کہ جس طرح میں اللہ تعالیٰ سے معافی کا خواہشمند ہوں اسی طرح مجھے بھی دوسروں کو معاف کر دینا چاہئے۔ یعنی جو شخص دوسروں کو معاف کرنے کی روش اختیار کرے گا، انشاء اللہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی اس کی غلطیوں کی مغفرت فرمائیں گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نرم خوئی — سبق نمبر S-37

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
نرم خوئی کا مطلب یہ ہے کہ غصے سے مغلوب ہو کر سخت الفاظ یا سخت رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کیا جائے۔ دوسرے سے نرم الفاظ اور نرم لب ولہجہ میں بات کی جائے۔ اگر کسی کو ٹوکنا ہو یا اس سے اختلاف کا اظہار کرنا ہو تو اس کے لئے بھی ایسا انداز اختیار کیا جائے جس میں کھدرے پن اور درشتی کے بجائے خیر خواہی، تواضع اور دلسوزی کا پہلو نمایاں ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صلح کرا دینا — سبق نمبر S-38

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
اگر دو مسلمانوں کے درمیان کوئی تنازعہ ہو تو ان کے درمیان صلح کرا دینا نہایت اجر و ثواب کا کام ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:
"بلاشبہ تمام مسلمان آپس میں بھائی ہیں، لہذا اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو اور اللہ سے ڈرو کہ تم پر رحم کیا جائے" (القرآن)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جھگڑے سے پرہیز — سبق نمبر S-39

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
لڑائی جھگڑا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔
قرآن کریم میں جھگڑالو آدمی کی بہت مذمت کی گئی ہے۔ اس کے برخلاف حلم، بردباری اور جھگڑے سے پرہیز کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں اور ایسے شخص کو اجر و ثواب سے نوازتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تنگدست مقروض — سبق نمبر S-40

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
جو شخص کسی تنگدست مقروض کو مہلت دے یا اس کے قرض میں کمی یا معاف کر دے، اللہ تعالیٰ اس کو ایسے دن اپنے عرش کے سائے میں رکھیں گے جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی اور سایہ نہیں ہوگا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سچا امانت دار تاجر — سبق نمبر S-41

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-
جو تاجر سچا اور امانت دار ہوگا وہ قیامت کے دن انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔ تاجر لوگ قیامت کے دن بدکار اٹھائے جائیں گے سوائے ان تاجروں کے جنہوں نے اپنی تجارت میں تقویٰ، نیکی، حسن سلوک اور سچائی کو برتا ہوگا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جانوروں کے ساتھ حسن سلوک — سبق نمبر S-42

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
جانوروں پر ترس کھانا، ان کی پرورش کرنا اور آرام پہنچانا اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہے اور اس کا اجر و ثواب ہے۔
نوٹ: گرمیوں کی ناقابلِ برداشت دھوپ میں جانوروں کو باندھ کر رکھنا ان پر ظلم کرنے میں شامل ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان پر قابو — سبق نمبر S-43

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
زبان اللہ تعالیٰ کی بڑی عظیم نعمت ہے اس کے ذریعے انسان چاہے تو اپنی آخرت کے لئے نیکیوں کے خزانے جمع کر سکتا ہے اور اگر چاہے تو اپنی آخرت برباد کر سکتا ہے۔ اس لئے زبان کو قابو میں رکھنے اور کم گوئی کی بہت فضیلتیں وارد ہوئی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — فضول باتیں۔ فضول کام — سبق نمبر S-44

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
جس کام میں دنیا و آخرت کا کوئی فائدہ نہ ہو وہ فضول ہے اور انسان کو فضول باتوں اور فضول کاموں سے بچنا چاہئے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر S-45 تا S-54

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-45 — ملازمین کی سرپرستی

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
طعام اور لباس ملازم کا حق ہے اور یہ بھی اس کا حق ہے کہ اسے ایسے سخت کام کرنے کی تکلیف نہ دی جائے جس کا وہ متحمل نہ ہو سکے یا جو اس کے لئے بھاری ہو اور اگر کرے تو پھر اس کام میں خود اس کی مدد کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-46 — لوگوں پر رحم کرو

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نہ ہوگی جو لوگوں پر رحم نہ کھائے گا اور ان کے ساتھ ترحم کا معاملہ نہ کرے گا۔ اللہ کی مخلوق پر رحم کھانے والوں پر اللہ رحمٰن کی خاص رحمت ہوگی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-47 — شوہر کے حقوق

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-
"جو عورت اس حالت میں دنیا سے جائے کہ اس کا شوہر اس سے راضی اور خوش ہو تو وہ جنت میں جائے گی۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-48 — پڑوسی کے حقوق

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-
"پڑوسی کے حقوق تم پر یہ ہیں کہ اگر وہ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت اور خبر گیری کرو اور اگر انتقال کر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جاؤ اور اگر وہ قرض مانگے تو اس کو قرض دو اور اگر وہ کوئی بُرا کام کر بیٹھے تو پردہ پوشی کرو اور اگر اس کو کوئی نعمت ملے تو اس کو مبارک باد دو اور اگر کوئی مصیبت پہنچے تو تعزیت کرو اور اپنی عمارت اس طرح نہ بناؤ کہ اس کے گھر کی ہوا بند ہو جائے۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-49 — پڑوسی کی شرارتیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:-
"وہ آدمی جنت میں داخل نہ ہو سکے گا جس کی شرارتوں اور ایذا رسانیوں سے اس کے پڑوسی تنگ ہوں۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-50 — سخاوت اور بخل

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-
"سخی بندہ اللہ سے قریب ہے، اللہ کے بندوں سے قریب ہے اور جنت سے قریب دوزخ سے دور ہے جبکہ بخیل و کنجوس آدمی اللہ سے دور دوزخ کے قریب ہے اور بلاشبہ ایک بے علم سخی اللہ تعالیٰ کو عبادت گزار کنجوس سے زیادہ پیارا ہے۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-51 — نسخہ شفاء

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-
"تم دوسروں کے متعلق بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔ تم کسی کی کمزوریوں کی ٹوہ میں نہ رہا کرو اور جاسوسوں کی طرح راز دارانہ طریقے سے کسی کے عیب معلوم کرنے کی کوشش بھی نہ کیا کرو اور نہ ایک دوسرے پر بڑھنے کی بے جا ہوس کرو۔ نہ آپس میں حسد کرو نہ بغض و کینہ رکھو۔ بلکہ اے اللہ کے بندو اللہ کے حکم کے مطابق بھائی بھائی بن کر رہو۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-52 — عیب کی پردہ پوشی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:-
"مسلمان بندوں کو ستانے سے اور ان کو شرم دلانے اور شرمندہ کرنے اور ان کے چھپے ہوئے عیبوں کے پیچھے پڑنے سے باز رہو کیونکہ اللہ کا قانون ہے کہ جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کے چھپے عیبوں کے پیچھے پڑے گا اور اس کو رسوا کرنا چاہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے عیبوں کے پیچھے پڑے گا اور جس کے عیبوں کے پیچھے اللہ تعالیٰ پڑے گا وہ اس کو ضرور رسوا کرے گا۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-53 — حسد کی آگ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:-
"تم حسد سے بچو، حسد آدمی کی نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح لکڑی کو آگ کھا جاتی ہے۔"

اور

"تم اپنے کسی بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو (اور اگر کرو گے تو ہو سکتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ اس کو مصیبت سے نجات دے دے اور تم کو مبتلا کر دے۔"

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-54 — نیک صحبت

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
نیک لوگوں کے پاس بیٹھیں، ان کی صحبت اختیار کریں، ان سے ملتے رہیں تاکہ ان سے اچھی باتیں سنیں، ان سے اچھی خصلتیں سیکھیں اور جو نیک لوگ گذر گئے ہیں ان کے اچھے حالات کی کتابیں پڑھ کر یا پڑھا کر ان کے حالات معلوم کرنا بھی ایسا ہی ہے جیسے گویا ان کے پاس ہی بیٹھ کر ان سے باتیں سنیں اور ان سے اچھی خصلتیں سیکھ لیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر S-55 تا S-64

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-55 — نیک صحبت۔ بدصحبت

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
نیک صحبت سے اگر کامل نفع نہ ہو اتب بھی کچھ تو فائدہ ہو جائے گا اور بدصحبت سے اگر کامل ضرر نہ ہو اتب بھی کچھ نقصان ضرور ہو جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-56 — خدمت خلق

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
مخلوق کو نفع پہنچانا ہی خدمت ہے۔ یہ تمام انسانوں کیلئے ہے۔ اس میں رنگ و نسل مذہب اور دین کی بھی تمیز نہیں بلکہ تمام مخلوق جو روئے زمین پر ہے خدمت اور اخوت کی مستحق ہے۔ خدمت کا جذبہ عام اور سب کے لئے ہونا چاہئے اس میں تعصب کی گنجائش نہیں ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-57 — خدمت خلق

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
صرف مالی طور پر امداد کرنا ہی صدقہ نہیں ہے۔ اگر کسی کے پاس مال نہ ہو اور وہ صدقات کا اجر حاصل کرنا چاہتا ہے تو جسمانی خدمات ادا کر کے اجر حاصل کر سکتا ہے۔ کسی نیک کام میں سفارش کرنا، مظلوم کی داد رسی کرنا، کسی کے جھگڑے فساد کو دور کرا کے صلح کرانا، زن و شوہر کے جھگڑے میں طلاق سے بچا کر پھر ملا دینا وغیرہ۔ یہ تمام امور جسمانی خدمات ہیں جو بغیر پیسہ خرچ کئے انجام دی جا سکتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-58 — پسندیدہ لوگ

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ لوگ وہ ہیں جو اچھے کام کرتے ہیں، حسن سلوک سے پیش آتے ہیں، حقوق کی ادائیگی کرتے ہیں، ماضی کی غلطیوں اور گناہوں پر نادم ہو کر توبہ کرتے ہیں، خوب پاک صاف رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہتے ہیں، زندگی میں پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں، تکلیف و پریشانی میں صبر کرتے ہیں، ہر معاملے میں ہر شخص کے ساتھ عدل و اعتدال کا خیال رکھتے ہیں۔ کوئی زیادتی اور غلط کام نہیں کرتے، والدین کی فرمانبرداری اور بزرگوں کی عزت اور چھوٹوں سے شفقت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ایسے لوگوں کے ساتھ رہتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-59 — ناپسندیدہ لوگ

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں:-
اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ لوگ وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ کاموں کے بجائے اپنی یا شیطان کی پسند پر عمل کرتے ہیں۔ من مانی زندگی گزارتے ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی سے غافل رہتے ہیں والدین کی نافرمانی اور لوگوں کے حقوق غصب کرتے ہیں۔ لڑائی جھگڑا، دنگا فساد، گالی گلوچ اور بد زبانی کرتے ہیں۔ ظلم کرتے اور نا انصافی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے اور ایسے گنہگار جو عادی ہوں اور توبہ نہ کرتے ہوں اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-60 — مجلس اصلاح معاشرہ

جب بھی ممکن ہو تو آپ گھر پر "مجلس اصلاح معاشرہ" کا اہتمام کیا کریں اور اپنے عزیزوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو مدعو کیا کریں۔
اس مجلس میں چند احباب کی ذمہ داری لگائی جائے کہ وہ نیکی کو پھیلانے اور بدی کو روکنے کے موضوع پر اپنے خیالات بیان کریں جن میں اللہ تعالیٰ پر یقین اور فکر آخرت اجاگر ہو، ایک دوسرے کیلئے ہمدردی کے جذبات پیدا ہوں، برائیوں سے بچ کر پاکیزہ زندگی گزارنے کا جذبہ حاصل ہو اور باقی معاشرہ کو بھی ہر قسم کی حرام خوری، بدی، بے حیائی اور دیگر گناہوں اور برائیوں سے بچانے کا عزم پیدا ہو، حرام و حلال کی تمیز پیدا ہو، حرام کمائی کے نقصانات کا پتہ چلے اور محنت و ایمانداری سے پاکیزہ زندگی گزارنے کا جذبہ پیدا ہو۔
نوٹ: "مجلس اصلاح معاشرہ" منعقد کرنے کے لیے شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کے موقع سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے جب بیشتر رشتہ دار اور دوست جمع ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-61 — ضمیر کی آواز

ضمیر کی آواز انسان کی نفسیاتی کیفیت کا وہ زندہ احساس ہے جس کے ذریعے سے وہ برائی اور اچھائی میں تمیز کر لیتا ہے اور جس کے سبب اس کے دل کے اندر سے خود بخود نیکی کی دعوت کی آواز اٹھتی ہے، غریب و لاچار آدمی کو دیکھ کر ہر شخص پر فطرتاً رحم کا جذبہ طاری ہوتا ہے اور قاتل اور ظالم سے ہر شخص کو نفرت ہوتی ہے۔ ہر اچھے یا برے کام کے کرتے وقت اس کے دل کے پردے سے تحسین یا نفرین کی آواز آتی ہے لیکن بری صحبت، بری تربیت سے یہ آواز دب بھی جاتی ہے اور جب وہ بار بار اپنے ضمیر کی اس آواز کو دباتا رہتا ہے تو آخر کار اس کے ضمیر کی موت واقع ہو جاتی ہے اور یوں وہ برائیوں میں غرق ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-62 — پسندیدہ۔ ناپسندیدہ کام

اگر کسی کو اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ اور ناپسندیدہ باتوں کا علم نہ ہو تو وہ اپنی بے علمی کی وجہ سے نادانستہ طور پر قدم قدم پر گناہوں کا مرتکب ہو کر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا مستحق بن جاتا ہے۔ اس لیے ہر کسی کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کا مکمل علم حاصل کرے اور اپنی زندگی ان کے عین مطابق بسر کرتے ہوئے جس کام کے کرنے سے منع کیا گیا ہے اس کو ہرگز نہ کرے

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-63 — منافق

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس میں چار باتیں ہوں گی وہ منافق ہے۔
1- امین بنایا جائے تو خیانت کرے۔
2- بات کرے تو جھوٹ بولے۔
3- وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے۔
4- لڑے تو گالیاں دے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-64 — عمدہ سوداگر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-
سب سے عمدہ پیشہ ان سوداگران کا ہے جو بولتے ہیں سچ بولتے ہیں، جھوٹ نہیں بولتے۔ اگر ان کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت نہیں کرتے۔ جب کوئی چیز فروخت کرتے ہیں تو اس کی بے حد تعریف نہیں کرتے۔ جب فروخت کرتے ہیں تو اس مال کا عیب ظاہر کر دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر S-65 تا S-71

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-65 — نیکی کا داعیہ

جب بھی کسی نیک کام کرنے کا محرک سامنے آئے تو اس وقت ایک مومن کا کام یہ ہے کہ جلد از جلد اس نیک کام کو کرلے اور اس میں دیر نہ لگائے۔ کل پر مت ٹالے اور اس نیک کام کا جو موقع پیدا ہوا ہو اس پر اسی وقت عمل کرلے کیا معلوم کہ کل تک موقع رہے یا نہ رہے۔ اول تو یہ بھی نہیں پتہ کہ وہ خود کل تک زندہ ہو یا نہ ہو اور اگر وہ خود زندہ ہو تو یہ پتہ نہیں کہ یہ داعیہ باقی رہے گا یا نہیں؟ اور اگر داعیہ ہو بھی تو کیا معلوم کہ اس وقت حالات اس کے موافق ہوں یا نہ ہوں؟ بس اسی وقت جو موقع ملا ہو اس پر عمل کر کے نیکی کرنے کا فائدہ حاصل کیا جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-66 — تکبر اور فساد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق تکبر اور فساد کرنا، لوگوں کو لڑانا، لوگوں کو مارنا، تکلیف دینا، ان کی راحت وغیرہ فنا کرنا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں اور ایسے لوگوں کے لیے جنت حرام کر دی گئی ہے۔

تکبر یہ ہے کہ حق بات کو نہ ماننا، حق بات سے انکار کرنا، لوگوں کو ذلیل دیکھنا، ذلیل کرنا، حقارت کرنا، رسوائی کرنا، مارنا پیٹنا، گالی دینا اور اپنے برابر بیٹھنے نہ دینا اور نہ برابر چلنے دینا وغیرہ۔ تو ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ لوگ ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-67 — صحبت کا اثر

کسی کے پاس رہنا عجب چیز ہے۔ کیسا ہی کم ہمت آدمی ہو لیکن جس فن کے آدمی کے پاس بیٹھے اسے اس فن کی باتوں سے رغبت اور اس سے مناسبت اور ہمت و عادت پیدا ہو جاتی ہے۔ اچھے آدمی کے پاس بیٹھے تو اچھی باتوں کی رغبت اور اہمیت پیدا ہو جاتی ہے اور برے آدمیوں کے پاس بیٹھے تو برائیوں سے رغبت اور ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر آدمی عقلمندوں میں رہے تو عقلمندی آجاتی ہے، بیوقوفوں میں رہے تو انسان بیوقوف ہو جاتا ہے۔ عورتوں میں رہے تو زنانہ پن آجاتا ہے۔ سپاہیوں میں رہے تو مردانگی اور جرأت پیدا ہو جاتی ہے، اپاہجوں میں رہے تو کاہل بن جاتا ہے۔ غرضیکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ جس کو نیک بننے کی خواہش ہو اس کو چاہیے کہ وہ دینداروں کی صحبت اختیار کرے اور کچھ وقت ان کے ساتھ گزارے۔ ان شاء اللہ نیکی سے محبت اور برائی سے نفرت پیدا ہو جائے گی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-68 — زبان کی آفات

1۔ زبان کی پہلی آفت فضول گوئی ہے۔ یعنی ایسی گفتگو جو بے ضرورت ہو۔
2۔ زبان کی دوسری آفت گالم گلوچ، فحش کلامی، خلاف تہذیب، ناشائستہ، لغو باتیں کرنا۔
3۔ زبان کی تیسری آفت اختلاف رائے، بحث و مباحثہ کرتے ہوئے جھگڑے پر اتر آنا۔
4۔ زبان کی چوتھی آفت کسی کو لعنت ملامت کرنا۔
5۔ زبان کی پانچویں آفت بیہودہ ہنسی مذاق اور تمسخر اڑانا۔
6۔ زبان کی چھٹی آفت جھوٹا وعدہ کرنا۔
7۔ زبان کی ساتویں آفت دروغ گوئی، جھوٹی باتیں بنانا، جھوٹی قسمیں کھانا۔
8۔ زبان کی آٹھویں آفت غیبت کرنا۔
9۔ زبان کی نویں آفت چغل خوری، لگائی بجھائی کرنا۔
10۔ زبان کی دسویں آفت مبالغہ آرائی کرنا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-69 — دیانتداری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ:۔
1۔ جب بات کرو تو سچ بولو۔
2۔ جب وعدہ کرو تو پورا کرو۔
3۔ جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اسے ادا کرو۔
4۔ ظلم اور زیادتی سے اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-70 — ملاوٹ، قتل و غارت گری

غذائی اشیاء اور ادویات میں ملاوٹ اور جعل سازی جانوں کو ناحق قتل کرنے کے برابر ہے۔ بیشتر صورتوں میں ملاوٹ کا فوری نقصان ظاہر نہیں ہوتا لیکن رفتہ رفتہ اس کے مضر اثرات صحت کے خاتمہ اور موت کا بہانہ بن جاتے ہیں۔

قتلِ انسانی کا یہ کھیل رنگ لائے بغیر نہیں رہے گا اور ان ملاوٹ کرنے والوں کا نامہ اعمال انہیں روز حساب قاتلوں کی صف میں شامل کر دے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر S-71 — غصہ کا گھونٹ

حقیقت یہ ہے کہ غصہ کو پی جانا اور مخاطب کو معاف کر دینا اعلیٰ درجہ کا کمال ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی پسندیدہ اعمال میں سے تین یہ ہیں:۔
1۔ قدرت کے باوجود معاف کر دینا۔
2۔ تیزی اور شدت کے وقت غصہ کو قابو میں رکھنا
3۔ اور اللہ کے بندوں کے ساتھ نرمی اختیار کرنا

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 171 تا 180

اصلاحِ معاشرہ — بیہودگی۔ بدزبانی — سبق نمبر 171

- زبان کی حفاظت کرو۔ بیہودہ باتیں نہ کرو۔ بے ہودہ گو اور متکبر نہ بنو۔
- خوش کلامی اختیار کرو اور خندہ پیشانی سے پیش آؤ تو تم لوگوں کی نظروں میں اس شخص سے بھی زیادہ پسندیدہ ہو جاؤ گے جو ہر وقت ان کو انعام و اکرام سے نوازتا ہے۔
- بدخلقی، بے صبری اور اکتاہٹ سے بچو کہ ان خصلتوں کے ساتھ تمہارے ساتھ کوئی چلنے کو آمادہ نہ ہوگا اور لوگ تم سے پہلوتہی کریں گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — بیہودہ مذاق — سبق نمبر 172

- دوست کی کبھی تضحیک نہیں کرنی چاہئے، یہاں تک کہ ہنسی مذاق میں بھی نہیں۔
- بے ہودہ گوئی ترک کرو، دانا بن جاؤ گے۔
- ٹھہر ٹھہر کر سلیقے اور وقار کے ساتھ گفتگو کرو، جلدی اور تیزی نہ کرو، نہ ہر وقت ہنسی مذاق کرو، اس سے آدمی کی وقعت جاتی رہتی ہے۔
- اے مذاق اڑانے والو جلد تمہیں اپنا جواب بھی نظر آ جائے گا۔ یعنی اسی طرح تمہارا بھی مذاق اڑایا جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — بیہودہ مذاق — سبق نمبر 173

- اپنے سے بڑے کے ساتھ مذاق نہ کرو۔
- آپس میں مذاق ٹھٹھہ نہ کیا کرو کہ اس طرح ہنسی ہنسی میں دلوں میں کدورت بیٹھ جاتی ہے اور برے افعال کی بنیادیں قلوب میں استوار ہو جاتی ہیں۔
- کبھی کسی بری بات سے زبان گندی نہ کرو۔ دوسروں کی برائی نہ کرو۔ دوسروں کی نقلیں نہ اتارو۔ کسی کی ہنسی نہ اڑاؤ۔ فقرے نہ کسو۔ کسی پر طنز نہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — عہد نامہ۔ شکرانہ — سبق نمبر 174

اللہ تعالیٰ نے ہمیں زندگی دی اور لاکھوں نعمتوں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے پینے کو بے شمار قسم کی اشیاء دیں۔ آرام، آسائش، آرائش اور تفریح کے ان گنت سامان مہیا کیے تاکہ ہم زندگی سے پورا لطف اٹھا سکیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بڑا اور کوئی حکم نہیں اس لیے ہمیں اللہ تعالیٰ کے احکام کا مکمل علم حاصل کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے عین مطابق زندگی گزارنی چاہیے اور کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہو۔ اور ہمیں ہر لمحے اللہ تعالیٰ کے احسانات کا شکر بجا لاتے رہنا چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — کام چوری — سبق نمبر 175

اگر آپ ڈیوٹی ٹائم میں زیادہ کام کر سکتے ہیں مگر نہیں کرتے، کام سست رفتاری سے کرتے ہیں یا حیلے بہانوں سے وقت ضائع کرتے ہیں تو پھر یہ کام چوری ہے اور آپ کا کمایا ہوا روپیہ حرام ہے۔

نوٹ: یاد رکھیں کہ حرام رزق کھانے سے گھر میں برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — رشوت ستانی — سبق نمبر 176

بدعنوانی۔ دغابازی۔ کام چوری

جو شخص رشوت، بدعنوانی، دغابازی اور کام چوری وغیرہ سے حرام کا روپیہ کماتا ہے وہ بدبخت یہ گناہ کر کے اپنے ہی ماں باپ، بہن بھائیوں، بیوی بچوں اور یاروں دوستوں پر ظلم کرتا ہے۔ کیونکہ قانون قدرت ہے کہ حرام کا روپیہ زہر بن جاتا ہے اور ہر وہ شخص جس پر حرام کا زہریلا روپیہ خرچ ہوتا ہے اس کا ضمیر مر جاتا ہے۔ اس کی شرم و حیا ختم ہو جاتی ہے، اس میں برائیاں اور بیماریاں پھوٹ پڑتی ہیں۔ وہ بدی کا سرچشمہ بن جاتا ہے، اس میں نیک کام کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے اور یوں جنت کے دروازے بھی اس پر بند ہو جاتے ہیں۔

اپیل:۔ ہمیشہ محنت اور ایمانداری سے کمایا ہوا روپیہ ہی اپنے پیاروں پر خرچ کریں۔ (شکریہ)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — بری صحبت سے بچیں — سبق نمبر 177

بری صحبت زہر سے زیادہ مہلک ہوتی ہے جس کا انجام ذلت، رسوائی اور بربادی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ اسی طرح نیک صحبت سینکڑوں برائیوں سے حفاظت کا ذریعہ بنتی ہے۔

انسان کو جس طرح نیکی کی ضرورت ہوتی ہے اس سے کہیں زیادہ نیک صحبت کی ضرورت ہوتی ہے اور جس طرح بدی سے بچنا ضروری ہے اس سے کہیں زیادہ بروں کی صحبت سے بچنا ضروری ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — رزق حلال اور نکاح — سبق نمبر 178

جو رزق حلال نہ کھلا سکے اس سے نکاح نہیں کرنا چاہیے کیونکہ حرام رزق کھانا ایسا گناہ ہے کہ کوئی بھی نیکی اس کا تدارک نہیں ہوتی۔ جو بھی شخص (مرد یا عورت) حرام رزق کھاتا ہے اس کے جسم کے تمام اعضاء گناہ میں پڑ جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — حرام رزق کے نقصانات — سبق نمبر 179

حرام رزق بھی ایک زہر ہے جس کو کھانے سے ضمیر مردہ ہو جاتے ہیں اور یوں بچوں، بڑوں اور بوڑھوں میں ہر قسم کی برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ صرف محنت اور ایمانداری سے ہی روزگار کمائیں۔ حرام رزق کا زہر کھانے اور کھلانے سے توبہ کریں اور یوں خود کو اور اپنے پیاروں کو برائیوں اور بیماریوں کے عذاب سے بچائیں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — عہد نامہ — سبق نمبر 180

برائے محنت اور ایمانداری

آپ عہد کریں کہ آئندہ آپ اپنے کام کی جگہ (Place of work) پر ہر کام نہایت محنت اور ایمانداری سے ہی کریں گے اور اپنے گھر کا خرچ سو فیصد رزق حلال سے ہی چلائیں گے۔

اگر ماضی میں آپ سے دانستگی یا نادانستگی سے کوئی غلطی سرزد ہو گئی ہو تو آپ اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی مانگیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور بھی وعدہ کریں کہ آپ آئندہ کام کی جگہ (Place of work) پر ہر کام نہایت محنت اور ایمانداری سے کر کے ہی رزق حلال کمائیں گے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 181 تا 186

اصلاحِ معاشرہ — ضمیر کی موت — سبق نمبر 181

زندگی کا سب سے بڑا نقصان موت نہیں ہے بلکہ سب سے بڑا نقصان زندہ انسان میں ضمیر کی موت کا واقع ہو جانا ہے۔

جب ضمیر ملامت کرنا بند کر دے تو سمجھ لو کہ انسانیت کا جنازہ اٹھ گیا ہے۔ جسے اپنا ضمیر بدی سے نہیں روکتا اسے کوئی نصیحت کرنے والا بھی نہیں روک سکتا۔

نوٹ: رشوت، بدعنوانی، دغابازی اور کام چوری وغیرہ سے کمائے گئے حرام کے روپیہ پر پلنے سے ضمیر کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — غصہ پر قابو — سبق نمبر 182

انسان کا گھر میں اور باہر بے لگام غصہ کا اظہار کرنا اس کے لیے عزت میں کمی، بیماریاں، پریشانیاں، مصیبتیں، تباہی اور بربادی ہی لاتا ہے۔

بے جا خون کا کھولنا، بھڑکنا، آگ بگولا ہونا، جھگڑا کرنا، عداوت رکھنا، مخالفت کرنا، دشمنی، بدمزاجی ناراضگی اور ترش روئی سے بچنے کے لیے سوچوں میں تبدیلی، تحمل، برداشت، درگزر کرنے اور معاف کر دینے کا جذبہ لانا ضروری ہے۔

جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:
"اور غصہ کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کی خطاؤں کو معاف کرنے والے اور نیک لوگ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں۔" (آل عمران:134)

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — ضمیر کی آواز — سبق نمبر 183

ضمیر کی آواز انسان کی نفسیاتی کیفیت کا وہ زندہ احساس ہے جس کے ذریعے سے وہ برائی اور اچھائی میں تمیز کر لیتا ہے اور جس کے سبب اس کے دل کے اندر سے خود بخود کی دعوت کی آواز اٹھتی ہے، غریب ولاچار آدمی کو دیکھ کر ہر شخص پر فطرتاً رحم کا جذبہ طاری ہوتا ہے اور قاتل اور ظالم سے ہر شخص کو نفرت ہوتی ہے۔ ہر اچھے یا برے کام کے کرتے وقت اس کے دل کے پردے سے تحسین یا نفرین کی آواز آتی ہے لیکن بری صحبت، بری تربیت سے یہ آواز دب بھی جاتی ہے اور جب وہ بار بار اپنے ضمیر کی اس آواز کو دباتا رہتا ہے تو آخر کار اس کے ضمیر کی موت واقع ہو جاتی ہے اور یوں وہ برائیوں میں غرق ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — صحبت کا اثر — سبق نمبر 184

کسی کے پاس رہنا عجب چیز ہے۔ کیسا ہی کم ہمت آدمی ہو لیکن جس فن کے آدمی کے پاس بیٹھے اسے اس فن کی باتوں سے رغبت اور اس سے مناسبت اور ہمت و عادت پیدا ہو جاتی ہے۔ اچھے آدمی کے پاس بیٹھے تو اچھی باتوں کی رغبت اور اہمیت پیدا ہو جاتی ہے اور برے آدمیوں کے پاس بیٹھے تو برائیوں سے رغبت اور ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر آدمی عقلمندوں میں رہے تو عقلمندی آجاتی ہے، بیوقوفوں میں رہے تو انسان بیوقوف ہو جاتا ہے۔ عورتوں میں رہے تو زنانہ پن آجاتا ہے۔ سپاہیوں میں رہے تو مردانگی اور جرأت پیدا ہو جاتی ہے، اپاہجوں میں رہے تو کاہل بن جاتا ہے۔ غرضیکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ جس کو نیک بننے کی خواہش ہو اس کو چاہیے کہ وہ دینداروں کی صحبت اختیار کرے اور کچھ وقت ان کے ساتھ گزارے۔ ان شاء اللہ نیکی سے محبت اور برائی سے نفرت پیدا ہو جائے گی۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — پیغام — سبق نمبر 185

جس قوم کا اچھا سوچنے والے
کم ہوں انہیں تو ہر صورت
موت آنے سے پہلے
بہت کچھ کر گزرنا چاہیے

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — نیکی پھیلاؤ — سبق نمبر 186

جو بھی اچھی بات سنو،
دیکھو یا پڑھو اس کو لکھ لو۔
جو لکھو اسے یاد کر لو اور جو یاد رہے
اس کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 187 تا 192

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 187 — خدمتِ خلق

خدمتِ خلق عبادت ہے۔ محتاجوں کی امداد، یتیموں کی کفالت، بیواؤں کی خبر گیری، بیماروں کی بیمار پرسی، خادموں کے ساتھ حسنِ سلوک، جانوروں پر رحم، کسی کی جائز سفارش، سماجی بہبود کے کام، ہمسائیوں سے اچھا سلوک، مہمان نوازی، تکلیف دہ چیزوں کو راستے سے ہٹا دینا وغیرہ، خدمتِ خلق کے کاموں میں شامل ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 188 — راہِ نجات

- ہر ایک سے نرمی کا برتاؤ کرو۔
- کسی کو بُرا بھلا مت کہو۔
- خود کو بُری باتوں سے بچاؤ۔
- دوسروں کو نیک کام کرنے کا کہو اور ان کو بُرائی سے بچاؤ۔
- دوسروں کو نیچا دکھانے اور اپنے آپ کو اونچا دکھانے کی کوشش مت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 189 — راہِ نجات

- کسی کو دھوکا، دغا فریب نہ دو۔
- جھوٹ مت بولو، چغلیاں نہ کھاؤ، غیبت نہ کرو۔
- معاملات میں انصاف اور نرمی سے کام لو۔
- اگر تمہارے پاس کافی مال و دولت ہو تو محتاجوں، مفلسوں اور غریبوں کو بھی اس میں سے دو۔
- اپنے حق پر زیادہ زور مت دو اور دوسروں کا حق ٹھیک ٹھیک ادا کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 190 — راہِ نجات

- خوامخواہ کسی سے بھی لڑائی جھگڑا مت کرو۔
- اوروں کے قصور سے درگزر کرو۔
- اپنی خطاؤں کا اقرار کرو اور ان کی فوراً تلافی کرو۔
- جو چیزیں تمام لوگوں کے کام کی ہیں اپنے پاس دبا کر مت رکھو، صرف اپنی ضرورت کے مطابق اس میں سے لوباقی لوگوں کے لئے چھوڑ دو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 191 — راہِ نجات

- نیک کاموں میں سب سے آگے رہنے کی کوشش کرو۔
- مال و دولت اور عزت میں دوسروں سے بڑھنے کی ہوس مت کرو۔
- نیک اور بد میں تمیز کرو۔
- بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت کرو۔
- مال دار ہو تو کنجوسی مت کرو۔
- محنت اور ایمانداری کی زندگی بسر کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 192 — راہِ نجات

- امانت میں خیانت مت کرو۔
- حاجتمند کی حاجت روا کرو۔
- یتیموں، بے کسوں اور غریبوں کی خبر لو۔
- محتاج بیواؤں کا خیال رکھو۔
- اپنی خواہشات کو لگام دو۔
- دھوکے سے دوسروں کا مال مت چھینو۔
- روپیہ پیسہ کمانے میں حلال و حرام طریقوں کا خیال رکھو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 193 تا 198

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 193 — راہِ نجات

- کسی کے ساتھ زبان درازی مت کرو۔
- ذرا ذرا سی بات پر غضبناک مت ہو جاؤ۔
- اوروں کی ٹیڑھی سخت بات کو برداشت کرنے کی عادت ڈالو۔
- غصہ میں آپے سے باہر مت ہو جاؤ۔
- فحاشی اور لچرپن پر مت اتر آؤ۔
- گالیاں نہ دو، فحش باتوں سے اپنی زبان گندی نہ کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 194 — راہِ نجات

- عادتیں اور اخلاق اچھے رکھو۔
- اچھے اخلاق، پسندیدہ اعمال اور شائستہ اطوار سے انسان کی قدر و قیمت نمایاں ہوتی ہے۔
- برائی کا جواب برائی سے مت دو۔ درگزر کرنے اور معاف کر دینے کی عادت ڈالو۔
- لوگوں کو غلطیوں، غلط کاریوں، بد اخلاقیوں اور بے قائدگیوں کے برے انجام کے بارے میں حکمت سے سمجھاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 195 — راہِ نجات

- نیک انسان کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ وہ جھوٹ نہیں بولتا، بے وفا نہیں ہوتا، ملاوٹ نہیں کرتا، دغا باز نہیں ہوتا اور اُس کا ہر عمل اس کے قول کے مطابق ہوتا ہے۔
- گمراہی، بدعنوانی، بدعملی، رشوت، چوری، لوٹ مار اور خیانت انسان کی آخرت کو برباد کر دیتے ہیں۔
- انسان جس اولاد کو پالنے کے لئے حرام ذرائع معاش اختیار کرتا ہے وہ اولاد نافرمان، بے ادب اور گستاخ بن جاتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 196 — راہِ نجات

- خریدار کو دھوکا دے کر کاروباری بد دیانتی کے مرتکب نہ بنو۔
- دغا باز، دھوکا باز تاجر مال کا نمونہ اور دکھاتا لیکن فراہم کچھ اور کرتا ہے۔
- خرید و فروخت، تجارتی لین دین میں وزن اور ناپ میں بد دیانتی سخت گناہ ہے۔
- جو وعدے، عہد و پیمان اور ذمہ داریاں قبول کروان میں خیانت مت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 197 — راہِ نجات

- دغا دینا ایک مذموم، قابل نفرت اور تباہ کن بیماری ہے۔
- دغا باز وہ شخص ہوتا ہے جو کہتا کچھ لیکن کرتا کچھ اور ہے۔
- خیانت اور دغا قابل نفرت اعمال ہیں، جس کسی نے امانت میں خیانت کی وہ ذلیل و رسوا ہوا۔
- وفا کا مطلب پورا کرنا، ذمہ داری نبھانا، معاہدے کی تکمیل کرنا اور عہد و پیمان کا نہ توڑنا ہے۔
- فضول بے فائدہ گفتگو، بحث، تکرار اور ناپسندیدہ باتیں مت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 198 — راہِ نجات

- ہر ایک کی خیر خواہی کرو۔
- نیک کاموں میں ہر ایک کی مدد کرو۔
- بری باتوں سے اس ترکیب سے روکو کہ دوسرے کو بات کڑوی نہ لگے۔
- کینہ، دشمنی، حسد اور عداوت مت رکھو۔
- خبردار بد خلقی اور سختی کے برتاؤ سے لوگ دشمن بن جاتے ہیں۔
- سخت دل اور بے درد مت بنو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 201 تا 210

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 201 — اخلاق و کردار

- اخلاق میں وہ تمام باتیں شامل ہیں جن میں لوگوں کے ساتھ اچھی گفتگو، اچھا معاملہ، خوبصورت برتاؤ، پاکیزہ رویہ وغیرہ شامل ہیں۔
- ایک شریفانہ جواب تحمل اور خاموشی ہے۔
- بدی سے دور رہو۔
- جس میں ادب نہیں اس میں سب بُرائیاں ہی بُرائیاں ہیں۔
- سب سے بڑی خیانت قوم سے غداری ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 202 — غصہ

زیادہ غصہ کرنا نہ صرف لوگوں کی زندگیوں میں مشکلات پیدا کرتا ہے بلکہ صحت کے خطرات کے ساتھ ساتھ اس سے ازدواجی رشتوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ زیادہ غصہ کرنے والے اور بات بات پر ناراض ہونے والے افراد کو معاشرے میں ناپسند کیا جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 203 — اخلاق و کردار

- اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔
- تمہیں اگر کبھی انتقام لینے کا موقع ملے تو اس وقت اپنے رحمدل ہونے کا ثبوت دو اور معاف کردو۔
- ہر ایک کے کام آؤ۔
- اپنی ذات سے کسی کو نقصان مت پہنچاؤ۔
- کھل کھلا کر ہنسنا ترک کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 204 — اخلاق و کردار

- مدہوش کردینے والی چیزیں کھاؤ نہ پیو۔
- اخلاق سے عاری شخص کی معاشرے میں کوئی عزت نہیں ہوتی۔
- اچھے اخلاق کا حامل انسان آبرومند ہوتا ہے۔
- منصف کے لئے چار باتیں لازمی ہیں۔ غور سے سنے، عقلمندی سے جواب دے، سنجیدگی سے سوچے اور غیر جانبداری سے فیصلہ کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 205 — اخلاق و کردار

- ایسی ریاست کا آزاد رہنا مشکل ہے جہاں سزا سنائی جائے مگر وہ نافذ العمل نہ ہوسکے۔
- نیک بندے کبھی جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔
- کسی شخص سے اس کی فطرت کے خلاف کام لینا ظلم کہلاتا ہے۔
- لوگوں کے درمیان اختلافات اور جھگڑے ختم کراؤ۔
- نیک لوگوں کی خدمت کرنا بھی نیکی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 206 — اخلاق و کردار

- دوسروں کی زندگی میں زہر گھولنے کی بجائے اپنی زندگی کو نیکیوں سے سنوارنے کی کوشش کرو۔
- ہر ایک کو اپنا نامہ اعمال بھرنا ہے۔ خواہ برائی سے بھرے یا نیکی سے۔
- اچھی زندگی اور عمدہ آخرت کے لئے چھوٹی چھوٹی نیکیاں کرنا بہت ضروری ہیں۔
- نیک لوگوں سے میل جول ہی اچھے مستقبل کی ضمانت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 207 — اخلاق و کردار

- نیک بندے زمین پر نرم شریفانہ چال چلتے ہیں یعنی سینہ پھیلا کر، گردن اکڑا کر، متکبروں، مغروروں سرکشوں کی طرح نہیں چلتے کہ ان کی چال ڈھال دوسروں پر رعب جمائے اور ان کا دبدبہ بڑھے۔
- گناہ پر ندامت گناہ کو مٹا دیتی ہے۔
- دوسروں کو بدلہ لینے کی خاطر نقصان پہنچانا ظلم اور ناانصافی کرنے سے مختلف نہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 208 — اخلاق و کردار

- بدی کے دریا میں ڈوبے ہوئے کو نیکی کے ساحل پر لے آنا نیکی کا انتہائی عمل ہے۔
- نیکی کرنے کی خواہش پوری ہونہ ہو یہ بذات خود نیکی ہے۔
- اپنی فطرت کو ایسے اچھا بناؤ جس طرح گلاب ہے کہ دوست ہو یا دشمن جو بھی ملے خوشبو لیتا جائے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 209 — اخلاق و کردار

- چھوٹی نیکی کو کبھی چھوٹا نہ سمجھو اور چھوٹے گناہ کو کبھی چھوٹا گناہ نہ سمجھو۔
- ظالموں کو معاف کرنا مظلوموں پر ظلم ہے۔
- نیکی کا خیال ذہن میں آئے تو اسے فوراً ہی عمل میں لاؤ اور بدی ذہن میں آرہی ہو تو آخری دم تک سوچتے جاؤ حتیٰ کہ وہ نہ کرنی پڑے۔
- انسان کا سب سے نفع بخش ذخیرہ مخلص دوست ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 210 — اخلاق و کردار

- غصہ ایسا شر ہے جو انسان کے مستقبل کو کھا جاتا ہے۔
- جس شخص نے اپنی زبان اور نفس پر قابو رکھا گویا اس نے سینکڑوں دلوں کو اپنے بس میں کرلیا۔
- عظیم انسان مرجاتے ہیں لیکن ان کی موت ان کی عظمت میں اضافہ کرتی ہے۔
- پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 211 تا 220

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 211

- دوست وہ ہے جو تم سے تمہاری خامیاں بیان کرے اور لوگوں سے تمہاری خوبیاں۔
- کسی پر بھروسہ کرو تو مکمل کرو یا تو تمہیں ایک اچھا دوست ملے گا نہیں تو ایک سبق۔
- ان بزرگوں کی پیروی کرو جو تمہاری زندگی میں اصلاح پیدا کر سکیں۔
- سکون قلب اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی بہت بڑی نعمت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 212

- اللہ تعالیٰ جب کسی پر مہربان ہو جاتا ہے تو اس پر سکون نازل کر دیتا ہے۔
- اگر سکون چاہتے ہو تو دوسروں کا سکون برباد نہ کرو۔
- کامیاب معاشرہ وہ ہی ہے جہاں چپکے سے فرائض ادا ہوتے رہیں اور چپکے سے ہی حقوق ادا ہوتے رہیں۔
- ظالم بننے سے مظلوم بن جانا بہتر ہے۔
- توبہ کرنے کا خیال خوش بختی کی علامت ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 213

- جس میں حیا اور شرم نہ ہو اسے خاطر میں نہ لاؤ۔
- لوگ دوست کو چھوڑ دیتے ہیں مگر بحث کو نہیں چھوڑتے۔
- ہم جتنے قلوب خوش کرتے ہیں، اتنی نیکی ہے اور جتنے دل زخمی کرتے ہیں اتنی خامی ہے۔
- اگر ندامت کا خیال ہو تو توبہ کا سفر اختیار کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 214

- شکر، صبر، معافی، توبہ، استغفار، پرہیز گاری سے زندگی پرسکون گزرتی ہے۔
- سربراہ کو صرف نیک ہی نہیں بلکہ اہل بھی ہونا چاہیے۔
- تاریخ کو یاد رکھنے کی بجائے تاریخ بنانے کی فکر کرنا چاہیے۔
- جو کسی کا سکون قلب برباد کرتا ہے اس کا بھی سکون غارت ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 215

- اچھا انسان وہ ہے جو بے ضرر ہو اور اگر اس کے پاس دولت یا طاقت ہو تو وہ لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔
- انسان کی پہچان اچھا لباس نہیں بلکہ اچھا اخلاق اور اس کا کردار ہے۔
- سب سے بُرا وہ بوڑھا ہے جس کو بڑھاپے میں بھی گناہوں کی تمنا ہو۔
- سچی توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے نوزائیدہ بچہ، معصوم۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 216

- وہ زمانہ جس میں کچھ لوگ حق سے محروم ہوں اور کچھ لوگ حق سے زیادہ حاصل کریں افراتفری کا زمانہ کہلاتا ہے۔
- چور، لٹیرے، ڈاکو اور عیاش لوگ جس قوم کے ہیرو ہوں اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت برس رہی ہوتی ہے۔
- جھوٹ بول کر جیت جانے سے بہتر ہے سچ بول کر ہار جاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 217

- سکون کی تمنا ہو تو ضد، غصہ کرنا چھوڑ دو۔
- ذاتی مفاد پر ملکی مفاد قربان کرنا غداری ہے۔
- جس دور میں انسان کو حقوق کے لئے جہاد کرنا پڑے اسے جبر کا دور کہتے ہیں اور اگر حقوق کے لئے صرف دعا کا سہارا باقی رہ جائے تو اسے ظلم کا زمانہ کہتے ہیں۔
- غیر مستحق افراد کی مدد کرنا مستحقوں سے زیادتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 218

- جب تک سچے لوگوں کی اکثریت نہ ہو جمہوری فیصلے غلط ہوتے ہیں۔
- جب تک عوام میں حق پسند، حق طلب اور حق آگاہ لوگوں کی کثرت نہ ہو، جمہوریت ایک خطرناک کھیل ہے۔
- جھوٹے معاشرے میں شہرت حاصل کرنے والا سچے معاشرے میں بدنام گنا جاتا ہے۔
- جب تمہیں غصہ آئے تو چپ ہو جاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 219

- سخی وہ ہوتا ہے جس کے پاس دولت ہو لیکن دولت سے محبت نہ ہو۔
- طبیعت کی نرمی اور سخاوت انسان کو دشمنوں کے دلوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے۔
- عیب دار چیزیں فروخت کرنے والا ہمیشہ اللہ کے غضب میں مبتلا رہتا ہے۔
- صبح دیر تک سونا تنگ دستی لاتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 220

- مظلوم کی بددعا سے ڈرو۔
- کنجوسی سے بُرا مرض کوئی نہیں۔
- بدخوئی سے دوست احباب کم ہو جاتے ہیں۔
- مایوسی انسان کی سب سے بڑی دشمن ہے۔
- جسے اپنی آبرو عزیز ہو لڑائی جھگڑے سے کنارہ کش رہے۔
- اپنے وجود کو اتنا غلیظ نہ کرو کہ تمہیں اپنے آپ سے کراہت محسوس ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 221 تا 230

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 221

- جس نے وقت کو برباد کیا، وقت اسے برباد کرتا ہے۔
- بے ادب بدنصیب اور با ادب بانصیب ہوتا ہے۔
- جھوٹ اور فریب کا انجام رسوائی و بربادی ہے۔
- بے کار انسان کا دماغ شیطان کا مکان ہوتا ہے۔
- قدرت کی عطا کردہ کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ کرنے والا ظالم ہے۔
- انتقام لینے سے معاف کرنا بہتر ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 222

- غصہ ہمیشہ حماقت سے شروع ہو کر ندامت پر ختم ہوتا ہے۔
- صحبت بہت جلد اثر کرتی ہے۔
- بدمزاج کو چین کہاں۔
- محنت کامیابی کی کنجی ہے۔
- جس کی نیت اچھی اس کی زندگی اچھی، جس کی نیت خراب اس کی زندگی خراب۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 223

- بُری صحبت سے تنہائی بہتر ہے۔
- حیا عورت کا زیور ہے۔
- ظالم سے بیزاری اور مظلوم کا ساتھ دو۔
- جانوروں پر بھی ظلم نہ کرو۔
- نفس کی پاکیزگی انسان کی عظمت بلند کرتی ہے۔
- جھوٹ بول کر معمولی فائدہ اٹھانے والے ایک دن بڑا نقصان اٹھاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 224

- نیکی گناہ کا کفارہ ہے۔
- بھلائی کرو معلوم نہیں کس وقت کام آئے۔
- ظلم کی ٹہنی کبھی نہیں پھلتی، ظالم کا حشر خراب ہوتا ہے۔
- روزانہ کم از کم ایک نیکی ضرور کیا کرو۔
- کسی کو مصیبت میں دیکھو تو عبرت حاصل کرو۔
- کسی کو تکلیف پہنچا کر خوش مت ہو۔ ممکن ہے کہ تم اس سے زیادہ تکلیف میں مبتلا ہو جاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 225

- جھوٹی گواہی دینا گناہ کبیرہ ہے۔
- اچھائی کرنے کے لئے ہمیشہ کسی بہانے کی تلاش میں رہو۔
- جو شخص یا قوم کام کرنے سے جی چُرائے اسے خوشحالی نصیب نہیں ہو سکتی۔
- بُری عادات میں نہ دب جاؤ بلکہ اپنی اچھائیوں سے بُرائیوں پر غالب آ جاؤ۔
- غصہ شمع انسانیت کو بجھا دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 226

- عذاب کی انتہائی صورت یہ ہے کہ عذاب نازل ہو رہا ہو اور لوگ بدمستیوں، رنگ رلیوں اور عیاشیوں میں محو ہوں۔
- جب امیر ہو جاؤ تو مغرور نہ ہونا اور اگر غریب ہو جاؤ تو مایوس نہ ہونا۔
- دوسروں کو حق دے دو، اپنا حق معاف کر دو، سکون مل جائے گا۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 227

- حلال رزق نہ ہو تو سکون قلب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
- رشوت کے مال پر پلنے والی اولاد لازمی آوارہ، بدچلن اور بدکردار ہوتی ہے۔
- رشوت اور ناجائز مال سے بچوں کی پرورش کر کے انہیں برباد مت کرو۔
- ایسی غربت پر صبر کرنا جس میں عزت محفوظ ہو، اس امیری سے بہتر ہے جس میں ذلت و رسوائی ہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 228

- اگر تم لوگوں سے دولت میں نہیں بڑھ سکتے تو حسن خلق میں بڑھ جاؤ۔
- سیلاب کے آگے بند باندھا جا سکتا ہے مگر بدزبانوں کی زبان بند کرنا محال ہے۔
- انسان کی بے غرض خدمت کرنا ہی انسانیت کی معراج ہے۔
- لوگوں سے ملو تو اخلاق کی بنا پر اور کٹو تو اعمال کی وجہ سے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 229

- انسان کی نیک فطرت کو بیدار ہونے کے لئے نیک صحبت درکار ہے۔
- بدمزاج ہونا اتنا خطرناک نہیں جتنا بدتمیز ہونا۔
- بُرے مقصد میں کامیابی سے اچھے مقصد میں ناکامی بہتر ہے۔
- خاموشی دانا کا زیور اور احمق کا بھرم ہے۔
- زیادہ بولنے والا انسان مجبور ہوتا ہے کہ وہ سچ اور جھوٹ کو ملا کر بولے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 230

- چال، گفتار اور کردار تین ایسے معیار ہیں جن پر کسی بھی انسان کو پرکھا جاتا ہے۔
- منافق کی تین علامتیں ہیں۔ جھوٹ بولنا، وعدہ خلافی کرنا اور امانت میں خیانت کرنا۔
- صرف بزرگوں کی یاد منانے سے بزرگوں کا فیض نہیں ملتا، بزرگوں کے بتائے ہوئے اچھے راستے پر چلنے سے بات بنتی ہے۔
- اختلاف کو اعلیٰ ظرفی اور خندہ پیشانی سے برداشت کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 231 تا 240

سبق نمبر 231 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- اچھے اخلاق اور نرم الفاظ نے کئی خطرناک مراحل کو فتح کیا ہے۔
- اہل وعیال کے ساتھ حد سے زیادہ محبت مت کرو کہ نیک کاموں میں فتور آئے۔
- جس کو ماں باپ ادب نہیں سکھاتے اسے زمانہ دھتکار دیتا ہے۔
- آہستہ بولنا، نیچی نگاہ رکھنا، میانہ چال چلنا شرافت کی نشانی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 232 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- محنتی انسان کے جوہر کھلتے ہیں اور وہ مشکل سے مشکل کام کو سرانجام دے لیتا ہے۔
- غور کیا جائے تو اکثر جس بات پر لڑائی ہوتی ہے وہ بالکل معمولی بات ہوتی ہے۔
- بہادر وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے۔ بہادر وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے اوپر قابو رکھے۔
- مجرموں کے ساتھ رہنا بجائے خود جرم ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 233 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- جب کسی قوم میں بے حیائی پھیل جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر بلائیں اور عذاب نازل کر دیتا ہے۔
- بدبخت ہے وہ شخص جو مر جائے مگر اس کا گناہ نہ مرے یعنی وہ کوئی ایسا بُرا کام شروع کر جائے جو اس کے مرنے پر بھی جاری رہے۔
- تاریخ کا لکھنا اصل چیز نہیں ہے۔ اصل اہمیت تو تاریخ کے بنانے کی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 234 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- اچھے دوست کی پہچان یہ ہے کہ وہ بُرے وقت میں بھی ساتھ نہیں چھوڑتا۔
- آڑے وقت میں پڑوسی کا ساتھ دیا جائے۔
- توبہ میں تاخیر کرنا سخت نقصان دہ ہوتا ہے۔
- نقصان اٹھانے کے بعد بھی جو چیز حاصل ہوتی ہے وہ تجربہ ہے۔
- اپنی خوشی کے لئے دوسروں کی خوشی کو مٹی میں نہ ملاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 235 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- لوگوں کو حقیر سمجھنا اور عیب نکالنا غرور ہے۔
- اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا اللہ کو خوش کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔
- دشمن کے ساتھ ایسا سلوک کرو کہ اگر کبھی صلح ہو جائے تو تمہیں شرمسار نہ ہونا پڑے۔
- ہمیں منصف مزاج ہونے کے علاوہ رحم دل بھی ہونا چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 236 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- سب سے بہترین سوال یہ ہے کہ میں کون سی نیکی کر سکتا ہوں۔
- کسی کا دل نہ دکھاؤ کہ تم بھی دل رکھتے ہو۔
- دوستوں سے ملاقات بکثرت نہ کرو۔ بہتر یہی ہے کہ سلسلہ ملاقات مختصر ہو۔
- اپنے دشمن کے لئے بھٹی اتنی گرم نہ کرو کہ وہ تم ہی کو بھون کر رکھ دے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 237 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- بیکار ہے وہ دولت جو نیک کاموں میں خرچ نہ ہو۔
- بخیل دولت کا مالک نہیں ہوتا بلکہ دولت اس کی مالک ہوتی ہے۔
- بے لگام زبان آدمی کو اکثر مصیبت میں پھنسا دیتی ہے۔
- دشمن پر احسان کرو، وہ دوست بن جائے گا۔
- حسد سے بچو، یہ نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 238 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- اپنی زبان کو قابو میں رکھو بہت سی پریشانیوں اور مصیبتوں سے چھٹکارا مل جائے گا۔
- دنیا میں اس سے زیادہ سخت چیز کوئی نہیں کہ تمہاری کسی کے ساتھ دشمنی ہو۔
- نادان لوگ دولت کے لئے دل کا چین گنوا دیتے ہیں جبکہ عقلمند دل کے چین کے لئے دولت لٹا دیتے ہیں۔
- بُروں کی صحبت نیکوں سے بدگمان کر دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 239 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- آزادی صحافت میں جھوٹ بولنے کی آزادی شامل نہیں ہے۔
- ظلم کو برداشت کر لینا بہ نسبت بدلہ لینے کے بدرجہا بہتر ہے۔
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرو کہ صحبت میں بڑا اثر ہوتا ہے۔
- موت صرف ایک بار ملتی ہے اس لئے عزت کی موت ملنے کی دعا کرنی چاہیے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

سبق نمبر 240 — اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار

- صاحب دانا کی صحبت تنہائی سے بہتر ہے اور بُرے ہم نشینوں کی صحبت سے تنہائی افضل ہے۔
- ظالم کی موت پر ملول ہونا بھی ظلم میں شامل ہے۔
- جانوروں سے بھی پیار کرو اور ان پر ظلم مت کرو۔
- بدترین شخص وہ ہے جس نے اپنی دنیا بنانے کی خاطر دوسروں کی دنیا برباد کر ڈالی۔
- غصہ تھوڑی دیر کی اور غرور ہمیشہ کی دیوانگی ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 241 تا 250

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 241

- غریب آدمی کو دولت مند بننے کے لئے محنت اور دیانتداری سے بڑھ کر عمدہ کوئی ذریعہ نہیں ہے۔
- قرض کو فرض سمجھ کر ادا کرو۔
- غصہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے جو پی گیا اس نے آگ بجھائی اور جو ضبط نہ کر سکا وہ پہلے خود اس میں جلتا ہے۔
- اگر تم کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو غم بھی نہ دو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 242

- کسی قسم کے حالات میں بھی انسان کو اپنا اچھا کردار نہیں بدلنا چاہیے۔
- بُری کتابیں روح کو مار ڈالتی ہیں۔
- کلام میں نرمی اختیار کرو کیونکہ الفاظ کی نسبت لہجے کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔
- ہر مجرم کو ایک نہ ایک دن پچھتانا اور کف افسوس ملنا پڑتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 243

- مایوسی وہ آخری نتیجہ ہے جس پر بزدل پہنچتے ہیں۔
- جرم کسی نہ کسی صورت دل کو بے قرار رکھتا ہے۔
- کبھی کوئی ایسا وعدہ نہ کرو جسے پورا نہ کر سکو۔
- چار باتیں ایسی ہیں کہ جس میں پائی جائیں وہ منافق ہے: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو پورا نہ کرے، جھگڑے تو گالی دے اور معاہدہ کرے تو خلاف ورزی کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 244

- کسی سے بدلہ لینے میں جلدی نہ کرو اور کسی کے ساتھ نیکی کرنے میں تاخیر نہ کرو۔
- ہمت ہارنا ناکامی کی طرف پہلا قدم ہے۔
- اچھا ہمسایہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔
- انسان کی اس سے بڑی بدقسمتی اور کیا ہے کہ اسے کسی مستحق انسان پر احسان کرنے کا موقع ملے اور وہ نہ کرے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 245

- جب انسان نیک ہو جاتا ہے تو اس کا ہر کام نیک ہو جاتا ہے۔
- ہمدردی ایک ایسی سونے کی چابی ہے جو دوسروں کے دلوں میں چاہت کے دروازے کھول دیتی ہے۔
- اچھا دوست اللہ کا دیا ہوا بہترین تحفہ ہے۔
- بے زبان جانوروں سے سلوک کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔
- برے دوستوں سے بچو کیونکہ وہ تمہارا تعارف بن جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 246

- بری صحبت زہر سے بھی زیادہ قاتل ہے، اس سے بچو۔
- ظالم کی مدد کرنا گویا عذاب الٰہی کو دعوت دینا ہے۔
- غرور و تکبر اور ظلم کی سزا اس دنیا میں بھی ضرور ملتی ہے۔
- جب تم کوئی حاجت طلب کرو تو تھوڑی مانگو اتنا نہ مانگو کہ دوسرے پر وبال بن جاؤ۔
- نیکی کرو اور مخلوق کو طریقہ نیکی سکھاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 247

- میٹھے بول غصہ کو دور کرتے ہیں۔
- جھگڑا بڑھنے سے پہلے ہی تم اس سے الگ ہو جاؤ۔
- زیادہ مذاق کی بدولت آپس میں کینہ اور فساد پیدا ہوتا ہے۔
- جو شخص قربانی اور ایثار کے جذبے کا عملی مظاہرہ کرتا ہے وہ مر کر بھی دلوں میں زندہ رہتا ہے۔
- اچھائی کرنے کے لئے ہمیشہ کسی بہانے کی تلاش میں رہو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 248

- خوش مزاجی دکھی دلوں کی دوا ہے۔
- جو زبان پر قابو نہیں رکھے گا وہ پشیمان ہوگا۔
- گناہ ناسور ہے اگر ترک نہ کرو تو برابر بڑھتا رہے گا۔
- تمسخر اڑانا اکثر قطع دوستی، دل شکنی اور دشمنی کا باعث ہوتا ہے۔
- کسی سے اس طرح جھگڑا نہ کرو کہ مصالحت کی گنجائش ہی نہ رہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 249

- مطالعہ، غم اور اداسی کا بہترین علاج ہے۔
- ہر ایک بات پر بحث کرنا اچھا نہیں ہوتا۔
- اگر اپنا گھر سکون کا باعث نہ ہو تو یہ توبہ کا وقت ہے۔
- ایسے فائدوں سے پرہیز کرو جو دوسروں کے نقصان کا باعث ہوں۔
- جس قوم میں غدار پیدا ہونے لگیں اس قوم کے مضبوط قلعے بھی ریت کے گھروندے ثابت ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق نمبر 250

- قوم کے غدار کا انجام بالآخر ذلت آمیز موت ہوتا ہے۔
- بدکلامی تو جانوروں کو بھی پسند نہیں آتی۔
- انسانی زندگی میں قدم قدم پر دکھ ہی دکھ ہیں اس لئے تم ہر طرف خوشیاں پھیلانے کی کوشش کیا کرو۔
- نفرت، نفرت سے کبھی کم نہیں ہوتی محبت سے کم ہوتی ہے۔
- بھوکوں اور محتاجوں کی خدمت سے زیادہ کونسا سودا اچھا ہے۔ اس کا نفع اگلی زندگی میں بھی ملتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 200
سبق نمبر 251 تا 258

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 251** — **اخلاق و کردار**

- سب سے بڑا گناہ ظلم ہے۔
- سب سے بہتر وراثت جو آئندہ نسلوں کے لئے چھوڑی جاسکتی ہے وہ اپنا اچھا چال چلن اور بلند کردار ہے۔
- عورت اگر چاہے تو چاروں اطراف امن اور سکھ کے پھول برسا سکتی ہے۔
- تم کسی کو محبت سے ہمیشہ کے لئے مغلوب کر سکتے ہو مگر طاقت سے نہیں۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 252** — **اخلاق و کردار**

- جہاں نیکی کے بیج کی آبیاری ہو وہیں مسرتیں پروان چڑھتی ہیں۔
- جوش اور ہوش بہت کم یکجا ہوتے ہیں لیکن جس میں یہ دونوں صفات ہوں اسے کبھی لغزش نہیں آتی۔
- ایسا طریق تعلیم کس کام کا جو روزی کمانا تو سکھاتا ہے لیکن سلیقہ سے زندگی بسر کرنا نہیں سکھاتا۔
- دشمن پر محبت سے فتح پاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 253** — **اخلاق و کردار**

- نیکی کا صلہ صرف نیکی ہے۔
- سست رہنے سے مشکلات میں اضافہ ہوتا ہے۔
- کسی کا دل مت دکھاؤ۔
- کسی سے بھی بُری طرح پیش نہ آؤ۔
- سب سے سکھی معاشرہ وہ ہے جس میں ہر شخص ایک دوسرے کے لئے دلی عزت و احترام کا جذبہ رکھتا ہو۔
- نیک نامی انسانیت کا زیور ہے اور روح میں بسی ہوئی خوشبو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 254** — **اخلاق و کردار**

- خوبصورت چہرہ نیک سیرت کے بغیر ایسا ہے جیسے کہ خوشبو کے بغیر گلاب کا پھول۔
- زندگی ہر شخص کو عزیز ہوتی ہے لیکن نیک نامی کے لئے عزت زندگی سے بھی زیادہ عزیز ہے۔
- ہر دانا مخلص اور اچھا انسان گفتگو کم کرتا ہے اور عمل زیادہ۔
- کسی سے مستقل لڑائی جھگڑے کی کیفیت برقرار نہ رکھو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 255** — **اخلاق و کردار**

- خوش مزاجی سے امن وسلامتی حاصل ہوتی ہے۔
- عدل سے بے بہرہ حکمرانوں پر جلد ہی زوال آجاتا ہے۔
- باوجود قدرت کے نیکی نہ کرنے والا ہمیشہ رنج میں رہے گا۔
- زندگی محنت کے بغیر مصیبت اور علم کے بغیر حیوانیت ہے۔
- ایسی قوم کی حالت قابل رحم ہے جو نوسر بازوں کو اپنا ہیرو بناتی ہو۔
- اپنی خوشی کے لئے دوسروں کی خوشی کو مٹی میں نہ ملاؤ۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 256** — **اخلاق و کردار**

- جہاں تک ممکن ہو اپنا کام خود کرو اور دوسروں کو اپنے آرام کے لئے محنت کرنے پر مجبور نہ کرو۔
- انسان کی عقل اور فہم کا اندازہ اس کے غصے کی حالت میں بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔
- جو لوگ امداد کے مستحق ہیں ان کی مدد کرنے میں ان کے سوال کے منتظر نہ رہو۔
- حصول معاش کے لئے ہمیشہ نیک پیشہ اختیار کرو۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 257** — **اخلاق و کردار**

- جذبات اگر قابو سے باہر ہو جائیں تو انسان دیوانگی کی حدود میں داخل ہو جاتا ہے۔
- جواب دینے میں جلدی نہ کرو تاکہ بعد میں خفت و شرمندگی نہ ہو۔
- جو شخص حرام کھاتا ہے اس کے جسم کے تمام اعضا گناہ میں پڑ جاتے ہیں۔
- تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں۔ حرص، حسد اور غرور۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 258** — **اخلاق و کردار**

- کسی سے زیادہ مذاق مت کرو۔ یہ جھگڑے کا باعث ہوتا ہے۔
- سب سے مہنگی عزت ہے اور سب سے قیمتی دوستی۔
- ملک میں فساد نہ پھیلاؤ۔
- امانت سے رزق بڑھتا ہے اور خیانت سے افلاس آتا ہے۔
- بحث مباحثہ کرنے والا اور بہت زیادہ جھگڑالو ناپسندیدہ شخص ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — **سبق نمبر 200**

امن مذاکرات

کسی دو ممالک میں دشمنی کے دوران ہر وقت تو گولہ بارود یا ہاتھ اور لات نہیں چلتے لیکن قلم اور زبان سے زہریلے نشتروں کی بھرمار ضرور جاری رہتی ہے اور ایک دوسرے کی کمزوریوں اور غلطیوں کو اُچھالنے اور ہر قسم کے جھوٹے سچے ہتک آمیز الزامات لگا کر گالی گلوچ کے ذریعے بے عزت کرنے کی گولہ باری تو ہوتی رہتی ہے۔ جب کبھی دشمن ممالک یہ سمجھ لیں کہ لڑائی جھگڑے، مار کٹائی اور گالی گلوچ سے ایک دوسرے کو زیر کرنا ممکن نہیں رہا اور امن وسلامتی اور عزت واحترام سے رہنے میں ہی عقلمندی ہے تو پھر مذاکرات کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کی خاطر:۔

1- سب سے پہلے ایک دوسرے کے گریبان سے ہاتھ ہٹائیں یعنی ایک دوسرے کو بے عزت کرنا بند کریں۔

2- پھر اپنے اپنے ذرائع ابلاغ بشمول پریس، ریڈیو اور ٹی وی کے خبرناموں وغیرہ میں قلم اور زبان سے نشتر چلانے بند کریں اور اپنے لوگوں میں ایک دوسرے کے خلاف غصہ بھڑکانے اور نفرتیں پھیلانے کی بجائے آگ کو ٹھنڈا کرنا شروع کریں۔

3- باہمی دوستی قائم کرنے کی خواہش ہو یا نہ ہو لیکن دشمنی کو ختم کرنے کے طریقوں پر مل بیٹھ کر غور کریں۔

4- تنازعات کا حل جب تک سمجھ میں نہ آجائے تب تک کیلئے ہر قسم کی جنگ بندی اور ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کا سمجھوتہ کریں جس میں زبان بندی اور ایک دوسرے کے خلاف زہریلا پراپیگنڈہ نہ کرنے کی شق کو ضرور شامل کریں۔

عارف الرحمٰن

31-S, Main Canal Bank Road, Muslimabad, Near Fatehgarh Canal Bridge, Mughalpura Lahore - Pakistan.

Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ
سبق نمبر 261 تا 270

اِصلاحِ معاشرہ — سبق نمبر 261 — رِزقِ حلال

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ:
اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ لوگ وہ ہیں جو شیطان کی پسند پر عمل کرتے ہیں، لوگوں کے حقوق غصب کرتے ہیں، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد، گالی گلوچ اور بدزبانی کرتے ہیں اور ظلم و ناانصافی کے مرتکب ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ـــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اصلاحِ معاشرہ | سبق 47-D

یتیم

یتیم وہ نہیں جو والدین کے سائے سے محروم ہو گیا بلکہ یتیم درحقیقت وہ ہے جو اخلاقی نگرانی سے محروم رہا۔ اخلاقی تربیت سے محروم بچے میں نیک بننے کے امکانات بہت کم رہ جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ـــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web:www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر S-66-B تا S-71-B — 159-B تا 308-B — 313 تا 314

اِصلاحِ معاشرہ — غرور۔تکبر — سبق S-66-B

جب کسی کے زوال کے دن آتے ہیں تو وہ غرور کا شکار ہو جاتا ہے۔ غرور، تکبر یہ ہے کہ حق بات کو نہ ماننا، حق بات سے انکار کرنا، لوگوں کو ذلیل دیکھنا، ذلیل کرنا، حقارت کرنا، رسوائی کرنا، مارنا پیٹنا گالی دینا، اپنے برابر بیٹھنے نہ دینا اور نہ برابر چلنے دینا وغیرہ۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — ملاوٹ — سبق S-70-B

غذائی اشیاء اور ادویات میں ملاوٹ اور جعل سازی جانوں کو ناحق قتل کرنے کے برابر ہے۔ بیشتر صورتوں میں ملاوٹ کا فوری نقصان ظاہر نہیں ہوتا لیکن رفتہ رفتہ اس کے مضر اثرات صحت کے خاتمہ اور موت کا بہانہ بن جاتے ہیں اور یوں ملاوٹ کرنے والے روز حساب قاتلوں کی صف میں شامل کردیئے جائیں گے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — غصہ۔شرافت — سبق S-71-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق:
قدرت کے باوجود دوسرے کی غلطی کو معاف کر دینا، بحث و تکرار کے وقت مخاطب کو معاف کر کے غصہ کو پی جانا، ہمیشہ غصے کو قابو میں رکھنا اور اللہ کے بندوں کے ساتھ نرمی اختیار کرنا اعلیٰ درجے کی شرافت ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — تکبر۔غرور — سبق 159-B

- لوگوں کو حقیر جاننے کا نام تکبر ہے۔
- متکبر انسان ایک ایک کر کے سب سے نفرت کرتا اور بے عزت کرتا ہے۔
- مغرور شخص کا کوئی سچا دوست نہیں ہوتا۔
- اعلیٰ رتبے اور دولت کے نشے میں مدہوش مغرور شخص ہر کسی کو دُکھ دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کام چوری — سبق 175-B

اگر تم ڈیوٹی ٹائم میں زیادہ کام کر سکتے ہو مگر نہیں کرتے، کام سست رفتاری سے کرتے ہو یا حیلے بہانوں سے وقت ضائع کرتے ہو تو پھر یہ کام چوری ہے اور تمہارا کمایا ہوا روپیہ حرام ہے۔

نوٹ: یاد رکھو کہ حرام رزق کھانے سے گھر میں برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی پھیلاؤ — سبق 186-B

جو بھی اچھی اور نیکی کی بات سنو، دیکھو یا پڑھو اس کو لکھ لو۔ جو لکھو اسے یاد کر لو اور پھر زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچاؤ۔

نیکی پھیلاؤ ۔ بدی مٹاؤ
پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خدمتِ خلق — سبق 187-B

خدمتِ خلق عبادت ہے۔ محتاجوں کی امداد، یتیموں کی کفالت، بیواؤں کی خبر گیری، بیماروں کی بیمار پرسی، خادموں کے ساتھ حسنِ سلوک، ہمسایوں سے اچھا سلوک، جانوروں پر رحم، تکلیف دہ چیزوں کو راستے سے ہٹا دینا وغیرہ اور نیکی پھیلانا خدمتِ خلق کے کاموں میں شامل ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 308-B

اعلیٰ اخلاق و کردار میں خلوص و محبت شرافت و پاکیزگی، شرم و حیا، دیانت و امانت، عدل و انصاف، رحم دلی، فیاضی تواضع، انکساری، حق گوئی، ثابت قدمی ایثار و قربانی، ہمدردی، مہربانی، قناعت و سادگی اور خوش کلامی سب ہی شامل ہیں۔

نوٹ: اپنے اور اپنے پیاروں کے کردار میں یہ تمام خوبیاں پیدا کرو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — حرام مال و دولت — سبق 313

آپ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
"قسم ہے اُس اللہ تعالیٰ کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! حرام کمائی کا لقمہ جو انسان اپنے پیٹ میں ڈالتا ہے اُس کی نحوست کی وجہ سے چالیس دن کی اُس کی عبادت اور دُعا قبول نہیں ہوتی۔ جو گوشت پوست حرام مال و دولت سے پلا وہ جہنمی ہے"۔ (آنحضور ﷺ)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — رسول اللہ ﷺ نے فرمایا — سبق 314

"قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم ضرور نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے روکو ورنہ وہ وقت دور نہیں کہ جب اللہ تعالیٰ تم پر عذاب نازل کر دے۔ اُس وقت تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو گے مگر تمہاری دعا نہیں سنی جائے گی"۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 284-B —— 315 تا 323

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 284-B — جواب طلبی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کہ ہر گھر کے سربراہ سے اُس کے گھر کے افراد کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی کہ اُس نے اُن کی اصلاح، تربیت اور بہتر زندگی کیلئے کیا کچھ کیا تھا۔ انہیں بُری راہوں پر چلنے سے روکا تھا یا نہیں اور ایک پاکیزہ زندگی بسر کرنے میں اُن کی مدد کی تھی یا نہیں؟

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 315 — حرام رزق

حرام رزق بھی ایک زہر ہے جس کو کھانے سے ضمیر مردہ ہو جاتے ہیں اور یوں بچوں، بڑوں اور بوڑھوں میں ہر قسم کی برائیاں اور بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ اس لئے حرام رزق کا زہر کھانے اور کھلانے سے توبہ کرو اور خود کو اور اپنے پیاروں کو برائیوں اور بیماریوں سے بچاؤ۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 316 — غلامی

اپنے عزیزوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو خوش رکھنے کی غلامی کرنے میں اتنے محومت ہو جاؤ کہ تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے اور ان کو پھیلانے کیلئے وقت اور روپیہ ہی باقی نہ بچے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 317 — حرام وراثت

اگر کوئی بد بخت شخص حرام سے کمائی ہوئی دولت اور جائیداد چھوڑ مرے تو ایسی وراثت سے ہرگز کوئی فائدہ نہ اُٹھایا جائے کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ "جو گوشت اور خون حرام مال و دولت پر پرورش پائے گا وہ جنت میں نہیں جائے گا"۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 318 — ظالم والدین

جو والدین رشوت، بدعنوانی یا دغا بازی وغیرہ سے کمائی ہوئی حرام دولت سے اولاد کی پرورش کرتے ہیں اُن کی اولاد حرام رزق پر پلنے کی وجہ سے برائیوں میں مبتلا ہو کر زندگی بھر کوئی نیک کام کرنے کے لائق نہیں رہتی اور یوں جنت کے دروازے اس پر بند ہو جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 319 — اساتذہ سے اپیل

آپ طلباء کو محنت اور ایمانداری سے کمائے گئے رزقِ حلال کے فوائد اور رشوت، بدعنوانی اور دغا بازی وغیرہ سے کمائے گئے حرام رزق کے نقصانات کے بارے میں تفصیل سے بتائیں اور اگر ممکن ہو تو اصلاحِ معاشرہ کے موضوع پر روزانہ پانچ منٹ کا لیکچر دیا کریں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 320 — میاں بیوی

عقل مند میاں بیوی ایک دوسرے کے ہمدرد، خیر خواہ، ایک دوسرے پر اعتماد کرتے، عزت و احترام کرتے اور پردہ پوشی کرتے ہیں۔۔۔ o جبکہ۔۔۔ o بیوقوف میاں بیوی ایک دوسرے پر بھروسہ و اعتماد نہیں کرتے، ایک دوسرے کی تذلیل کرتے، مذاق اُڑاتے اور غیروں سے محبت اور تعلقات کو ترجیح دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 321 — میاں بیوی

عقل مند میاں بیوی ایک دوسرے پر اپنی مرضی مسلط نہیں کرتے بلکہ ایک دوسرے کی پسند و ناپسند کا خیال رکھتے ہیں۔۔۔ جبکہ۔۔۔ بے وقوف میاں بیوی ایک دوسرے پر اپنی مرضی مسلط کرنے کی کوشش کرتے ہوئے بحث و تکرار سے رشتہ تباہ کر لیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 322 — امام مسجد سے اپیل

آپ لوگوں کو محنت اور ایمانداری سے کمائے گئے رزقِ حلال کے فوائد اور رشوت، بدعنوانی اور دغا بازی وغیرہ سے کمائے گئے حرام رزق کے نقصانات کے بارے میں تفصیل سے بتائیں اور اگر ممکن ہو تو اصلاحِ معاشرہ کے موضوع پر اکثر خطبات دیا کریں۔ شکریہ

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 323 — بُری صحبت

بُری صحبت کا انجام ذلت، رسوائی اور بربادی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا۔ اسی طرح نیک صحبت سینکڑوں برائیوں سے حفاظت کا ذریعہ بنتی ہے۔ ہر عقلمند انسان کو جیسے نیکی کرنے کی تلاش رہتی ہے ویسے ہی بدی سے پرہیز بھی رہتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 324 تا 333

اِصلاحِ معاشرہ — نیک بنیں — سبق 324

نیک انسان بنیں۔ ہمیشہ محنت اور ایمانداری سے حلال کا روپیہ کمائیں۔ نیکی پھیلائیں، بدی مٹائیں، پاکیزہ زندگی بسر کریں اور یوں خود کو اور اپنے گھر والوں کو بُرائیوں، بیماریوں اور پریشانیوں سے محفوظ بنائیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رشوت ستانی بدعنوانی — سبق 325

جس قوم میں رشوت ستانی، بدعنوانی اور دغا بازی کی لعنت عام ہو جائے اس پر جلد یا بدیر تباہی و بربادی آ کر ہی رہتی ہے اس لئے ایسی قوم کا اچھا سوچنے والوں کو تو ہر صورت موت آنے سے پہلے بہت کچھ کر گزرنا چاہیے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بزرگوں اپیل سے — سبق 326

دُکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔ آپ اپنے خاندان کے تمام برسرروزگار افراد سے محنت اور ایمانداری سے رزقِ حلال کمانے کا حلف لیں تا کہ کرپشن اور بدعنوانی کی لعنت سے ماری، سسکتی، تڑپتی اور بلکتی ہوئی اس دُکھی اور بدحال قوم کی تقدیر بدل سکے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — توبہ و استغفار — سبق 327

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص دل سے سچی توبہ کرتا ہے اور اپنے گناہوں پر نادم ہوتا اور افسوس کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کی برائیوں کو مٹا دیتا ہے، گناہوں کو معاف کر دیتا ہے، توبہ قبول کرتا ہے اور درجات بلند کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — توبہ و استغفار — سبق 328

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص آئندہ حرام کمانے پر دل سے سچی توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو ہر غم سے چھٹکارا دیتا ہے، ہر تنگی سے نکال لیتا ہے اور اُس کو وہاں سے رزق حلال دیتا ہے جہاں سے اُس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بے لگام غصہ — سبق 329

انسان کا بے لگام غصہ کا اظہار کرنا اُس کیلئے تباہی اور بربادی ہی لاتا ہے۔ بے جا خون کا کھولنا، بھڑکنا، آگ بگولا ہونا، جھگڑا کرنا، بدمزاجی اور بدزبانی سے بچنے کیلئے سوچوں میں تبدیلی، تحمل، برداشت، نظر انداز، درگزر کرنے اور معاف کر دینے کا جذبہ لانا ضروری ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بین المذاہب ہم آہنگی — سبق 330

گذشتہ سینکڑوں سالوں کی تاریخ مذہبی انتہا پسندی کی آڑ میں ایک دوسرے مذاہب کے پیروکاروں پر مظالم سے بھری پڑی ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ تاریخ میں کئے گئے مظالم اور ظالموں کی نشاندہی ہو اور وہ اپنے کئے پر شرمندہ ہوں اور معافی مانگیں اور یوں دنیا میں امن قائم ہو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بدمزاجی — سبق 331

بدمزاج انسان کی پہچان یہ ہے کہ وہ کبھی کسی بات پر متفق نہیں ہوتا، ہمیشہ نفی میں جواب دیتا ہے، بیزار دکھائی دیتا ہے اور اپنی مرضی دوسروں پر مسلط کرنے کی کوشش میں رہتا ہے۔ ایسا بدمزاج انسان عزیزوں، رشتہ داروں، دوستوں اور لوگوں میں اپنی عزت کھو بیٹھتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بدی کا سرچشمہ — سبق 332

- دنیا میں تمام مافیاز بار اینڈ بنچ مافیا کی چھتری تلے ہی پلتے اور پنپتے ہیں۔
- بار اینڈ بنچ مافیا ایک ہی کھوٹے سکے کے دو رُخ ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کرپٹ منصف — سبق 333

دنیا میں کہیں بھی امیر اور غریب کیلئے الگ قانون نہیں ہے۔ ہاں البتہ جب کہیں کوئی کرپٹ منصف فیصلہ لکھتے وقت ڈنڈی مارتا ہے تو انصاف کے ترازو کا پلڑا امیر کے حق میں ضرور جھک جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 22-B تا 201-B اور سبق نمبر 334 تا 336

اِصلاحِ معاشرہ — وقت کا ضیاع — سبق 22-B

- وقت کا ضیاع سب سے بڑی اور سب سے مہنگی فضول خرچی ہے۔
- وقت ضائع کرتے وقت یہ یاد رکھنا چاہیے کہ وقت بھی آپ کو ضائع کر رہا ہے۔
- سب سے بڑے چور وہ ہیں جو آپ کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — راہِ نجات — سبق 188-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ہر ایک سے نرمی کا برتاؤ کرو۔ کسی کو بُرا بھلا مت کہو۔ خود کو بری باتوں سے بچاؤ۔ دوسروں کو نیک کام کرنے کا کہو اور اُن کو برائی سے بچاؤ۔ دوسروں کو نیچا دکھانے اور اپنے آپ کو اونچا دکھانے کی کوشش مت کرو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — راہِ نجات — سبق 189-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق کسی کو دھوکا نہ دو۔ جھوٹ نہ بولو، چغلیاں نہ کھاؤ، غیبت نہ کرو۔ اگر تمہارے پاس کافی مال و دولت ہو تو محتاجوں، مفلسوں اور غریبوں کو بھی اس میں سے دو۔ اپنے حق پر زیادہ زور مت دو اور دوسروں کا حق ٹھیک ٹھیک ادا کرو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — راہِ نجات — سبق 191-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق نیکی پھیلاؤ، بدی مٹاؤ، نیک کاموں میں سب سے آگے رہنے کی کوشش کرو، نیک اور بد میں تمیز کرو، بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت کرو، مال دار ہو تو کنجوسی مت کرو، محنت اور ایمانداری کی زندگی بسر کرو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — راہِ نجات — سبق 192-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق دھوکے سے دوسروں کا مال مت چھینو۔ روپیہ پیسہ کمانے میں حلال و حرام طریقوں کا خیال رکھو۔ کسی کے ساتھ زبان درازی مت کرو۔ ذرا ذرا سی بات پر غضبناک مت ہو جاؤ۔ اوروں کی ٹیڑھی سخت بات کو برداشت کرنے کی عادت ڈالو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اچھی عادتیں — سبق 194-B

اچھی عادتیں اور اخلاق اچھے رکھو۔ اچھے اخلاق، پسندیدہ اعمال اور شائستہ اطوار سے انسان کی قدر و قیمت نمایاں ہوتی ہے۔ بُرائی کا جواب بُرائی سے مت دو۔ درگزر کرنے اور معاف کر دینے کی عادت ڈالو۔ لوگوں کو بُری عادتوں کے بُرے انجام کے بارے میں حکمت سے سمجھاؤ۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 201-B

سخت دل اور بے درد مت بنو۔ فضول بے فائدہ گفتگو اور بحث و تکرار مت کرو۔ جس میں ادب نہیں اس میں سب برائیاں ہی برائیاں ہیں۔ اچھے اخلاق میں وہ تمام باتیں جن میں لوگوں کے ساتھ اچھی گفتگو۔ اچھا معاملہ، خوبصورت برتاؤ اور پاکیزہ رویہ وغیرہ سب شامل ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کے کام — سبق 334

حضور نبی کریم ﷺ کے مطابق کسی کیلئے مسکرا دینا۔ راہ سے کانٹے ہٹا دینا۔ بھوکے کو کھانا کھلا دینا۔ بے لباس کو کپڑے پہنا دینا۔ کسی یتیم غریب کے سر پر دستِ شفقت رکھ دینا۔ پیاسے کو پانی پلا دینا یہ تمام وہ چھوٹی چھوٹی نیکیاں ہیں جن کا اجر بہت بڑا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رضائے الٰہی — سبق 335

قرآن پاک کے مطابق اگر تمہاری دلی خواہش ہو کہ تم سے کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہونے پائے جو رضائے الٰہی کے خلاف ہو تو اللہ تعالیٰ تمہارے اندر وہ قوت اور تمیز پیدا کر دے گا جس سے قدم قدم پر تمہیں خود معلوم ہو جائے گا کہ کون سا رویہ صحیح ہے اور کون سا غلط۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ملازم سے سلوک — سبق 336

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق اپنے ملازمین سے نرمی اور عزت سے پیش آؤ۔ اُن پر اُن کی طاقت و صلاحیت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو اور اگر ضروری ہو تو پھر اُن کا ہاتھ بٹانا تمہارا فرض ہے۔ وہ آقا جو اپنے ملازمین سے بدسلوکی کرتا ہے جنت میں کبھی داخل نہیں ہوگا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 204-B تا 215-B اور سبق نمبر 337

اِصلاحِ معاشرہ — رحم دل انسان — سبق 204-B

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔ تمہیں اگر کبھی انتقام لینے کا موقع ملے بھی تو اُس وقت اپنے رحم دل ہونے کا ثبوت دو اور معاف کردو۔ بیشک بے رحم سنگ دل شخص کی معاشرے میں کوئی عزت نہیں ہوتی۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 206-B

دوسروں کی زندگی میں زہر گھولنے کی بجائے اپنے کردار کو سنوارنے کی کوشش کرو۔ ہر ایک کو اپنا نامہ اعمال بھرنا ہے خواہ بُرائی سے بھرے یا نیکی سے۔ نیک لوگوں سے میل جول ہی اچھے مستقبل کی ضمانت ہے۔ اچھی زندگی اور عمدہ آخرت کیلئے چھوٹی چھوٹی نیکیاں کرنا بہت ضروری ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیک بندے — سبق 207-B

نیک بندے زمین پر نرم شریفانہ چال چلتے ہیں یعنی سینہ پھیلا کر، گردن اکڑا کر، متکبروں مغروروں سرکشوں کی طرح نہیں چلتے کہ ان کی چال ڈھال دوسروں پر رعب جمائے اور ان کا دبدبہ بڑھے۔ وہ اوروں کی ٹیڑھی سخت بات کو برداشت کرتے ہیں اور غصے میں آپے سے باہر نہیں ہوجاتے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی انتہا — سبق 208-B

بدی کے دریا میں ڈوبے ہوئے کو نیکی کے ساحل پر لے آنا نیکی کا انتہائی عمل ہے۔۔ نیکی کرنے کی خواہش پوری ہو نہ ہو یہ بذات خود نیکی ہے۔۔ اپنی فطرت کو ایسے اچھا بناؤ جس طرح گلاب ہے کہ دوست ہو یا دشمن جو بھی ملے خوشبو لیتا جائے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کا خیال — سبق 209-B

نیکی کا خیال ذہن میں آئے تو اسے فوراً ہی عمل میں لاؤ اور بدی ذہن میں آ رہی ہو تو آخری دم تک سوچتے جاؤ حتیٰ کہ وہ نہ کرنی پڑے۔ چھوٹی نیکی کو کبھی چھوٹا نہ سمجھو اور چھوٹے گناہ کو کبھی چھوٹا گناہ نہ سمجھو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غصہ — سبق 210-B

غصہ ایسا شر ہے جو انسان کے مستقبل کو برباد کر دیتا ہے۔ پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔ جس شخص نے اپنی زبان، نفس اور غصے کو قابو میں رکھا گویا اس نے سینکڑوں دلوں کو اپنے بس میں کرلیا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوست — سبق 211-B

دوست وہ ہے جو تم سے تمہاری خامیاں بیان کرے اور لوگوں سے تمہاری خوبیاں۔ کسی پر بھروسہ کرو تو مکمل کرو یا تو تمہیں ایک اچھا دوست ملے گا نہیں تو ایک سبق۔ اُن بزرگوں کی پیروی کرو جو تمہاری زندگی میں اصلاح پیدا کرسکیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سکونِ قلب — سبق 214-B

اگر سکون چاہتے ہو تو دوسروں کا سکون برباد نہ کرو کیونکہ جو کسی کا سکونِ قلب برباد کرتا ہے اس کا بھی سکون غارت ہو جاتا ہے۔ شکر، صبر، معافی، توبہ اور پرہیز گاری سے زندگی پُرسکون گزرتی ہے۔ ظالم بننے سے مظلوم بن جانا بہتر ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اچھا انسان — سبق 215-B

انسان کی پہچان اچھا لباس نہیں بلکہ اچھا اخلاق اور اُس کا کردار ہے۔ اچھا انسان وہ ہے جو بے ضرر ہو اور اگر اُس کے پاس دولت یا طاقت ہو تو وہ لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔ سب سے بُرا وہ بوڑھا ہے جس کو بڑھاپے میں بھی گناہوں کی تمنا ہو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سیاسی گینگ — سبق 337

دنیا میں جہاں بھی سیاسی جماعتیں اپنے منشور سے ہٹ کر کریمنل گینگ کا روپ دھار لیتی ہیں وہاں ان کی لیڈر شپ، سپورٹرز اور ووٹرز سبھی ظلم، جبر اور لوٹ مار میں مصروف ہوجاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 219-B تا 231-B اور سبق نمبر 338 تا 341

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 219-B

- سکون کی تمنا ہو تو ضد اور غصہ کرنا چھوڑ دو۔
- جب تمہیں غصہ آئے تو چپ ہو جاؤ۔
- طبیعت کی نرمی اور سخاوت انسان کو دشمنوں کے دلوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے۔
- جھوٹ بول کر جیت جانے سے بہتر ہے سچ بول کر ہار جاؤ۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 221-B

- جھوٹ اور فریب کا انجام رسوائی و بربادی ہے۔
- مظلوم کی بددعا سے ڈرو۔
- انتقام لینے سے معاف کرنا بہتر ہے۔
- بدخوئی سے دوست احباب کم ہو جاتے ہیں۔
- جس نے وقت کو برباد کیا، وقت اسے برباد کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 222-B

- غصہ ہمیشہ حماقت سے شروع ہو کر ندامت پر ختم ہوتا ہے۔
- صحبت بہت جلد اثر کرتی ہے اس لئے بُری صحبت سے تنہائی بہتر ہے۔
- جس کی نیت اچھی اُس کی زندگی اچھی، جس کی نیت خراب اُس کی زندگی خراب۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی۔ اچھائی — سبق 225-B

- بُری عادات میں نہ دب جاؤ بلکہ اپنی اچھائیوں سے بُرائیوں پر غالب آجاؤ۔
- نیکی گناہ کا کفارہ ہے۔
- روزانہ کم از کم ایک نیکی کا کام ضرور کیا کرو۔
- نیکی، اچھائی کرنے کیلئے ہمیشہ کسی بہانے کی تلاش میں رہو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رشوت — سبق 227-B

- حلال رزق نہ ہو تو سکون قلب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
- رشوت کے مال پر پلنے والی اولاد عموماً عیاش، آوارہ، بدچلن اور بدکردار ہوتی ہے۔
- رشوت اور ناجائز مال سے بچوں کی پرورش کر کے انہیں برباد مت کرو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 229-B

- سیلاب کے آگے بند باندھا جا سکتا ہے مگر بدزبانوں کی زبان بند کرنا محال ہے۔
- بدمزاج ہونا اتنا خطرناک نہیں جتنا بدتمیز ہونا۔
- خاموشی دانا کا زیور اور احمق کا بھرم ہے۔
- زیادہ بولنے والا انسان مجبور ہوتا ہے کہ وہ سچ اور جھوٹ کو ملا کر بولے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 231-B

- چال، گفتار اور کردار تین ایسے معیار ہیں جن پر کسی بھی انسان کو پرکھا جاتا ہے۔
- آہستہ بولنا، نیچی نگاہ رکھنا، میانہ چال چلنا شرافت کی نشانی ہے۔
- اچھے اخلاق اور نرم الفاظ نے کئی خطرناک مراحل کو فتح کیا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جنت کی ضمانت — سبق 338

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اگر تم 6 باتوں پر عمل کرو تو میں تمہارے لئے جنت کا ضامن ہوں گا۔

(1) بولو تو سچ بولو (2) وعدہ کرو تو اسے پورا کرو (3) امانت ادا کرو
(4) اپنی خواہشات کی حفاظت کرو
(5) اپنی نگاہیں پست رکھو (6) اپنے ہاتھ کو بچا کر رکھو کہ کسی کو تکلیف نہ دو"۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — دُعا — سبق 340

اللہ تعالیٰ سے یہ دُعا مانگنی چاہیے کہ وہ ہمیں اخلاص کے ساتھ نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں گناہوں سے پاک زندگی عطا فرما کر وہ اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے جن سے ہماری نیکیوں والے پلڑے جھک جائیں اور برائیوں والے پلڑے ہلکے ہو جائیں (آمین)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ROLE MODEL مثالی شخصیت — سبق 341

بدعنوان کرپٹ صاحب حیثیت لوگ جس قوم کے نام نہاد قابل احترام رول ماڈل بن گئے ہوں ایسی قوم کو بدی کے سمندر میں ڈوب جانے سے بچانے کیلئے سرتوڑ کوشش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 235-B تا 241-B - 112-C اور سبق نمبر 342 تا 346

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 235-B — اخلاق و کردار

- اپنی خوشی کیلئے دوسروں کی خوشی کو مٹی میں نہ ملاؤ۔
- اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا اللہ کو خوش کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔
- دشمن کے ساتھ ایسا سلوک کرو کہ اگر کبھی صلح ہو جائے تو تمہیں شرم سار نہ ہونا پڑے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 238-B — بے لگام زبان

- بے لگام زبان آدمی کو اکثر مصیبت میں پھنسا دیتی ہے۔
- اپنی زبان کو قابو میں رکھو، بہت سی پریشانیوں اور مصیبتوں سے چھٹکارا مل جائے گا۔
- اپنے دشمن کیلئے بھٹی اتنی گرم نہ کرو کہ وہ تم ہی کو بھون کر رکھ دے۔

محنت اور ایمانداری۔ سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 239-B — عزت کی موت

- موت صرف ایک بار ملتی ہے اس لئے عزت کی موت ملنے کی دعا کرنی چاہیے۔
- بُروں کی صحبت نیکوں سے بدگمان کر دیتی ہے۔
- نادان لوگ دولت کیلئے دل کا چین گنوا دیتے ہیں جبکہ عقل مند دل کے چین کیلئے دولت لٹا دیتے ہیں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 241-B — اخلاق و کردار

- غریب آدمی کو دولت مند بننے کیلئے محنت اور دیانتداری سے بڑھ کر عمدہ کوئی ذریعہ نہیں ہے۔
- غصہ بڑھکتی ہوئی آگ ہے جو پی گیا اُس نے آگ بجھائی اور جو ضبط نہ کر سکا وہ پہلے خود اس میں جلتا ہے۔
- اگر تم کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو غم بھی نہ دو۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 112-C — عدل و انصاف

- قابل رحم ہے وہ قوم جہاں انسانیت بستر مرگ پر اور قانون و انصاف عالم نزاع میں ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جس میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا اصول چل رہا ہو۔
- قابل رحم ہے وہ قوم جہاں مخلوق تو مٹے جا رہی ہو لیکن عادلانہ نظام کی کوئی اُمید پیدا نہ ہو رہی ہو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 342 — عدل و انصاف

- عدل کے بغیر ملک ویران اور اجاڑ ہو جاتے ہیں۔
- جس معاشرے میں عدل نہیں ہوگا اس میں کبھی استحکام نہیں آ سکتا۔
- آزاد عدلیہ کو ڈنڈی مارنے کی آزادی حاصل نہیں ہوتی۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 343 — تباہی، بربادی

قرآن کریم میں بھٹکی ہوئی نافرمان قوموں کی تباہی، بربادی اور ہلاکت کی عبرتناک داستانیں بیان کی گئی ہیں جن میں پایا جانے والا غبن، کرپشن، ناپ تول میں کمی، امانت میں خیانت، بدعنوانی اور ناانصافی کا نظام رائج تھا۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 344 — راہنما۔ قائد

اگر کوئی قوم تہیہ کر لے کہ وہ غریبی اور خستہ حالی سے نجات حاصل کر کے رہے گی اور راہزنوں کی جگہ کوئی اچھا راہنما قائد نصیب ہو جائے تو پھر اس کی غریبی اور خستہ حالی لازماً ختم ہو جاتی ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 345 — موت

- لوگوں کی خدمت اور بھلائی کی خاطر ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے مرنے سے زیادہ بہتر موت اور کیا ہو سکتی ہے۔
- جب مرو تو لوگ تمہاری موت پر افسوس کریں۔ سانپ اور بچھو جیسے نہ بنو کہ تمہارے مرنے پر لوگ اطمینان کا سانس لیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 346 — ناانصافی

- جس معاشرے میں انصاف نہ ہو وہاں ظلم کی سیاہ رات چھا جاتی ہے۔
- جب عدل طاقتوروں کا سہارا بن جائے تو انسان مایوس ہو جاتا ہے، آبادیاں فتنہ فساد سے بھر جاتی ہیں اور معاشرہ برباد ہو جاتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 347 تا 349 اور سبق نمبر 244-B تا 251-B

اِصلاحِ معاشرہ — منصف — سبق 347

- منصف کو چاہئے کہ وہ غور سے سنے عقلمندی سے جواب دے، سنجیدگی سے سوچے اور غیر جانبداری سے فیصلہ سنائے۔
- منصف غصے میں ہرگز انصاف نہیں کرسکتا۔
- جو منصف عہدہ خریدتا ہے وہ فیصلے فروخت کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عدل۔ اخلاق — سبق 348

جہاں معاشرے میں عدل و انصاف ہو وہاں تمام افراد کے اخلاق خود بخود سدھر جاتے ہیں لیکن جہاں معاشرے میں نا انصافی ہو اور مقاماتِ عدل میں (Stay-Bail-Date) سٹے، بیل اور تاریخ بیچنے کی منڈیاں لگی ہوں وہاں معاشرے میں افراد کے اخلاق سدھارنے کی تمام کوششیں ناکام ثابت ہوتی ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قانون کا احترام — سبق 349

جب قانون ہر ایک پر مساوی طور پر لاگو ہو تو اُس کا احترام ہوتا ہے جبکہ طاقتور اور امیر پر تو قانون کا اطلاق نہ ہو اور کمزور و غریب پر لاگو کر دیا جائے تو معاشرے میں قانون کا احترام ختم ہو جاتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 244-B

- کلام میں نرمی اختیار کرو کیونکہ الفاظ کی نسبت لہجے کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔
- ہر مجرم کو ایک نہ ایک دن پچھتانا اور کفِ افسوس ملنا پڑتا ہے۔
- کسی سے بدلہ لینے میں جلدی نہ کرو اور کسی کے ساتھ نیکی کرنے میں تاخیر نہ کرو۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی۔ ہمدردی — سبق 245-B

- انسان کی اس سے بڑی بدقسمتی اور کیا ہے کہ اسے کوئی نیکی کرنے کا موقع ملے اور وہ نہ کرے۔
- ہمدردی ایک ایسی سونے کی چابی ہے جو دوسروں کے دلوں میں چاہت کے دروازے کھول دیتی ہے۔
- برے دوستوں سے بچو کیونکہ وہ تمہارا تعارف بن جاتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 246-B

- بری صحبت زہر سے بھی زیادہ قاتل ہے اس سے بچو۔
- ظالم کی مدد کرنا گویا عذاب الٰہی کو دعوت دینا ہے۔
- غرور و تکبر اور ظلم کی سزا اس دنیا میں بھی ضرور ملتی ہے۔
- نیکی کرو اور مخلوق کو طریقہ نیکی سکھاؤ۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 247-B

- میٹھے بول غصہ کو دور کرتے ہیں۔
- زیادہ مذاق کی بدولت آپس میں کینہ اور فساد پیدا ہوتا ہے۔
- اچھائی اور نیکی کرنے کیلئے ہمیشہ کسی بہانے کی تلاش میں رہو۔
- خوش مزاجی دُکھی دلوں کی دوا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 248-B

- جو زبان پر قابو نہیں رکھے گا وہ پشیمان ہوگا۔
- گناہ ناسور ہے اگر ترک نہ کرو تو برابر بڑھتا رہے گا۔
- تمسخر اڑانا اکثر قطع دوستی، دل شکنی اور دشمنی کا باعث ہوتا ہے۔
- کسی سے اس طرح جھگڑا نہ کرو کہ مصالحت کی گنجائش ہی نہ رہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 249-B

- مطالعہ، غم اور اُداسی کا بہترین علاج ہے۔
- ہر ایک بات پر بحث کرنا اچھا نہیں ہوتا۔
- اگر اپنا گھر سکون کا باعث نہ ہو تو یہ توبہ کا وقت ہے۔
- ایسے فائدوں سے پرہیز کرو جو دوسروں کے نقصان کا باعث ہوں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 251-B

- بھوکوں اور محتاجوں کی خدمت سے زیادہ کون سا سودا اچھا ہے۔ اس کا نفع تو اگلی زندگی میں بھی ملتا ہے۔
- سب سے بہتر وراثت جو آئندہ نسلوں کیلئے چھوڑی جا سکتی ہے وہ اپنا اچھا چال چلن اور بلند کردار ہے۔
- تم کسی کو محبت سے ہمیشہ کیلئے مغلوب کر سکتے ہو مگر طاقت سے نہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 254-B تا 269-B اور سبق نمبر 350 - 16-C - 19-D

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 254-B

- نیکی کا صلہ صرف نیکی ہے۔
- سُست رہنے سے مشکلات میں اضافہ ہوتا ہے۔
- نیک نامی انسانیت کا زیور ہے اور روح میں بسی ہوئی خوشبو۔
- خوبصورت چہرہ نیک سیرت کے بغیر ایسا ہے جیسے کہ خوشبو کے بغیر گلاب کا پھول۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 255-B

- خوش مزاجی سے امن و سلامتی حاصل ہوتی ہے۔
- باوجود قدرت کے نیکی نہ کرنے والا ہمیشہ رنج میں رہے گا۔
- زندگی محنت کے بغیر مصیبت اور علم کے بغیر حیوانیت ہے۔
- اپنی خوشی کیلئے دوسروں کی خوشی کو مٹی میں نہ ملاؤ۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 256-B

- جہاں تک ممکن ہو اپنا کام خود کرو اور دوسروں کو اپنے آرام کیلئے محنت کرنے پر مجبور نہ کرو۔
- انسان کی عقل اور فہم کا اندازہ اس کے غصے کی حالت میں بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔
- حصولِ معاش کیلئے ہمیشہ نیک پیشہ اختیار کرو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 257-B

- جذبات اگر قابو سے باہر ہو جائیں تو انسان دیوانگی کی حدود میں داخل ہو جاتا ہے۔
- جواب دینے میں جلدی نہ کرو تا کہ بعد میں خفت و شرمندگی نہ ہو۔
- جو شخص حرام کھاتا ہے اس کے جسم کے تمام اعضاء گناہ میں پڑ جاتے ہیں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — رزقِ حلال — سبق 261-B

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ:

"جو خون اور گوشت حرام رزق پر پرورش پائے گا وہ جنت میں نہ جائے گا۔" (آنحضور ﷺ)

خبردار: اپنے پیاروں کو ہمیشہ رزقِ حلال کھلائیں تا کہ ان پر جنت کے دروازے بند نہ ہو جائیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بدنصیب اولاد — سبق 263-B

بدنصیب ہے وہ اولاد جس کی رشوت، بدعنوانی یا دغا بازی وغیرہ سے حاصل کی گئی حرام کی کمائی سے پرورش ہو۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ:

"جو خون اور گوشت حرام مال و دولت پر پرورش پائے گا وہ جنت میں نہ جائے گا۔"
(آنحضور ﷺ)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نماز اور دُعا — سبق 269-B

قرآن پاک اور احادیث مبارک ﷺ کے مطابق اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی نماز اور دعا قبول نہیں فرماتے جس کے جسم پر کپڑا یا پیٹ میں خوراک حرام مال سے ہو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — بیماریاں۔ بُرائیاں — سبق 350

قانونِ قدرت ہے کہ حرام رزق کھانے سے انسان میں بیماریاں اور بُرائیاں پھوٹ پڑتی ہیں۔

خبردار: ہمیشہ رزقِ حلال کماؤ اور یوں خود کو اور اپنے پیاروں کو بیماریوں، بُرائیوں اور پریشانیوں سے محفوظ بناؤ۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
کتاب "اخلاق و کردار" online پڑھیں
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق 16-C

- ذہانت ایک ایسا نادر پودا ہے جو محنت کے بغیر نہیں اُگتا۔
- امانت اور دیانت کیلئے روپے کی نہیں مضبوط قوتِ ارادی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- قومی سطح پر بد دیانتی دور کرنے کا آسان نسخہ یہ ہے کہ قانون کو بے جھجک استعمال کیا جائے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت ایمانداری — سبق 19-D

- شرک کرنے کے بعد سب سے بڑا گناہ انسان سے مکر و فریب کرنا ہے۔
- مفلس وہ نہیں جس کے پاس کچھ نہیں بلکہ وہ ہے جو محنت نہیں کرتا یا کر نہیں سکتا۔
- محنت ہی وہ کنجی ہے جو دولت کے دروازے کھولتی ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
کتاب "اخلاق و کردار" online پڑھیں
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 351 تا 361

اِصلاحِ معاشرہ — دوستی — سبق 351

- جہاں صداقت اور خلوص نظر آئے وہاں دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ ورنہ تنہائی بہتر ہے۔
- دوست کے دشمن اور دشمن کے دوست سے ہرگز دوستی نہیں کرنی چاہیے۔
- جس شخص کے دوست بدکردار ہوں اس کو سانپوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوستی — سبق 352

- بدکردار سے دوستی نہ کرو وہ تو معمولی قیمت پر بھی تمہیں بیچ دے گا۔
- اوباش یاروں والا بربادی کا منتظر رہے۔
- یقین جانو کہ جس شخص کے گہرے تعلقات رکھنے والے دوست اچھے ہیں وہ خود بھی ضرور اچھا ہوگا۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دوستی — سبق 353

- دوست دنیا کی بڑی نعمت ہوتے ہیں لیکن یہاں یہ ضروری ہے کہ دوست صادق اور امین ہونے چاہیں۔
- اگر تمہارے دوست ایسے ہیں جو تمہاری غلط تعریف کی بجائے تمہیں تمہاری غلطیوں سے آگاہ کرتے ہیں تو تم عقل مند ہو کہ تم نے اچھے دوستوں کا انتخاب کیا۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — پہچانو — سبق 355

- اپنے آپ کو پرکھے بغیر زندگی بسر کرنا بے معنی سی بات ہے۔
- جس نے اپنے آپ کو نہ پہچانا وہ بڑے دھوکے میں رہا۔
- اپنی اصلاح کرنا ایسا ہی ہے کہ جیسے دنیا سے ایک خرابی کا خاتمہ کرنا۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خوفِ خدا — سبق 356

- خوفِ خدا ایسا چراغ ہے جس کی روشنی میں نیکی اور بدی میں فرق صاف نظر آتا ہے۔
- جو شخص چاہے کہ خدا اس پر ہمیشہ کرم کرتا رہے تو وہ خدا کے بندوں پر کرم کرتا رہے۔
- جب خوفِ خدا انسان کے دل سے جاتا رہے تو وہ گمراہ ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خوفِ خدا — سبق 357

- جو شخص خوفِ خدا رکھتا ہے وہ اپنے معاملات کا سچا ہوتا ہے۔
- جب انسان کے اندر خوفِ خدا نہ رہے تو اس پر تباہی آتی ہے۔
- جو شخص خدا کی پکڑ سے نہ ڈرتا ہو اس کے شر سے محفوظ رہنا مشکل ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علماء — سبق 358

- جب کسی قوم پر ہر طرف سے گمراہی اور بداخلاقی کے طوفان اُمڈے چلے آ رہے ہوں تو علماء کا کام یہ نہیں ہے کہ گوشوں میں سر جھکائے بیٹھے رہیں۔
- سب سے زیادہ عذاب، عالم بے عمل پر ہوگا۔
- وہ شخص عالم کہلانے کا حق دار ہے جس کے قول و فعل میں تضاد نہ ہو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — فرقہ بازی — سبق 359

- فرقہ پرستی ایک جہالت اور اندھیرا ہے۔
- بدترین ہیں وہ لوگ جو انسان کو مختلف فرقوں اور ذاتوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔
- اندھا جنون ہمیشہ نقصان پہنچاتا ہے۔
- مذہبی تعصب کو ہرگز اپنے دل میں جگہ نہ دو۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ خداوندی — سبق 360

- جو لوگ یتیموں کے مال کھاتے ہیں درحقیقت وہ اپنے پیٹ آگ سے بھرتے اور ضرور جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونکے جائیں گے۔ (سورۃ النساء)
- جس نے کوئی خطا یا گناہ کر کے اس کا الزام کسی بیگناہ پر تھوپ دیا اس نے تو بڑے بہتان اور صریح گناہ کا بار سمیٹ لیا۔ (سورہ النساء)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ خداوندی — سبق 361

- اے میرے بندے جس طرح میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کیا اس طرح تم پر بھی حرام ہے کسی پر ظلم نہ کرو۔
- آپس میں ایک دوسرے پر طعن نہ کرو اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد کرو۔ (سورہ الحجرات)
- نیکی اور خدا ترسی کے کاموں میں سب سے تعاون اور گناہ اور برائی کے کاموں میں تعاون نہ کرو۔ (سورہ المائدہ)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 362 تا 371

اِصلاحِ معاشرہ — جامع دعا — سبق 362

- یا اللہ! میں آپ سے وہ تمام اچھی چیزیں طلب کرتا ہوں جو نبی کریم ﷺ نے آپ سے مانگیں اور میں ان تمام برائیوں سے پناہ مانگتا ہوں جن سے نبی کریم ﷺ نے پناہ مانگی۔
- یا اللہ! میں آپ کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں فکر وغم سے، عاجزی اور کاہلی سے، قرض کے غلبے سے اور شریروں کے شر سے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 363

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کچھ لوگ حساب سے قبل ہی جہنم میں داخل کر دیئے جائیں گے، امراء اور رؤساء اپنے ظلم وزیادتی کی وجہ سے، صاحب اقتدار لوگ تکبر وغرور کی وجہ سے، تاجر اپنی بد نیتی اور خیانت کی وجہ سے اور علماء حسد کی وجہ سے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 364

- نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس کا کسی کے ذمے قرض ہو اور وہ وصولی میں جلدی نہ کرے بلکہ مہلت دیتا رہے تو یہ ڈھیل کا ہر دن صدقہ ہوگا۔
- نبی کریم ﷺ نے فرمایا! مظلوم کی بد دعا سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کسی حقدار کو اس کے حق سے محروم نہیں کرتا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 365

- قیامت کے دن ان لوگوں کو پکار کر ان کا اجر دیا جائے گا جو دنیا میں لوگوں کی خطائیں معاف کر دیا کرتے تھے۔
- مصافحہ کیا کرو اس سے کینہ دور ہو جاتا ہے اور تحفہ دیا کرو اس سے محبت بڑھتی ہے اور دشمنی جاتی رہتی ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 366

- جو شخص قرض دار کو مہلت دے یا قرض معاف کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن کی سختیوں سے محفوظ رکھے گا۔
- سچائی کے ساتھ معاملہ کرنے والا امانتدار تاجر قیامت کے دن نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 367

- جہنمی لوگ وہ ہوتے ہیں جو خود پرست، متکبر، حریص اور بخیل ہوں۔
- مفلس ترین لوگ وہ ہوں گے جو نماز، روزہ اور حج کے انبار لے کر آئیں گے لیکن انہوں نے لوگوں کا حق مارا ہوگا اور ظلم کرتے رہے ہوں گے۔ ان کے نامہ اعمال میں نیکیوں کی کمی ہوگی وہ تہی دست ہوں گے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 368

جنت میں وہ قاضی جائے گا جو حق کو جانتا ہو اور اس کے مطابق فیصلہ کرے۔ لیکن جو حق کو جانتا ہو اور قصداً فیصلہ اس کے خلاف کرے وہ قاضی ظلم کرتا ہے اور جہنم میں جائے گا۔ اور جو جاہل اور نا اہل ہونے کے باوجود یہ ذمہ داری قبول کر کے فیصلے کرتا ہے وہ قاضی بھی جہنم میں جائے گا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ارشادِ نبوی ﷺ — سبق 369

- قیامت میں دو آدمیوں کو کہیں پناہ نہیں ملے گی۔ اول بے انصاف قاضی کو، دوم اس ریاکار کو جو بد ہونے کے باوجود اپنی نیکی کا ڈھول پیٹتا رہا۔
- کسی مزدور سے کوئی کام لینے سے پہلے اس کی اجرت طے کر لو۔
- مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری دے دو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جلد بازی — سبق 370

- جلد بازی میں اور بلا سوچے سمجھے کوئی بڑا فیصلہ کرنے سے نقصان پہنچتا ہے۔ جب بھی کوئی اہم فیصلہ کرنے لگو تو ٹھنڈے دل و دماغ سے یہ ضرور سوچا کرو کہ اس کا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے۔
- جلد بازی میں نقصان زیادہ اور فائدے کم ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — جلد بازی — سبق 371

- جلد بازی اکثر برباد بھی کر دیتی ہے۔
- جلد باز آدمی اکثر اپنے کئے پر نادم ہوتا ہے۔
- جواب دینے میں جلدی نہ کرو تا کہ بعد میں خفت وشرمندگی نہ ہو۔
- جلد باز اکثر منہ کے بل گرتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 372 تا 376 - مُفت کتاب

اِصلاحِ معاشرہ — نکتہ چینی — سبق 372

- بے جا تنقید وہ تلوار ہے جو سب سے پہلے اچھے تعلقات کا گلا کاٹتی ہے۔
- اگر تم اپنی زندگی کو خوشگوار بنانا چاہتے ہو تو عیب جوئی اور نکتہ چینی سے دور رہو۔
- برے لوگ اچھائی میں بھی برائی ڈھونڈ لیتے ہیں۔ جس طرح مکھی سارے جسم کو چھوڑ کر زخم پر بیٹھتی ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خوشامد — سبق 373

- اس شخص سے بچو جو تمہیں تم سے بڑا کہے۔
- جو شخص کسی کی خوشامد کرتا ہے اصل میں وہ اُسے پھانسنے کیلئے اس کے قدموں میں جال بچھاتا ہے۔
- حق سے زیادہ کسی کی تعریف کرنا چاپلوسی ہے۔
- خوشامدی کی مثل کتے کی سی ہے۔ مفلسی میں وہ بھی غائب ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عزت — سبق 374

- عزت کے ساتھ زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے۔
- نیک چال چلن ہونا اعلیٰ درجے کی خوبی ہے۔
- جو شخص چاہتا ہے کہ سب اس کی عزت کریں اُس کو چاہیے کہ وہ دوسروں کی عزت کرے۔
- توہین فراموش کرنا آسان نہیں ہوتا۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شہرت۔ بدنامی — سبق 375

- حکومت اور اقتدار آنی جانی شے ہے۔ جو چیز باقی رہے گی وہ اچھی شہرت یا بدنامی ہے۔
- انسان کی خوبی یا خامی اس کی پہچان بن جاتی ہے۔
- بدنامی سے گمنامی بہتر ہے۔
- نیک نامی بہترین ورثہ ہے۔
- شاندار کاموں کی خوشبو شہرت کہلاتی ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قسمت — سبق 376

- قسمت کردار سے بنتی ہے۔
- محنت کی چابی سے ہی قسمت کا تالا کھلتا ہے۔
- جو لوگ سمجھتے ہیں کہ تقدیر ہی سب کچھ ہے زندگی میں ہمیشہ ناکام رہتے ہیں۔
- اپنی عادتیں تبدیل کر لو۔ قسمت خود بخود بدل جائے گی۔
- اچھی تدبیر قسمت کا رخ بدل دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مفت ڈکشنری — محنت ایمانداری

انگلش اُردو معیاری ڈکشنری محدود تعداد میں مفت تقسیم کیلئے موجود ہے۔ خط لکھ کر بذریعہ ڈاک مفت حاصل کریں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مُفت کتاب — نیکی پھیلاؤ بدی مٹاؤ — کھانوں کا انسائیکلوپیڈیا

پاکستانی، انڈین، انگلش اور چائنیز کھانوں کی ڈشز کے علاوہ فاسٹ فوڈز، ماڈرن فوڈز، ہوم بیکری گائیڈ، آئس کریم، سلاد وغیرہ بنانے کے طریقے اور تراکیب پر مشتمل مکمل کتاب خط لکھ کر بذریعہ ڈاک مُفت حاصل کریں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مُفت کتاب — نیکی پھیلاؤ بدی مٹاؤ — روزگار گائیڈ

روزگار کمانے کیلئے چھوٹے پیمانے پر معمولی سرمایہ سے سینکڑوں عام گھریلو استعمال کی اشیاء خود بنانے کی آسان ترکیبوں اور فارمولوں کی کتاب بمع پرچون فروشی اور سیلز مین پر نوٹس خط لکھ کر بذریعہ ڈاک مفت حاصل کریں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مُفت کتاب — نیکی پھیلاؤ بدی مٹاؤ — فروخت کاری Salesmanship

اپنی محنت، دیانت اور ذہانت سے بغیر کوئی سرمایہ لگائے ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں روپیہ کمانے کیلئے کامیاب سیلز مین بنیں۔ رہنمائی کیلئے خط لکھ کر کتاب بذریعہ ڈاک مفت حاصل کریں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مُفت کتاب — نیکی پھیلاؤ بدی مٹاؤ — سبزیاں اُگائیں

حالیہ بارشوں اور سیلاب سے سبزیوں کی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ قحط سالی سے بچنے کیلئے گھروں، خالی پلاٹوں اور جہاں کہیں بھی ممکن ہو فوراً سبزیاں اُگانا شروع کریں۔ طریقہ کاشت پر رہنمائی کیلئے کتاب خط لکھ کر بذریعہ ڈاک مفت حاصل کریں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 377 تا 386

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی۔ بدی — سبق 377

- جہاں بدی کو نیکی پر فتح حاصل ہو جائے تو پھر وہاں اللہ تعالیٰ کا عذاب ہی نازل ہوتا ہے۔
- جب انسانوں میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کی نافرمانی عام ہو جائے تو پھر انہیں عذاب الٰہی کا ہی سامنا کرنا پڑتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نصیحت — سبق 378

- جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ سمجھ لے کہ اس کا دل ایمان سے خالی ہے۔
- ملامت کے لہجے میں نصیحت مت کرو۔
- تنہائی میں نصیحت کرنا شرافت ہے اور باعثِ اصلاح ہے جبکہ سب کے سامنے نصیحت رسوائی ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نصیحت — سبق 379

اگر آپ کا کوئی دوست، عزیز نصیحت کے باوجود اُس پر توجہ نہیں دیتا بلکہ بدی کے راستہ پر گامزن رہتا ہے تو اسے اُس کے حال پر ہی نہیں چھوڑ دینا چاہیے بلکہ اسے زیادہ مثبت امداد بہم پہنچائی جانی چاہیے تاکہ وہ اپنی ڈگر سے باہر نکل سکے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نصیحت — سبق 380

- اچھی باتوں کو قبول نہ کرنا بدنصیبی ہے۔
- خوش نصیب ہے وہ جو دوسروں سے نصیحت پکڑے۔
- جب تمہارے برے اخلاق کے خلاف کوئی نصیحت کرتا ہے تو تمہیں اس کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق — سبق 381

- اخلاق وہ قوت ہے جس سے بدترین دشمن بھی زیر ہو سکتا ہے۔
- سب کے ساتھ اتنے اچھے اخلاق سے پیش آؤ کہ کوئی بھی تم پر اوچھا وار نہ کر سکے۔
- اخلاق کی دولت حاصل کرنے والا انسان کبھی مفلس نہیں ہوتا۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ماحول — سبق 382

- انسان کی اچھی یا بُری کارکردگی میں اہم ترین کردار اُس کے میسر ماحول کا ہوتا ہے۔
- بہتر سوچ، گھر کا ماحول بہتر بنا سکتی ہے۔
- پیسے کا نقصان کوئی نقصان نہیں، عزت کا نقصان بہت زیادہ نقصان اور کردار کے نقصان کا مطلب تو ہر چیز کا خاتمہ ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — استاد — سبق 383

- جسم کے لئے ہمیں ڈاکٹر کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور دماغ کے لئے استاد کی۔
- استاد کا کام واقعی نہایت عزت اور قدر کے قابل ہے بشرطیکہ اُس کی ذات اُس عزت کے کم کر دینے والی نہ ہو۔
- استاد میں شفقت و خوش اخلاقی جیسی صفات کا ہونا لازمی ہے۔ تند خو، بدمزاج، سخت گیر آدمی اچھا استاد نہیں بن سکتا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — استاد — سبق 384

عام استاد وہ ہوتا ہے جو سبق دے دینا کافی خیال کرتا ہے۔ اچھا استاد وضاحت کے ساتھ سمجھاتا ہے۔ بہترین استاد وہ ہے جو ذہن نشین بھی کروا دیتا ہے اور عظیم ترین استاد وہ ہوتا ہے جو جذبۂ حصول علم اور جذبۂ عمل بھی اُبھار دے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — غلطی — سبق 385

- غلطیوں کو تسلیم کرنا کمزوری کی علامت نہیں۔
- غلطی مان لینے سے آدمی کا ذہنی بوجھ کم ہو جاتا ہے۔
- اگر تم اپنی غلطی کو تسلیم کر لو گے تو کسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو گے۔
- جو یہ نہ مانے کہ اُس سے غلطی ہو گئی ہے وہ ایک غلطی کے بعد دوسری غلطی کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — چالاکی ۔ مکاری — سبق 386

کچھ لوگ اپنی چالاکی مکاری اور شاطرانہ چالوں سے لوگوں کو دھوکا دے کر فائدہ اٹھا کر خود کو بہت کامیاب انسان سمجھنے لگتے ہیں۔ لیکن جلد یا بدیر ایک وقت ضرور آتا ہے جب اُن کی چالاکی مکاری بے نقاب ہو جاتی ہے اور پھر ذلت رسوائی اور بربادی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 387 تا 396

اِصلاحِ معاشرہ — امانت میں خیانت — سبق 387

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے!

- امانت کو غنیمت سمجھ لینا خیانت ہے۔
- جو خیانت کرتے ہیں ان کی چالوں کو اللہ تعالیٰ کامیابی کی راہ پر نہیں لگاتا۔
- جو کوئی امانت میں خیانت کرے گا وہ اپنی خیانت سمیت قیامت کے روز حاضر ہوگا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 388

- تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے۔ اگر کوئی کسی میں برائی دیکھے تو چاہیے کہ اسے ہٹا دے یا بتا دے۔ (الحدیث)
- جو شخص کسی برائی میں حاضر ہوا اور اس سے راضی ہوا تو گویا اس نے خود وہ برائی کی۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 389

جو شخص کسی نیک کام کی ترغیب دیتا ہے اسے بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا اس شخص کو جو اس نیکی کا ارتکاب کرتا ہے اور جو شخص کسی برے کام کی ترغیب دیتا ہے اسے بھی اسی قدر گناہ ہوگا جتنا اس کی پیروی کرنے والے کو گناہ ہوگا اور ان دونوں کے ثواب و گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — عذاب الٰہی — سبق 390

- اگر کسی قوم کا کوئی آدمی گناہ کرے اور قوم اس کے روکنے کی قدرت رکھتی ہو مگر نہ روکے تو اس قوم پر اس کے سبب سے ان کی موت سے پہلے ہی عذاب الٰہی نازل ہوگا (الحدیث)
- جو اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہو جاتا ہے (القرآن)

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — توبہ — سبق 391

- گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی مانند ہوتا ہے۔ (الحدیث)
- اپنی عمر کے اس دن پر رو جو بغیر نیکی کے گزر گیا۔
- گناہوں پر نادم ہونا انہیں مٹا دیتا ہے اور نیکیوں پر مغرور ہونا انہیں برباد کر دیتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی و بدی — سبق 392

- احسان کا طریقہ اختیار کرو کہ اللہ تعالیٰ محسنوں کو پسند کرتا ہے۔ (القرآن)
- اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا اجر کبھی ضائع نہیں کرتا۔ (القرآن)
- درحقیقت نیک کام مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو۔ یہ ایک یاددہانی ہے ان لوگوں کیلئے جو اللہ کو یاد رکھنے والے ہیں۔ (القرآن)

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اللہ تعالیٰ پر ایمان — سبق 393

- جو اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتا وہ کبھی بھی کامیابی کی منزل سے ہمکنار نہیں ہو سکتا۔
- نیکی پر ایمان رکھنا زندگی کو پر مسرت بنا دیتا ہے۔
- جس شخص کے دل میں جتنی زیادہ حرص ہوتی ہے، اس کو اللہ تعالیٰ پر اتنا ہی کم یقین ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق 394

- جو شخص شریروں کی صحبت میں بیٹھا ہے وہ خود بھی شریر ہو جاتا ہے۔
- صحبت کی تاثیر عام عادتوں کو بدل دیتی ہے۔ بروں کو چاہیے کہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کریں۔
- نیکوں کی صحبت اور مقامات مقدسہ کی زیارت سے قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — صحبت — سبق 395

- اہل خیر کی صحبت سے قلب میں صلح اور خیر پیدا ہوتی ہے اور اہل شر کی صحبت قلب کو فتنہ و فساد کی جانب مائل کر دیتی ہے۔
- اس شخص سے بچو جو اپنی برائیاں لوگوں سے فخر سے بیان کرے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شرم و حیاء — سبق 396

- شرم و حیاء ایمان کی علامت ہے اور ایمان جنت کا ذریعہ ہے۔ بے حیائی گندگی ہے اور گندگی دوزخ کا موجب ہے (الحدیث)
- جس چیز میں فحش ہوتا ہے اسے عیب لگاتا ہے اور جس چیز میں حیاء ہوتی ہے وہ اس کی زینت بڑھاتی ہے (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 397 تا 406

اِصلاحِ معاشرہ — شرم وحیاء — سبق 397

- شرم وحیاء سے صرف بھلائی ہی حاصل ہوتی ہے۔
- ہر دین کی ایک صفت ہوتی ہے اور اسلام کی صفت شرم وحیاء ہے۔ (الحدیث)
- شرم و حیا اور ایمان باہم ملے ہوتے ہیں۔ جب ایک اٹھا لیا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھا لیا جاتا ہے۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شرم وحیاء — سبق 398

- جو شخص اپنے اقوال میں شرم و حیاء ساتھ رکھتا ہے وہ اپنے افعال میں بھی اس سے دور نہیں ہوتا۔
- صرف انسان ہی وہ مخلوق ہے جسے شرم وحیاء دامن گیر ہوتا ہے۔
- جس قوم میں بدکاری عام ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت کو عام کر دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم وحکمت — سبق 399

- علم کا شوق اپنا راستہ خود نکالتا جاتا ہے اور بعد میں کسی رہبر و استاد کی ضرورت نہیں رہتی۔
- جس طرح آگ کا ایک شعلہ عالم کو تباہ کر دیتا ہے اسی طرح ایک بدکلمہ انسان کی حالت کو تباہ کر دیتا ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم وحکمت — سبق 400

- ایک بے علم نیک چلن، کئی انسانیت سے گرے ہوئے عالم فاضلوں سے بدرجہا بہتر ہے۔
- تعلیم دو قسم کی ہے۔ ایک ہمیں کمانا اور دوسری زندگی بسر کرنا سکھاتی ہے۔
- علم ایک ایسا پھول ہے جو جتنا کھلتا ہے اتنی زیادہ خوشبو دیتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیک بخت لوگ — سبق 401

- جلدی سے معاف کرنا انتہائے شرافت اور انتقام میں جلدی کرنا انتہائے رذالت ہے۔
- شریف کی پہچان یہ ہے کہ جب کوئی سختی کرے تو سختی سے پیش آتا اور جب اس سے کوئی نرمی کرے تو نرم ہو جاتا ہے اور کمینے سے جب کوئی نرمی کرے تو سختی سے پیش آتا اور جب کوئی سختی کرے تو ڈھیلا ہو جاتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 402

- کیا نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟ (القرآن)
- بدوں سے نیکی کرنا نیکوں کا کام ہے اور نیکوں سے بدی کرنا بدوں کا کام ہے
- جو نرمی سے محروم ہے وہ نیکی سے بالکل محروم رہا۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 403

تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جس سے نیکی کی توقع ہو اور بدی کی نسبت اطمینان ہو کہ وہ نہیں کرے گا اور بدتر وہ شخص ہے جس سے نہ نیکی کی توقع ہو، نہ ہی بدی نہ کرنے کی نسبت اطمینان ہو۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو
عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 404

- نیکی کے عوض نیکی حقِ ادائیگی ہے اور بدی کے عوض نیکی احسان ہے۔
- نیکی کا آغاز مشکل اور انجام بخیر ہوتا ہے۔ برخلاف اس کے بدی ابتدا میں لذیذ اور انجام کار تکلیف دہ ہوتی ہے۔
- لوگوں کے ساتھ نیک سلوک وہی شخص کر سکتا ہے جو خود زیادہ مصیبت جھیل چکا ہو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیک بخت لوگ — سبق 405

- نیک بخت وہ ہے کہ نیکی کرے اور ڈرے اور بد بخت وہ ہے کہ بدی کرے اور مقبولیت کی امید رکھے۔
- نیک دل لوگ گائے کی مانند ہیں جو گھاس کھا کر دودھ دیتی ہے اور گنہگار سانپ کی مانند ہیں جو دودھ پلانے پر بھی ڈنگ مارتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 406

- نیک لوگوں کو دشمنوں سے بھی نفع ہوتا ہے۔
- نیک چلنی کیا ہے؟ تمام صفاتِ محمودہ کا انسان کی ذات واحد میں جمع ہونا۔
- انسان کا سب سے بڑا دشمن فعلِ بد ہے اور سب سے بڑا خیر خواہ کارِ نیک ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو
عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 407 تا 416

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 407

- اگر آپ محنتی ہیں تو کبھی فاقہ کشی میں مبتلا نہ ہوں گے۔ کیونکہ محنتی شخص کے گھر میں یہ صرف باہر سے جھانکتی ہے اندر نہیں داخل ہوسکتی۔
- زندگی کے مصائب کم کرنا چاہتے ہو تو زیادہ سے زیادہ مشغول ومصروف رہو۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 408

برے کام اس لئے مضر نہیں کہ وہ ممنوع ہیں بلکہ ممنوع اس لئے ہیں کہ وہ مضر ہیں۔ اس لئے جو شخص اس دنیا میں راحت سے زندگی بسر کرنا چاہتا ہے اس کو لازم ہے کہ وہ نیک بننے کی کوشش کرے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 409

- جب تمہیں وراثت میں مفلسی وتنگدستی ملیں تو نیکی اور شرافت کو اپنا سرمایہ بناؤ۔
- خوبی اور نیکی دولت سے نہیں پیدا ہوتی بلکہ دولت خوبی اور نیکی سے وجود میں آتی ہے۔ یاد رکھو فتح طاقت کی نہیں بلکہ صداقت کی ہوتی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 410

- جب انسان کسی کے ساتھ کسی طرح کی نیکی نہ کر سکے تو اس کی برائیوں ہی سے اسے مطلع کرتا رہے۔
- نیکی کرو اور مخلوق کو نیک طریقہ سکھلاؤ۔ بدی سے دور رہو اور خلق کو بھی بدی سے دور رہنے کی تلقین کرو۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 411

- اصلاحِ نفس کی فکر میں مشغول رہو کہ بجائے صفاتِ بد کے صفاتِ پاک پیدا ہوں۔
- ہماری روح کے اندر اللہ کی ایک آواز ہے جو ہمیں نیک کام کرنے کی ہدایت کرتی ہے اور بدی سے روکتی ہے۔
- ہر شخص اپنی نیکی یا بدی سے دنیا کی نیکی یا بدی کی تعداد گھٹا، بڑھا رہا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 412

- نیک کام کرنے سے دل کو دو مرتبہ راحت ملتی ہے۔ اولاً جب نیک کام کیا جاتا ہے۔ دوم جب اس کا اجر ملتا ہے۔
- جو نیکی یا بدی ہم نے کی ہے وہ ضرور پھل لائے گی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ اس کا ثمر ہمیں اس جہان میں ملے یا اگلے جہان میں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی کی تلقین — سبق 413

- برائیوں سے پرہیز کرنا نیکیوں کے کمانے سے لاکھ درجے بہتر ہے۔
- تمہارے ساتھ کوئی نیکی کرے یا بدی لیکن تم ہر ایک کے ساتھ احسان کرو۔
- ہر چیز کا ایک حسن ہوتا ہے اور نیکی کا حسن یہ ہے کہ فوراً کی جائے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اصلاحِ نفس — سبق 414

- پہلے اپنی اصلاح کرو پھر دوسروں کی فکر کرو۔
- دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح ہے اور سب سے آسان نکتہ چینی۔
- مصائب میں صبر کرتے ہوئے زندگی اللہ کی یاد میں گزارو۔
- جس پیمانہ سے خریدو اسی سے برابر ناپ کر بیچو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مالِ دنیا کی حقیقت — سبق 415

- دولت یا منصب سے آدمی کبھی قابل اعتبار نہیں ہوتا۔ صرف ایک چال چلن ہی ہے جو آدمی کو قابل اعتبار بناتا ہے۔
- دولت کے بھوکے کو کبھی حقیقی راحت نہیں مل سکتی ہے۔
- سب کچھ سمیٹنے کی خواہش انسان کو ہی سمیٹ دیتی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مالِ دنیا کی حقیقت — سبق 416

- اگر غربت کے بعد دولت ملے تو وہ اچھی ہوتی ہے بہ نسبت اس کے کہ دولت کے بعد غربت ہو۔
- تنگدستی جسے لوگ معیوب سمجھیں اُس مالداری سے اچھی ہے جس سے انسان گناہوں اور خرابی میں مبتلا ہو کر ذلیل ورسوا ہو۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 417 تا 426

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 417 — رزقِ حرام

- جب حلال و حرام جمع ہوں تو حرام غالب ہوتا ہے، چاہے اس کی مقدار تھوڑی ہی کیوں نہ ہو۔
- حرام کھانے والے کے تمام اعضاء گناہ میں پڑ جاتے ہیں۔
- رشوت ایمان اور انصاف کو کھا جاتی ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 418 — رزقِ حرام

- انسان اگر مالِ حرام سے دولت مند ہوتا ہے تو اس کا نہ حج قبول ہوتا ہے نہ عمرہ۔
- جتنی چاہو نمازیں پڑھو اور روزے رکھو اس وقت تک فائدہ نہیں پا سکتے جب تک مال حرام سے پرہیز نہ کرو گے۔
- کوئی گناہ کسی کی رضامندی سے حلال نہیں ہوتا۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 419 — امانت۔ دیانت

- یہ ضروری نہیں کہ ہر شخص عالی رتبہ اور دولت مند ہو۔ بلکہ یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ عقلمند ہو لیکن یہ البتہ ضروری ہے کہ وہ نیک چلن اور ایماندار ہو۔
- اپنے آپ کو دیانتدار بنا کر یقین کر لو کہ دنیا میں ایک بددیانت کی کمی ہوگئی۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 420 — سرمایہ حیات

- دنیا کی کوئی چیز تیرے پاس نہ ہو لیکن یہ چار چیزیں ہوں تو تجھے ضرر نہیں۔
  راست گفتاری 2 حفظِ امانت
  3 خوش خلقی 4 غذائے حلال (الحدیث)
- برے کاموں کے کرنے سے جو شخص ڈرے وہ سب سے زیادہ بہادر ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 421 — عزت

- عزت کو بیچ کر دولت کمانا انتہائی ذلت ہے۔
- ذلت کی زندگی سے عزت کی موت اچھی ہے۔
- جو عقلمند جاہلوں سے لڑے وہ اپنی عزت کی توقع نہ رکھے۔
- انسان خود عظیم نہیں ہوتا بلکہ اس کا کردار اسے عظیم بناتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 422 — عمل کی اہمیت

- عالم بے عمل کی مثال ایسی ہے جیسے اندھے نے چراغ اٹھا رکھا ہو کہ لوگ تو اس سے روشنی حاصل کرتے ہیں مگر وہ خود تاریکی میں رہتا ہے۔
- بادشاہ عالمِ دین کا قرب چاہے تو اس کی خوش نصیبی ہے، عالمِ دین بادشاہ کا قرب چاہے تو اس کی بدنصیبی۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 423 — سچائی

- وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو دو اشخاص میں صلح کرا دے۔ نیک بات کہے یا اپنی طرف سے نیک بات ملا دے۔ (الحدیث)
- سچائی کی مشعل جہاں جلتی ہوئی نظر آئے اس کی روشنی سے فائدہ اٹھاؤ۔ یہ نہ دیکھو کہ مشعل بردار کون ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 424 — ہمسایوں کے حقوق

- ہمسایوں کا حق صرف یہی نہیں کہ ان کو ستائے نہیں بلکہ ان کے ساتھ احسان کرنا بھی ضروری ہے۔ (الحدیث)
- پڑوسی کو ستانے والا دوزخی ہے اگرچہ تمام رات عبادت کرے اور تمام دن روزہ دار رہے۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 425 — ہمسایوں کے حقوق

- جس کے شر سے پڑوسی بے خوف نہ ہو وہ مسلمان نہیں، خواہ وہ پڑوسی کافر ہو یا مومن۔ (الحدیث)
- جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے۔
- ہمسایوں کو اپنی زبان سے تکلیف پہنچانے والی عورت جہنمی ہے۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 426 — ہمسایوں کے حقوق

- اللہ کے نزدیک بہترین پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی سے بھلائی کرے (الحدیث)
- حضور ﷺ نے تین مرتبہ قسم کھا کر فرمایا: ہمسائے کو تکلیف پہنچانے والا ہرگز ایمان دار نہیں ہے۔ (الحدیث)
- جو شخص اللہ اور یوم قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے ہمسائے سے حسن سلوک کرے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 427 تا 436

اِصلاحِ معاشرہ — سخاوت — سبق 427

- سخی اللہ سے قریب ہے۔ جنت سے قریب ہے۔ لوگوں سے قریب اور آگ سے دور ہے۔
- جو اللہ کا واسطہ دے کر تم سے کچھ طلب کرے اسے دے دو۔ (الحدیث)
- مانگنے والوں کو خالی ہاتھ نہ پھیرو۔ (الحدیث)
- سب سے زیادہ سخی وہ ہے جو ان کو دے جن کو ان سے کوئی امید نہ ہو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سخاوت — سبق 428

- سخاوت یہ نہیں کہ اپنے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا مستحق کو دے دیا جائے بلکہ سخاوت کا مطلب اپنی استطاعت سے زیادہ دیتا ہے اور فخر ضرورت سے کم لینے میں ہے۔
- بڑا انسان وہ ہے جس نے انسانوں کی سب سے زیادہ خدمت کی۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — مومن کی پہچان — سبق 429

- اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین ایمان ہے۔
- مومن مزاج کے نرم اور آسانی سے بات مان لینے والے ہوتی ہیں۔ (الحدیث)
- مومن کامل وہی شخص ہے جس کا اخلاق اچھا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — نرم کلام — سبق 430

- جو شخص لوگوں کے ساتھ آہستہ مزاج، نرم طبیعت اور نرم خو ہے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے اور وہ دوزخ کی آگ پر حرام ہے۔ (الحدیث)
- اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور وہ ہر کام میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گناہوں سے احتراز — سبق 431

- اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے پرہیز کرتے رہو جن سے تمہیں منع کیا جا رہا ہے تو تمہاری چھوٹی موٹی برائیوں کو ہم تمہارے حساب سے ساقط کر دیں گے اور تمہیں عزت کی جگہ داخل کریں گے۔ (النساء)
- گناہ اتنا کرو جتنا تم میں عذاب سہنے کی طاقت ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم۔ تعلیم — سبق 432

- معلم کے اوضاع و اطوار ایسے ہونے چاہیں کہ وہ نیکی اور پرہیز گاری کا مکمل و مجسم نمونہ ہو اور اس کی زیارت ہی سے تعلیم کے مقدس فیض کا عکس متعلم کے دل میں کھینچ جائے۔
- اپنا علم دوسروں کو سکھاؤ اور دوسروں کا علم خود سیکھو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — علم۔ تعلیم — سبق 433

- بُری تصنیف کے برابر کوئی گناہ نہیں۔ بُرا معلم صرف ایک مدرسہ کو بگاڑ سکتا ہے مگر بری تصنیف ایک عالم کو تباہ کر دیتی ہے۔
- علم انسان کا بہترین دوست ہے۔ مصیبت میں سب ساتھ چھوڑ جاتے ہیں لیکن علم کبھی ساتھ نہیں چھوڑتا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شرافت — سبق 434

- شریف انسان کی سب سے پہلی اور سب سے آخری نشانی یہ ہے کہ وہ ان لوگوں کی بھی عزت کرتا ہے جن سے اسے کسی قسم کے فائدے یا امداد کی توقع نہیں ہوتی۔
- جہاں جاؤ اپنی خوشبو چھوڑ آؤ تاکہ لوگ آپ کو یاد رکھیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — شرافت — سبق 435

- کبھی بھی گناہ نہ کرو کیونکہ یہ کسی نہ کسی صورت میں دل کو بے چین کرتا رہتا ہے۔
- وہ آدمی ہرگز شریف کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا جس کی زبان گندے اور ناپاک الفاظ سے ملوث و آلودہ ہو۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قرض — سبق 436

- اور اگر کوئی تنگدست تمہارا مقروض ہو تو اس کو فراخی تک مہلت دو اور اگر تم سمجھو تو تمہارے حق میں یہ زیادہ بہتر ہے کہ اس کو اصل قرضہ ہی بخش دو۔ (القرآن)
- وہ لوگ سب سے بہتر ہیں جو قرض کو خوش معاملگی سے ادا کرتے ہیں۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 437 تا 446

اِصلاحِ معاشرہ — قرض — سبق 437

- جو شخص تنگدست کو (قرض وصول کرتے ہوئے) مہلت دے یا معاف کر دے اللہ تعالیٰ اس کو اپنے سایہ میں جگہ دے گا۔
- جس شخص کو یہ بات اچھی لگے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے تکلیف سے نجات دے تو اسے چاہیے کہ تنگدست مقروض کو مہلت دے یا سارا قرض معاف کر دے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — قرض — سبق 438

- وہ لوگ سب سے بہتر ہیں جو قرض کو خوش معاملگی سے ادا کرتے ہیں۔
- اگر کوئی شخص قرض لے اور دینے کی نیت نہ ہو تو وہ چور ہے۔
- قرض غلامی ہے۔ اس کا ادا کرنا آزادی ہے۔
- اعتدال ایک ڈور ہے جس میں تمام نیکیاں پروئی ہوئی ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 439

- عقلمند وہ شخص ہے جو کہ اپنی زبان کو دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے۔
- آپس میں ایک دوسرے کو لعن طعن کرنے سے اجتماعی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔
- بڑا خطا وار لوگوں میں وہ ہے جس کو لوگوں کی برائیوں کا ذکر کرنے کی فراغت ملی ہو۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 440

- مصیبت کی جڑ اور بنیاد انسان کی گفتگو ہے۔
- میٹھی زبان ہزاروں دشمنوں سے بچاتی ہے۔
- تمام اعضائے جسمانی میں زبان سب سے زیادہ نافرمان ہے۔
- زیادہ بولنے سے بڑھ کر انسان کیلئے کوئی چیز بری نہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 441

- کم عقل آدمی بے ہودہ گفتگو کرتا رہتا ہے۔ عقلمند مجالس میں کم گوئی اختیار کرتا ہے۔
- خاموشی سے یہی کیا کم فائدہ ہے کہ بحث و تکرار کی تکلیف سے نجات ہوتی ہے۔
- شیشہ انسان کی اتنی حقیقی تصویر نہیں پیش کر سکتا جتنی اس کی بات چیت۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 442

- خوش خو کبھی غمزدہ نہیں ہوتا اگرچہ مبتلائے مصیبت ہی ہو۔ بدخو کبھی خوش نہیں رہتا اگرچہ ہر طرح کی راحت ہو۔
- زیادہ باتونی شخص پڑھنے کی طرف توجہ نہیں کرتا۔
- جس میں ادب نہیں اس میں سب برائیاں ہی برائیاں ہیں۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 443

- جو اپنی زبان کو اپنے اختیار میں رکھتا ہے وہ اپنا سر بچا لیتا ہے۔
- زبان کو سوچنے سے پہلے دوڑنے نہ دو۔
- جس طرح آگ کا ایک شعلہ عالم کو تباہ کر دیتا ہے اسی طرح ایک بدکلمہ انسان کی حالت کو تباہ کر دیتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — زبان، گفتگو — سبق 444

- زبان کا زخم تلوار کے زخم سے کاری ہے۔
- خوش اخلاقی زندگی کی جنگ میں سب سے بڑا ہتھیار ہے۔
- خاموشی دل کا سکون ہے اور روح کیلئے وہی درجہ رکھتی ہے جو جسم کیلئے نیند۔
- خاموشی سب سے زیادہ آسان کام اور سب سے زیادہ نفع بخش عادت ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — لڑائی۔ جھگڑا — سبق 445

- اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ کینہ اس شخص کے دل میں ہے جو بہت جھگڑے، بکھیڑے اور مباحثے کرتا رہتا رہے۔
- تلخ کلامی وہ شعلہ ہے جو ہمیشہ کیلئے داغ چھوڑ دیتا ہے۔
- ہماری قسمت کا فیصلہ اکثر ہماری زبان کی نوک پر ہوتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — لڑائی۔ جھگڑا — سبق 446

- کسی انسان سے بے وجہ مت لڑو کہ اس نے تمہارے ساتھ کوئی برائی نہیں کی۔
- جھگڑے کو پیشتر اس کے کہ تیز ہو جائے، چھوڑ دو۔
- آدمی کی عزت اس میں ہے کہ جھگڑے سے باز رہے لیکن بے دانش چھیڑ چھاڑ جاری رکھتا ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 447 تا 456

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 447 — تعلیم و تربیت

- انسانیت کی بنیاد اخلاق پر قائم ہے اور اخلاق کی بنیاد رحم دلی اور رحم دلی کی بنیاد تعلیم پر۔
- حیوانات پر رحم کرنا فیاضی کی عمدہ اور آسان مشق ہے۔
- آپ بچنا چاہیں تو آپ کی ہر غلطی آپ کو آئندہ غلطیوں سے بچا سکتی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 448 — جھوٹ

- جھوٹ جس نے گھڑا وہ نامراد ہوا۔ (القرآن)
- سچ ایسی دوا ہے جو چکھنے میں کڑوی اور تاثیر میں میٹھی۔
- ایک جھوٹ سے بہت سے جھوٹ لازم آتے ہیں۔
- اللہ کسی ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا اور منکرِ حق ہو۔
- جھوٹ خباثتوں اور برائیوں کی کنجی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 449 — جھوٹ

- اللہ کے بندے وہ ہیں جو جھوٹ کے گواہ نہیں بنتے اور کسی لغو چیز پر ان کا گزر ہو جائے تو شریف آدمیوں کی طرح گزر جاتے ہیں۔
- جھوٹ اور فریب سے جو فائدہ یا آرام ملتا ہے، وہ تو جلد ہو سکتا ہے مگر اس کا نقصان ہمیشہ اٹھانا پڑتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 450 — جھوٹ

- بعض لوگوں میں مبالغہ آمیزی کی عادت اس قدر پختہ ہو جاتی ہے کہ وہ جھوٹ کی آمیزش کے بغیر سچ بول نہیں سکتے۔
- سب سے بہتر آدمی وہ ہے جس کے دل میں کھوٹ اور حسد نہ ہو اور وہ زبان کا سچا ہو۔
- حسد، حاسد کو مرنے سے پہلے مار دیتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 451 — طعن و تشنیع

- پاؤں کی لغزش کے بعد تو سنبھلا جا سکتا ہے لیکن زبان کی لغزش کے بعد سنبھلنا ناممکن ہے۔
- سخت کلام آگ کا شعلہ ہے جو ہمیشہ کیلئے داغ چھوڑ جاتا ہے۔
- پاؤں پھسل جائے تو زیادہ پریشانی نہیں ہوتی، زبان کو کبھی نہ پھسلنے دیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 452 — تکبر

- تکبر اور غرور نیکیوں کو برباد کر دیتا ہے۔ انسان کا فخر اس میں ہے کہ فخر نہ کرے اور باوجود بڑا ہونے کے اپنے آپ کو کمتر خیال کرے۔
- انسان پاگل نہ ہو تو غرور کے علاوہ اس کی ہر بیماری کا علاج ممکن ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔ سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 453 — غصہ

- بہتر وہ ہے کہ دیر میں خفا ہو اور جلد مان جائے۔ بدتر وہ ہے کہ جلد غصہ ہو اور دیر میں راضی ہو۔
- ایماندار غصہ بھی جلد ہوا کرتا ہے اور راضی بھی جلد ہوا کرتا ہے۔
- غصہ اتنا نہ کیا کرو کہ وہ تمہیں کھا جائے بلکہ اتنا کرو کہ تم اسے کھا جاؤ۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 454 — غصہ

- اگر کسی نے غصے کا گھونٹ محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے پیا اس نے اس سے بہتر اور اعلیٰ چیز کوئی نہیں پی۔
- جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ بدلہ نہیں لیتا۔
- قدرتِ انتقام رکھتے ہوئے غصے کو پی جانا افضل ترین جہاد ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 455 — غصہ

- جو انسان انتقام اور کینہ کی یاد دل میں تازہ رکھتا ہے وہ گویا اپنے زخموں کو ہرا رکھتا ہے جو بصورت دیگر آسانی سے بھر جاتے اور اس کے آرام کا باعث ہوتے۔
- متکبر کا ادنیٰ نشان یہ ہے کہ غصہ ضبط نہ کر سکے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 456 — غصہ

- جس کا غصہ زیادہ ہے اس کے دوست بھی کم ہوتے ہیں۔
- انکساری یہ ہے کہ انسان کو غصہ ہی نہ آئے۔
- کسی کے اخلاق پر اعتماد نہ کر لینا جب تک اسے غصے کی حالت میں نہ دیکھ لو۔
- خاموشی غصے کا بہترین علاج ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 457 تا 466

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 457 — ظلم

- یہ بات تحقیق ہے کہ ظالموں کو کبھی فلاح نصیب نہیں ہوتی۔ (القرآن)
- جس کسی نے ظالم کی مدد کی، اس نے گویا غضب الٰہی خود اپنے سر لے لیا۔
- مظلوم کی دعا سے ڈرو کیونکہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 458 — ظلم

- لوگ جب ظالم کو دیکھیں اور اسے ظلم کرنے سے باز نہ رکھ سکیں تو جلدی اللہ ان سب پر عذاب نازل کرے گا۔
- بہت بڑا جہاد یہ ہے کہ انصاف کی بات ظالم حاکم کے روبرو کہہ دی جائے۔
- ظالم کے مرنے سے ملول ہونا ظلم میں شامل ہونا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 459 — دوست

- دوستوں میں سب سے اچھا دوست اللہ کے نزدیک وہ ہے جس سے دوست کو فائدہ ہی فائدہ پہنچے۔
- آدمی اپنے دوست کا رنگ ڈھنگ اختیار کر لیتا ہے اس لئے تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ وہ دوست سوچ سمجھ کر بنائے۔
- جو عیب سے آگاہ کرے، وہ دوست ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 460 — دوست

- دوست کے ساتھ محبت، اعتدال کے ساتھ رکھو کیونکہ ممکن ہے کبھی تمہارا بگاڑ ہو جائے۔ اسی طرح دشمن کے ساتھ دشمنی حد سے زیادہ نہ کرو کیونکہ ممکن ہے کبھی تمہاری محبت ہو جائے۔
- اللہ کے نزدیک بہترین دوست وہ ہے جو اپنے دوست سے نیکی کرے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 461 — دوست

- جو اپنے دوست کو برے کاموں سے باز نہیں رکھتا وہ دوستی کے قابل نہیں۔
- اچھے دوست کو بار بار مناؤ چاہے وہ ہزار بار روٹھے۔
- ناقابل اعتماد دوست سے تنہائی بہتر ہے۔
- اچھا دوست پانے کی آرزو کرنے سے پہلے خود اچھا بنئے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 462 — دوست

- دوستی تم کو ہرگز اختیار نہیں دیتی کہ اپنے دلی دوستوں کو سخت باتیں کہہ لیا کرو۔ بلکہ جس قدر دوستی گہری ہو اسی قدر خلق ہونا چاہیے۔
- دوست کو اپنے حال سے اتنا ہی واقف کرو کہ اگر دشمن بھی ہو جائے تو نقصان نہ پہنچا سکے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 463 — علم

- علم وہ دولت ہے جو چوری نہیں ہو سکتی۔
- طلباء کیلئے اخلاقی تعلیم لازمی ہے۔
- علم ایسا پھول ہے جتنا زیادہ کھلتا ہے اتنی زیادہ خوشبو دیتا ہے۔
- اچھی کتاب زندگی کا بہترین سرمایہ ہے۔
- جس نے علم حاصل کیا اور عمل نہ کیا وہ اس آدمی کی مانند ہے جس نے حل چلایا اور بیج نہ بکھیرا۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 464 — محنت

- سب سے پاکیزہ روزی یہ ہے کہ تم اپنی محنت سے کما کر کھاؤ (الحدیث)
- اللہ تعالیٰ ہر پرندے کو خوراک دیتا ہے لیکن ان کے گھونسلے میں نہیں پھینکتا۔
- کچھ نہ کرنے کی نسبت کام کر کے ناکام رہنا بدرجہا بہتر ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔ سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 465 — محنت

- مانا کہ محنت سے بھی آدمی تھک جاتا ہے اور کاہلی سے بھی۔ مگر محنت کا نتیجہ صحت و دولت ہے اور کاہلی کا بیماری و افلاس۔
- بیکار لوگوں کے دلوں میں شیطان فوراً کارخانہ کھول دیتا ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔ سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — سبق 466 — محنت

- محنت ہمارے ہاتھ میں ہے اور نصیب اللہ کے ہاتھ میں۔ ہمیں اسی سے کام لینا چاہیے جو ہمارے ہاتھ میں ہے۔
- افسردگی روح کیلئے سب سے بڑی بیماری ہے۔ اگر انسان اس بیماری سے بچنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ کسی نہ کسی شغل میں لگا رہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 467 تا 476

اِصلاحِ معاشرہ — محنت — سبق 467

- دنیا جدوجہد کا وسیع میدان ہے۔ جس میں ترقی کے لا انتہا راستے ہر طرف کھلے ہیں۔ یہ تمہارے اختیار میں ہے کہ محنت اور کوشش سے ان راستوں کو طے کر کے منزل مقصود پر پہنچ جاؤ۔
- جو کام تم خود کر سکتے ہو اس کیلئے دوسروں سے درخواست مت کرو۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — کامیابی — سبق 468

- کامیابی انہی کو ملتی ہے جو مستقل مزاج ہوں۔
- تمہاری زندگی میں کوئی ایسا دن نہ گزرے جس میں تم اپنے آپ میں کوئی بہتری پیدا نہ کر سکو۔
- پہلی ناکامی سے گھبراؤ نہیں وہی تمہارے عروج کی پہلی سیڑھی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — گواہی — سبق 469

- جھوٹے گواہ کے پاؤں قیامت میں اپنی جگہ سے حرکت نہیں کر سکیں گے یہاں تک کہ اس پر جہنم واجب کر دی جائے گی۔
- جھوٹی قسم کھانے والا اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔
- گناہ کسی نہ کسی صورت سے دل کو بے قرار رکھتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اخوت — سبق 470

- ایماندار وہ شخص ہے جس سے لوگ اپنے مال اور جان کو محفوظ سمجھیں۔
- آپس میں تحفہ بھیجا کرو کہ تحفہ دل کی کدورت دور کر دیتا ہے۔
- بیگانوں سے نیکی کرنا عمر دراز اور رزق فراخ کرتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — حقوق العباد — سبق 471

- بیوہ اور مسکین کیلئے دوڑ دھوپ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے۔
- مخلوق سے ایسا معاملہ کرو جو ان سے اپنے حق میں پسند کرتے ہو۔
- جو چیز لوگوں کو جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور خوش خلقی ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عفو و رحم — سبق 472

- معاف کر دینا دشمن پر فتح حاصل کر لینا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی دوستی اس شخص کے دل میں نہیں ہوتی جس کو خلق پر شفقت نہیں۔
- وہ کیا ہی بدنصیب انسان ہے کہ جس کے دل میں اللہ تعالیٰ نے جانداروں پر رحم کرنے کی عادت پیدا نہیں کی۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اعلیٰ اخلاق — سبق 473

- قیامت کے دن مومن کے اعمال کے ترازو میں کوئی چیز خوش خلقی سے زیادہ وزنی نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ بدگو، بدزبان کو بہت برا سمجھتا ہے۔
- خوش خلقی ایک ایسا پھول ہے جس کی خوشبو سے لوگ کھنچے چلے آتے ہیں۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — اعلیٰ اخلاق — سبق 474

- اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ دوست ہے جس کا اخلاق اچھا ہے۔
- خوش کلامی ایسا پھول ہے جو کبھی مرجھاتا نہیں۔
- حسن اخلاق سے زندگی راحت اور آرام سے بسر ہوتی ہے۔ اس کو مقدم رکھنا چاہیے۔
- معاف کر دینا اچھا انتقام ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — عقل مندی — سبق 475

- اللہ تعالیٰ سے خائف رہنے والے کو عقل کامل عطا ہو جاتی ہے۔
- سب سے زیادہ عقلمند وہ ہے جو جاہلوں سے دور رہے۔
- برداشت عقلمند کا وہ صبر ہے جس کا مظاہرہ وہ جاہل کی باتیں سننے کے وقت کرتا ہے۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محنت — سبق 476

- محنت وہ سنہری سکہ ہے جس کے ذریعے سے ہمیں ہر شے جو ہمارے لئے ضروری ہے حاصل ہو سکتی ہے۔
- کسی کام کو جو آج ہو سکتا ہے کبھی دوسرے دن پر مت ڈالو بلکہ آج کرنے کی بجائے ابھی کر ڈالو۔

محنت اور ایمانداری ۔ سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 477 تا 486

اِصلاحِ معاشرہ — راہِ ہدایت — سبق 477

- جو شخص راہِ ہدایت پر چلے گا اس کیلئے نہ دنیا میں کوئی ڈر ہے اور نہ وہ آخرت میں ہی غمگین ہوگا۔ (القرآن)
- خود بھی نیکی کرو اور مخلوق کو بھی نیکی کرنا سیکھاؤ۔ بدی سے باز رہو اور مخلوق کو بھی اس سے بچاؤ۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — دھوکہ دہی — سبق 478

- آزادی اس کا نام نہیں کہ اخلاق یا مذہب کی پابندی نہ کی جائے۔
- تم ایک شخص کو ہمیشہ دھوکے میں رکھ سکتے ہو تم بہت سے آدمیوں کو کچھ عرصہ کیلئے دھوکے میں رکھ سکتے ہو لیکن تمام آدمیوں کو ہمیشہ کیلئے دھوکے میں نہیں رکھا جا سکتا۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — حسن اخلاق — سبق 479

- نیک انسان کو زندگی میں یا موت کے بعد کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔
- دولت کا بھوکا حقیقی راحت نہیں پاتا۔
- لمبی زبان زندگی کو چھوٹا بنا دیتی ہے۔
- ذرا سا حسن اخلاق پہاڑ جتنے غصے اور رنجش پر حاوی ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — میاں بیوی کے حقوق — سبق 480

- اگر میں حکم دیتا کہ کوئی کسی کو سجدہ کرے تو بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ (الحدیث)
- اگر کوئی عورت مر جائے اس حال میں کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو، وہ جنت میں داخل ہو گی۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — میاں بیوی کے حقوق — سبق 481

- ایماندار آدمی اپنی بیوی سے ناراض نہ رہا کرے کیونکہ اس کی کوئی عادت اسے ناپسند ہو تو کوئی قابل پسند بھی ہو گی۔
- کیا میں تمہیں ایسے خزانے سے مطلع نہ کروں جو سب سے اچھا ہے؟ سن لو کہ وہ نیک عورت ہے۔ (الحدیث)

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — میاں بیوی کے حقوق — سبق 482

رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ بہترین عورت کونسی ہے؟ فرمایا، وہ جس کا شوہر دیکھے تو خوش ہو جائے اور جب وہ حکم دے تو بجا لائے اور خود اس کی اپنی ذات اور اپنے مال کے بارے میں بھی شوہر جس بات کو ناپسند کرے اس کی مخالفت نہ کرے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — میاں بیوی کے حقوق — سبق 483

- دنیا سامان زیست ہے اور اس کی بہترین متاع صالح عورت ہے (الحدیث)
- ایمان کے بعد سب سے اچھی چیز نیک، خلیق، محبت کرنے والی اور صاحب اولاد عورت ہے۔
- کفر کے بعد سب سے بری چیز بدخلق اور زبان دراز بیوی ہے۔

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خرید و فروخت — سبق 484

- اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرماتا ہے جو خریدنے، بیچنے اور تقاضا کرنے میں نرمی اختیار کرتا ہے۔ (الحدیث)
- قسم اٹھانے سے مال تجارت کی نکاسی تو ہو جاتی ہے مگر برکت سلب ہو جاتی ہے۔
- امانتدار تاجر قیامت کے دن انبیاء صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہو گا۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خرید و فروخت — سبق 485

- اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جھوٹی قسمیں کھا کر مال بیچنے والے تاجروں کی بات نہیں سنے گا نہ ان کی طرف رحمت کی نظر فرمائے گا اور نہ ان کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔ (الحدیث)
- جو شخص گراں فروشی کیلئے غلہ روک لے وہ گنہگار رہے۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — خرید و فروخت — سبق 486

- جو شخص عیب دار چیز فروخت کرے گا اور خریدار کو اس کے نقص سے آگاہ نہ کرے گا وہ ہمیشہ غضبِ الٰہی میں رہے گا اور فرشتے اس پر ہمیشہ لعنت بھیجتے رہیں گے۔ (الحدیث)
- گرانی کے انتظار میں غلہ روکنے والا ملعون ہے۔ (الحدیث)

عارف الرحمٰن — پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 487 تا 496

اِصلاحِ معاشرہ — محنت کش — سبق 487

■ غریب آدمی امیر کا اتنا محتاج نہیں جتنا کہ امیر آدمی غریب کا کیونکہ امیر کا کوئی کام غریب کے بغیر چل ہی نہیں سکتا۔

■ جو شخص خوامخواہ اپنے آپ کو محتاج بناتا ہے وہ محتاج ہی رہتا ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — محتاجی — سبق 488

■ جو شخص مانگنے کی عادت ڈالتا ہے اللہ اس پر محتاجی کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

■ حقیر سے حقیر پیشہ اختیار کرنا ہاتھ پھیلانے سے بدرجہا بہتر ہے۔

■ اگر تم وقت کی قدر نہیں کرو گے تو وقت بھی تمہاری قدر نہیں کرے گا۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ناانصافی — سبق 489

■ جو قوم ناحق فیصلے کرنے لگے اس میں خون خرابہ (دہشتگردی) کا دور دورہ ہوتا ہے۔

■ چھوٹے چور تو ہتھکڑیوں اور بیڑیوں میں جکڑے ہوئے قید خانوں میں پڑے سڑ رہے ہیں مگر بڑے ڈاکو سونے چاندی اور ہیرے جواہرات سے مرصع ہو کر کھلے بندوں اکڑ اکڑ کر گھومتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — ادب ۔لحاظ — سبق 490

■ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ادب کا دعویٰ غلط ہے جب تک تو مخلوق کے ادب کا خیال نہ رکھے۔

■ جو سلوک ہم اپنی ذات کیلئے اچھا خیال کرتے ہیں وہی دوسروں کے ساتھ روا رکھیں۔

■ بڑا انسان وہ ہے جس نے انسانوں کی سب سے زیادہ خدمت کی۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — انجام — سبق 491

■ انجام کی خرابی ابتداء کی برائی سے ہوتی ہے لہذا ضروری ہے کہ ابتداء کو ہی اچھا بناؤ۔

■ جو قوم ماپ تول میں کمی کرنے لگتی ہے اس پر گرانی (کمر توڑ مہنگائی) کا عذاب نازل ہوتا ہے۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — وہ لوگ — سبق 492

■ وہ لوگ کتنے کم ظرف ہوتے ہیں جو دوسروں کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے اچھے ہوتے ہیں جو بے غرض دوسروں کے کام آتے ہیں اور سچی محبت کرتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے سنگدل ہوتے ہیں جو دوسروں کا سکون لوٹ کر خوش ہوتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — وہ لوگ — سبق 493

■ وہ لوگ کتنے بدقسمت ہوتے ہیں جو سچائی اور خلوص کی قدر نہیں کرتے۔

■ وہ لوگ کتنے بہترین انسان ہیں جو دوسروں کے دلوں میں اتر کر ان کے دکھ کا اندازہ کرتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے پیارے ہوتے ہیں جو بغیر لالچ کے سب کے کام آتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — وہ لوگ — سبق 494

■ وہ لوگ کتنے عظیم ہیں جو دوسروں کی غلطیوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے کھوکھلے ہوتے ہیں جن کے قول و فعل میں تضاد ہوتا ہے۔

■ وہ لوگ کتنے عظیم ہوتے ہیں جو دوسروں کی خوشیوں پر اپنی خوشیاں قربان کر دیتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ — وہ لوگ — سبق 495

■ وہ لوگ کتنے چھوٹے ہوتے ہیں جو دوسروں پر اپنی تسکین کی خاطر کیچڑ اچھالتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے خوش قسمت ہوتے ہیں جو اللہ کی خوشنودی کیلئے اس کے بندوں سے محبت کرتے ہیں۔

■ وہ لوگ کتنے بہترین ہیں جو خود احسان کر کے بھول جاتے ہیں لیکن کسی کا احسان یاد رکھتے ہیں۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور

اِصلاحِ معاشرہ — مقصدِ حیات — سبق 496

■ جو شخص اپنی زندگی کو باقاعدگی اور عمدگی سے بسر کرتا ہے وہ پھلدار درخت کی مانند ہو جاتا ہے ورنہ خاردار جھاڑی ہے جس سے ہر ایک بچتا اور نفرت کرتا ہے۔

■ جب لوگوں کو اچھا کام کرتا دیکھو تو ان کے ساتھ شریک ہو جاؤ۔

عارف الرحمٰن ــ پوسٹ بکس نمبر 6216 لاہور
Web: www.oathofhonesty.com

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 497 تا 506

اِصلاحِ معاشرہ — خود غرضی — سبق 497

■ اپنی خوشی کو دوسروں کی خوشی پر مقدم سمجھنا اور دوسروں کے جذبات سے بالکل بے پرواہ ہو جانا صریحاً خود غرضی ہے۔
■ وہ خوشی، خوشی نہیں ہوتی جو دوسروں کو دکھ دے کر حاصل کی جائے۔
■ کسی سے ایسی فرمائش نہ کرو جو وہ پوری نہ کر سکے۔

اِصلاحِ معاشرہ — رواداری — سبق 498

■ راہِ شرافت کی دشواریوں میں یہ بھی ہے کہ آپ اپنے حقوق کے استعمال میں نرمی اور رواداری کا دامن نہیں چھوڑ سکتے۔
■ کسی کے ساتھ بھول کر بھی وہ سلوک مت کرو جو کہ کوئی تم سے کرتا تو تمہیں اچھا نہ لگتا۔

اِصلاحِ معاشرہ — صورت۔ سیرت — سبق 499

■ صورت بغیر سیرت کے ایسا پھول ہے جس میں کانٹے زیادہ ہوں اور خوشبو بالکل نہ ہو۔
■ ہر روز اپنا منہ آئینے میں دیکھا کرو۔ اگر بری صورت ہے تو برا کام نہ کرو تا کہ دو برائیاں جمع نہ ہوں۔ اگر اچھی صورت ہے تو اس کو برا کام کر کے خراب نہ کرو۔

اِصلاحِ معاشرہ — نیک چلن — سبق 500

■ نیک چلنی انسان کے واسطے عمدہ ملکیت ہے۔ جس شخص کے پاس یہ عمدہ جائیداد ہو اس کا سب لوگ ادب کرتے ہیں اور اس سے راضی رہتے ہیں۔
■ نیک آدمی برے افعال کا مرتکب ہو کر کبھی اپنی نظروں میں ذلیل ہونا گوارا نہیں کرتا۔

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی۔ بدی — سبق 501

■ اگر کوئی شخص نیک کام کرے تو صرف گھر والوں کو معلوم ہوتا ہے مگر برے کام دور دراز تک پہنچ جاتے ہیں۔
■ بعض لوگ اچھا بننے کیلئے اتنی بھی کوشش نہیں کرتے جتنی کہ اچھا نظر آنے کیلئے کرتے ہیں۔
■ نیکی سے عمر بڑھتی ہے۔

اِصلاحِ معاشرہ — تعلیم و تربیت — سبق 502

■ تین کام افضل ترین ہیں، فاسق و فاجر کو راہِ راست پر لانا، تعلیم و تربیت سے جاہل کو عالم بنانا اور دشمن کو دوست بنانا۔
■ کتابیں جوانی میں رہنما، بڑھاپے میں تفریح اور تنہائی میں رفیق ثابت ہوتی ہیں۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

اِصلاحِ معاشرہ — بد دیانت — سبق 503

■ جو قوم خائن (بد دیانت) ہو جاتی ہے اس میں بزدلی جڑ پکڑ لیتی ہے۔
■ معافی بدمعاش کو زیادہ بدمعاش اور شریف کو زیادہ شریف بھی بنا دیتی ہے۔
■ انسان اپنے برے فعل کرنے کا ایک نہ ایک بہانہ ڈھونڈ لیتا ہے۔

نیکی پھیلاؤ۔ بدی مٹاؤ۔ پاکیزہ زندگی بسر کرو

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 504

■ نیک کاموں میں کسی کے پیچھے ہونا اس سے بہتر ہے کہ برے کاموں میں اوروں کا پیشوا ہو۔
■ جب تمہیں وراثت میں مفلسی و تنگدستی ملیں تو نیکی اور شرافت کو اپنا سرمایہ بنا لو۔

محنت اور ایمانداری ۔سب کی ذمہ داری

اِصلاحِ معاشرہ — نیکی۔ بدی — سبق 505

■ کسی نیکی کو معمولی خیال کر کے ترک مت کرو ممکن ہے وہی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث بن جائے۔
■ وہ بدطینت ہیں جو لوگوں کی برائیوں کو نمایاں کریں اور اچھائیوں کو چھپائیں۔
■ اس شخص سے بچو جو اپنی برائیاں لوگوں میں بڑے فخر کے ساتھ بیان کرتا ہے۔

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 506

■ سب سے زیادہ عبادت گزار وہ ہے جو اپنے فرائض بجا لاتا ہے۔
■ کسی کا دل نہ دکھاؤ ہو سکتا ہے اس کے آنسو تمہارے لئے سزا بن جائیں۔
■ خبردار! شریر کی صحبت میں نہ رہنا کیونکہ وہ دیکھنے میں اچھا معلوم ہوتا ہے لیکن اس کا اثر بہت برا ہوتا ہے۔

اِصلاحِ معاشرہ

سبق نمبر 507 تا 511

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 507

- زبان کو قابو میں رکھو کیونکہ بے احتیاطی سے نکل جانے والی بات واپس نہیں آتی۔
- اعتماد وہ نازک شیشہ ہے جو ایک بار ٹوٹ جائے تو پھر جڑ نہیں سکتا۔
- ہر شے کا حسن ہوتا ہے۔ نیکی کا حسن یہ ہے کہ فوراً کر لی جائے۔
- خاموشی ہر عیب کو چھپائے رکھتی ہے۔

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 508

- جس گھر میں تعلیم یافتہ اور نیک ماں ہوتی ہے وہ گھر تہذیب اور انسانیت کی یونیورسٹی ہے۔
- انسان خود عظیم نہیں ہوتا بلکہ اس کا کردار اسے عظیم بناتا ہے۔
- ایسے فائدے سے باز رہو جو دوسروں کیلئے نقصان کا باعث ہو۔

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 509

- جب تک آدمی بات نہ کرے، اس کی خوبیاں اور خامیاں چھپی رہتی ہیں۔
- دیکھے بغیر کوئی چیز منہ میں نہ ڈالو اور پڑھے بغیر کسی کاغذ پر دستخط نہ کرو۔
- دولت کی مستی سے پناہ مانگو اس سے بہت دیر میں ہوش آتا ہے۔
- دنیا کی سب سے بڑی غریبی بے عقلی ہے۔

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 510

- اگر تم کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو غم بھی نہ دو۔
- غریبوں کو قانون پیستا ہے اور امیر قانون کو پیستے ہیں
- برے بہانوں کی نسبت بہانے نہ کرنا ہی اچھا ہے۔
- کسی کی صورت پر مت جاؤ بلکہ سیرت دیکھو۔

اِصلاحِ معاشرہ — اخلاق و کردار — سبق 511

- جو انسان اپنے فرض کا دوست نہیں وہ کسی کا دوست نہیں۔
- پہاڑ سے گر کر اٹھنا آسان ہے مگر کسی کی نظر سے گر کر اٹھنا مشکل ہے۔
- برے کام پر شرمندہ نہ ہونا دوسری برائی ہے۔
- کوشش نہ کرنے سے کوشش کر کے ناکام ہو جانا بہتر ہے۔